★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 6 صفر المظفر 1447ھ، یکم اگست 2025ء، 17 ساون 2082پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 251

پاکستان اور امریکہ کے درمیان تجارتی معاہدہ طے

صدر ٹرمپ سے وزیراعظم کا اظہار تشکر

معاہدے میں صدر ٹرمپ نے قائدانہ کردار ادا کیا، یہ تاریخی معاہدہ بڑھتے ہوئے تعاون کو مزید فروغ دے گا‘‘ وزیراعظم میاں شہباز شریف کا ایکس پر پیغام

اسلام آباد (خبر نگار) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ تاریخی تجارتی معاہدہ کامیابی سے طے پا گیا ہے جس کے لیے انتہائی گہرائی سے صدر ٹرمپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ ایکس پر انہوں نے لکھا کہ معاہدے میں صدر ٹرمپ نے قائدانہ کردار ادا کیا، یہ تاریخی معاہدہ ہمارے بڑھتے ہوئے تعاون کو مزید فروغ دے گا۔ وزیراعظم نے یہ بھی لکھا کہ اس معاہدے سے آنے والے دنوں میں ہماری دیرپا شراکت داری کی حدود کو مزید وسعت (بقیہ نمبر 4)

غزہ: جاری اسرائیلی حملوں کے درمیان فلسطینی نیٹزارم کوریڈور میں انسانی امداد کی تقسیم کے مقامات کی طرف بڑھ رہے ہیں

شہباز شریف کی دعوت، ایرانی صدر مسعود پزشکیان اتوار کو پاکستان آئیں گے

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان 2 اگست کو دو روزہ سرکاری دورے پر پاکستان آئیں گے۔ ایرانی صدر کے سیاسی مشیر مہدی سنائی نے کہا ہے کہ ایرانی صدر وزیراعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر، چیئرمین سینٹ (بقیہ نمبر 3)

فارسٹ گارڈز ماحولیاتی ہیرو ہیں، جنگلات کا تحفظ قومی مفاد کا معاملہ ہے: مریم نواز

پنجاب حکومت جنگلات کے تحفظ کیلئے رینجرز کی کارکردگی بہتر بنانے کیلئے پرعزم ہے: وزیراعلیٰ کا پیغام

فارسٹ رینجرز کے عالمی دن پر وزیراعلیٰ پنجاب کا پیغام، قدرتی وسائل کے تحفظ میں خدمات کو سراہا

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نوازشریف نے کہا ہے کہ فارسٹ گارڈز ہمارے ماحولیاتی ہیرو ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ فارسٹ رینجرز کے عالمی دن کے موقع پر یہ دن منا (بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق ملاقات کر رہے ہیں

جنوبی ایشیا کی پہلی اے آر ٹی بس لاہور پہنچ گئی، کینال روڈ پر ٹیسٹ رن ہوگا

اے آر ٹی جدید، ماحول دوست اور مؤثر پبلک ٹرانسپورٹ سہولت ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز شریف

چین میں پنجاب کے لیے 1100 الیکٹرک بسیں تیار، 22 اگست کو 240 بسوں کا پہلا بیڑا پہنچے گا

لاہور (زیڈ این این) جنوبی ایشیا میں پبلک ٹرانسپورٹ نظام کا حصہ بنائی جانے والی پہلی ’’آٹو میٹڈ ریپڈ ٹرانزٹ‘‘ (ART) بس لاہور پہنچ گئی ہے۔ یہ جدید بس ’’ٹریک لیس سسٹم‘‘ پر مبنی ہے اور ربڑ کے ٹائروں پر چلتی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر ART بس (بقیہ نمبر 2)

9 مئی کیسز شبلی فراز، حامد رضا، زرتاج گل، عمر ایوب کو 10 سال قید

پی ٹی آئی رہنماؤں عمر ایوب، صاحبزادہ حامد رضا، شبلی فراز، زرتاج گل سمیت 100 سے زائد رہنماؤں اور کارکنوں کو قید کی سزائیں سنا دیں جبکہ فواد چودھری، زین قریشی اور خیال کاسترو کو بری کر دیا گیا

انسداد دہشت گردی عدالت نے حساس ادارے کے دفتر پر حملہ کے الزام میں تھانہ سول لائن میں درج مقدمہ نمبر 832 میں 185 ملزمان میں سے 108 ملزمان کو مجرم قرار دیتے ہوئے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) فیصل آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے سانحہ 9 مئی کے دو مقدمات میں فیصلہ سناتے ہوئے پی ٹی آئی رہنماؤں عمر ایوب، صاحبزادہ حامد رضا، شبلی فراز، زرتاج گل سمیت 100 سے زائد رہنماؤں اور کارکنوں کو قید کی سزائیں سنا دیں جبکہ فواد چودھری، زین قریشی اور خیال کاسترو کو بری کر دیا گیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت نے حساس ادارے کے دفتر پر حملہ کے الزام میں تھانہ سول لائن میں درج مقدمہ نمبر 832 میں (بقیہ نمبر 1)

وفاقی کابینہ میں وزیر توانائی اویس لغاری نمبر لے گئے، وزیراعظم کا بہترین کارکردگی پر خط

وزیراعظم نے خط میں ذکر کیا کہ 8 روپے 35 پیسے فی یونٹ کمی سے بجلی صارفین کو تاریخی ریلیف ملا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کی کابینہ میں شامل وفاقی وزراء میں کارکردگی کے اعتبار سے وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری نمبر لے گئے، وزیراعظم نے اویس لغاری کو بہترین کارکردگی پر شاباش دی ہے اور ان کے لیے خصوصی تہنیتی خط بھی تحریر کیا ہے۔ وزیرا (بقیہ نمبر 13)

واشنگٹن ڈی سی: وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے امریکی سیکریٹری کامرس ہاورڈ لٹنک سے ملاقات

غزہ کے پناہ گزین کیمپوں، خیموں پر اسرائیلی فوج کی وحشیانہ بمباری، مزید 52 فلسطینی شہید

شمالی غزہ میں فلسطینی مزاحمت کاروں نے کارروائی کرتے ہوئے 5 اسرائیلی فوجیوں کو ہلاک کر دیا

غزہ (این این آئی) غزہ کے پناہ گزین کیمپوں اور خیموں پر اسرائیلی فوج کی وحشیانہ بمباری سے مزید درجنوں فلسطینی شہید ہو گئے۔ اسرائیلی فوج نے معصوم فلسطینیوں پر اپنی وحشیانہ بمباری (بقیہ نمبر 10)

26 نومبر احتجاج، عارف علوی، گنڈاپور سمیت 50 رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری جاری

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے سابق صدر عارف علوی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور سمیت (بقیہ نمبر 11)

ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ لانچ، احسن اقبال کی قوم کو مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے ریموٹ (بقیہ نمبر 12)

GOVERNMENT OF
PAKISTAN

اسلام آباد: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پاکستان نے ایک اور ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ لانچ کر دیا

یہ سیٹلائٹ زمین کے مشاہدے، زرعی نگرانی اور ماحولیاتی تجزیے کے شعبوں میں انقلاب برپا کرے گا۔

اسلام آباد، بیجنگ (خبر نگار) پاکستان کا ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ لانچ کر دیا گیا۔ پاکستان اسپیس اینڈ اپر ایٹموسفیئر ریسرچ کمیشن (سپارکو) کے مطابق سیٹلائٹ چین کے شی چانگ سینٹر سے راکٹ کے ذریعے روانہ کیا گیا ہے۔ ترجمان سپارکو کے مطابق یہ سیٹلائٹ زمین کے مشاہدے، زرعی نگرانی اور ماحولیاتی تجزیے کے شعبوں میں انقلاب برپا کرے گا۔ سیٹلائٹ سی پیک، علاقائی منصوبہ بندی اور قدرتی وسائل کے انتظام کے منصوبوں (بقیہ نمبر 5)

خیبر پختونخوا سینیٹ ضمنی انتخاب، وزیراعلیٰ اور اپوزیشن کے درمیان ملاقات بے نتیجہ ختم

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا میں سینیٹ کے ضمنی انتخاب کے حوالے سے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور اور اپوزیشن کے درمیان ملاقا (بقیہ نمبر 6)

امریکا سے ٹریڈ ڈیل ہماری معیشت کیلئے خوش آئند پیشرفت ہے، بلال اظہر کیانی

ڈیل کے نتیجے میں پاکستان سے امریکا جانے والی اشیاء کے ٹیرف میں کمی ہوگی، اس ٹیرف میں کمی سے بہت بڑا اثر آئے گا‘ گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ امریکا سے ٹریڈ ڈیل ہماری معیشت کے لیے بڑی خوش آئند پیشرفت ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہو (بقیہ نمبر 8)

مظفرآباد، جنگلی کہو پر اعلیٰ اقسام کے زیتون کی پیوندکاری کے سلسلہ میں تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

مظفرآباد (این این آئی) ناظم اعلیٰ زراعت ڈاکٹر راجہ اعجاز کی خصوصی ہدایت پر دفترنا (بقیہ نمبر 14)

صوبائی محتسب کا سی ای او کے الیکٹرک مونس علوی کو ہٹانے کا حکم

کراچی (این این آئی) صوبائی محتسب نے کے الیکٹرک کے چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) مونس علوی پر بھاری جرمانہ عائد کرتے (بقیہ نمبر 15)

مودی پر جنگی جنون سوار، بھارتی اقدامات خطے کا امن تباہ کر سکتے ہیں

وزیر اطلاعات

پاکستان تاحال دہشتگردی کا شکار ہے، وہ کیسے کسی اور ملک میں دہشتگردی کر سکتا ہے، مودی پر جنگی جنون سوار، بھارتی اقدامات خطے کا امن تباہ کر سکتے ہیں، پالیسی ڈائیلاگ تقریب سے خطاب

حالیہ دور میں بھارت نے اپنی مس کیلکولیشن کے باعث، عسکری، سیاسی اور سفارتی محاذوں پر نقصان اٹھایا۔ ڈونلڈ ٹرمپ وہ امریکی صدر ہیں جو امریکی ملٹری اسٹیبلشمنٹ کی نمائندگی نہیں کرتے۔ مشاہد حسین سید

اسلام آباد (خبر نگار) وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ مودی پر جنگی جنون سوار ہے، بھارتی اقدامات خطے کا امن تباہ کر سکتے ہیں۔ جنوبی ایشیا میں قیام امن کے موضوع پر منعقدہ پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ خطے میں ہونے والی دہشت گردی میں بھارت ملوث تھا۔ پہلگام واقعے میں ہمارا موقف یہی تھا کہ پاکستان خود دہشتگردی کا شکار رہا ہے، کوئی ایسا ملک بتائیں جس نے دہشتگردی کیخلاف جنگ میں 90 ہزار جانیں گنوائی ہوں، انہوں نے کہا کہ پاکستان قربانیاں دے کر دنیا کو دہشتگردی سے بچا رہا ہے۔ پاکستان پر پہلگام واقعے میں ملوث (بقیہ نمبر 16)

جنیوا: اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر غالب سے پارلیمنٹ کے اسپیکرز کی چھٹی عالمی کانفرنس کے موقع پر ملاقات کر رہے ہیں

بھارت نے کشمیر میں اظہار رائے کی آزادی کا حق مکمل طور پر سلب کر رکھا ہے، مقررین

یورپ، جنوبی افریقہ اور پاکستان سمیت مختلف ممالک کے مقررین نے کشمیر پر عالمی اقدام کے لیے ٹھوس تجاویز پیش کیں

ماسکو (این این آئی) تحریک کشمیر روس کے زیر اہتمام ماسکو میں ’’دنیا کشمیر کی حمایت کن کن ذرائع سے کر سکتی ہے‘‘ کے عنوان سے ایک آن لائن کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ کانفرنس کی نظامت (بقیہ نمبر 17)

محکمہ جنگلات یوٹی فارسٹ ڈویژن مظفرآباد کے زیر اہتمام 74 ہزار مکعب فٹ لکڑی نیلام

مظفرآباد (این این آئی) محکمہ جنگلات کی شاندار میزبانی میں تاریخ ساز نیلامی، محکمہ جنگلات یوٹی فاریسٹ ڈویژن مظفرآباد کے زیر اہتمام ہونے والی 74 ہزار مکعب فٹ لکڑی کو نیلام (بقیہ نمبر 18)

مودی سرکار نے بھارتی فوج کو سیاسی مقاصد کے لیے

ایسے اقدامات سے مودی حکومت خطے کو جنگ کی طرف دھکیل رہی ہے: بھارتی ناقدین

بھارتی فوج کو اشتہاری مہم کا حصہ بنا کر بی جے پی نے قومی اداروں کو سیاسی ہتھیار میں بدل دیا ہے، بھارتی ناقدین

نئی دہلی (این این آئی) بھارت نے قومی اداروں کو سیاسی مقاصد کیلئے استعمال کرنا شروع کر دیا جس پر بی جے پی کی ہندو انتہا پسند (بقیہ نمبر 19)

طلال چوہدری کا شیعہ علماء کونسل اور ایم ڈبلیو ایم سے ملاقات کا فیصلہ

ایم ڈبلیو ایم اور شیعہ علماء کونسل نے اربعین پر زائرین کے زمینی سفر میں پابندی کے خلاف ملک گیر احتجاج کا اعلان کر رکھا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے شیعہ علماء کونسل اور ایم ڈبلیو ایم سے ملاقات کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہد (بقیہ نمبر 21)

بانی صدر آزاد جموں و کشمیر سردار ابراہیم خان کی 22 ویں برسی عقیدت و احترام کیساتھ منائی گئی

نیلم (این این آئی) غازی ملت، آزاد جموں و کشمیر کے بانی صدر سردار ابراہیم خان کی 22 ویں برسی انتہائی عقیدت و احترام کیساتھ (بقیہ نمبر 20)

کوئٹہ: سینیٹر انوشہ رحمان اور سینیٹر سلیم مانڈوی والا پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پنجاب بھر میں 963 واٹر فلٹریشن پلانٹس لگانے کا فیصلہ، شمسی توانائی پر منتقل

تمام پلانٹس جدید سکیورٹی اور مانیٹرنگ سسٹم سے لیس ہوں گے، معیار کے مطابق مقام کا انتخاب کیا جائے گا

سکولوں، مدارس، اسپتالوں اور تھانوں میں سٹیٹ آف دی آرٹ فلٹریشن پلانٹس نصب ہوں گے: بلال یاسین

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبے بھر میں سٹیٹ آف دی آرٹ واٹر فلٹریشن پلانٹس نصب کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ حکومت کی جانب سے پہلے مرحلے میں 963 واٹر فلٹریشن پلانٹس لگائے جائیں گے، جو اسکولوں، مدارس، بنیادی مراکز صحت، بس اڈوں اور تھانوں (بقیہ نمبر 20)

پنجاب حکومت کا اشیائے ضرورت کی قیمتوں پر قابو پانے کیلئے نئی وزارت کے قیام کا فیصلہ

نئی پرائس کنٹرول کونسل تشکیل، صدارت وزیر برائے پرائس کنٹرول یا وزیراعلیٰ کے نامزد کردہ کسی عوامی نمائندے کے سپرد ہوگی‘ کونسل میں ماہرین اور سٹیک ہولڈرز کی مساوی نمائندگی دی جائے گی

دی پنجاب پرائس کنٹرول آف اسینشیل کموڈیٹیز (ترمیمی) بل 2025 پنجاب اسمبلی سے کثرت رائے سے منظور، یہ بل گزشتہ روز پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں پیش کیا گیا ہے

لاہور (زیڈ این این، پی ایم این، خبر نگار) حکومت پنجاب نے صوبے میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں پر مؤثر کنٹرول کے لیے نئی وزارت قائم کرنے کا فیصلہ کر لیا اس سلسلے میں دی پنجاب پرائس کنٹرول آف اسینشیل کموڈیٹیز (ترمیمی) بل 2025 کو پنجاب اسمبلی نے کثرت رائے سے منظور کر لیا۔ یہ بل گزشتہ روز پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں پیش کیا گیا تھا جس کا مقصد 2024 کے ایکٹ میں اہم (بقیہ نمبر 24)

کم عمری اور جبری شادی کی قانون سازی پر سب سے زیادہ عملدرآمد سندھ میں کیا جا رہا ہے: ناصر شاہ

چیئرمین بلاول بھٹو کے وژن و ہدایت پر صوبہ سندھ میں یہ قانون سختی سے نافذ ہے، وزیر توانائی سندھ کا تقریب سے خطاب

ہماری خواہش ہے کہ سکھر میں بھی یہ پروگرام شروع کیا جانا چاہئے۔ خیرپور اور جیکب آباد کے پسماندہ علاقوں میں یہ پروگرام بہت اچھے انداز میں جاری ہے

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر توانائی، ترقیات و منصوبہ بندی سندھ سید ناصر حسین شاہ نے کہا ہے کہ کم عمری اور جبری شادی کے حوالے سے بنائے گئے قانون سازی پر سب سے زیادہ عملدرآمد ہمارے صوبے میں کیا جا رہا ہے اور چیئرمین بلاول بھٹو کی ہدایت پر دیگر صوبوں کے (بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد: ایس اے پی ایم ہارون اختر خان انجینئرنگ ڈویلپمنٹ بورڈ کے اپنے دورے کے دوران ادارہ جاتی اصلاحات میں ڈیجیٹل تبدیلی اور شفافیت پر زور دیتے ہوئے

حماد اظہر کا حفاظتی ضمانت کیلئے پشاور ہائیکورٹ سے رجوع کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما حماد اظہر نے پچاس سے زائد مقدمات میں حفاظتی ضمانت کے لیے پشاور ہائیکورٹ سے ر (بقیہ نمبر 26)

ہمارے پیروں تلے سونا، مگر گھروں میں بھوک ہے، ہمیں تعلیم دو، ہدایت بلوچ

بلوچستان میں وسائل ہیں مگر عوام محروم، سکیورٹی پر اربوں خرچ ہو کر بھی تحفظ حاصل نہیں، وکلا سے خطاب

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ میں ’’بلوچستان کو حق دو‘‘ کے عنوان سے ایک اہم تقریب منعقد ہوئی، جس میں جماعت اسلامی بلوچستان کے رہنما ہدایت الرحمٰن بلوچ نے وکلاء سے خطاب کرتے ہوئے بلوچستان کے مسائل، محرومیوں اور ریاستی رویوں پر تفصیلی گفتگو کی۔ ہدایت (بقیہ نمبر 25)

سردار تنویر الیاس خان سے شگفتہ نورین کاظمی اور سردار مبارک حیدر کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان سے نائب صدر وممبر آرگنائزنگ کمیٹی پاکستان پیپلز پار (بقیہ نمبر 27)

تحریک آزادی کشمیر کے عظیم رہنما سردار ابراہیم خان کی برسی منائی گئی

مظفرآباد (این این آئی) تحریک آزادی کشمیر کے عظیم رہنما غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی برسی جمعرات کو عقیدت و احترام کے ساتھ منائی گئی۔ سردار محمد ابراہیم خان آزاد کشمیر کے (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: صدر اعصام الحق قریشی سپورٹس جرنلسٹس ایسوسی ایشن (RISJA) کے زیر اہتمام "میٹ دی پریس" سیشن کے دوران میڈیا سے خطاب کر رہے ہیں

دفتر محتسب پنجاب کا لاہور چیمبر میں شکایات آگاہی سیمینار، 98 فیصد شکایات کا ازالہ

عارف انور بلوچ کی شکایات کے نظام پر پریزنٹیشن، 10 منٹ میں درخواست کا آسان طریقہ بتایا گیا

ہیلپ لائن، موبائل ایپ اور ویب سائٹ کے ذریعے شکایات کی سہولت، متعارف کرانے کا اعلان

لاہور (زیڈ این این) دفتر محتسب پنجاب کے زیر اہتمام لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں ایک اہم ’’سنوائی/آؤٹ ریچ سیمینار‘‘ منعقد کیا گیا جس کا مقصد عوام اور کاروباری برادری کو ادارے کے دائرہ کار، شکایات درج کرنے کے طریقہ کار اور دستیاب سہولیات سے آگاہی فراہم کرنا تھا۔ (بقیہ نمبر 31)

سٹار پرائیویٹ کالج گوجرہ مظفرآباد میں کراٹے کی تقریب، طلبہ میں تائیکوانڈو یلو بیلٹ اور اسناد تقسیم کی گئیں

مظفرآباد (این این آئی) سٹار پرائیویٹ کالج گوجرہ مظفرآباد میں کراٹے کی تقریب میں چیف گیسٹ، تیمور ممتاز میر نہیں شرکت کی جب کہ طلبہ اور طالبات کے والدین نے بھی شرکت (بقیہ نمبر 30)

ڈی جی والڈ سٹی لاہور کی سیٹ کیلئے ہائی پروفائل مقابلہ

ریٹائرڈ فوجی افسران، بیوروکریٹس، ماہرین اور خواتین سمیت اہم شخصیات نے درخواستیں جمع کروا دیں

ڈی جی اوقاف ڈاکٹر طاہر بخاری، سیکرٹری احسان بھٹہ اور کرنل ریٹائرڈ وسیم رحمانی بھی دوڑ میں شامل

لاہور (زیڈ این این) ڈی جی والڈ سٹی لاہور اتھارٹی کی سیٹ کے لیے ہائی پروفائل مقابلے کا آغاز ہو گیا ہے، جس میں سویلین، بیوروکریٹس اور ریٹائرڈ فوجی افسران سمیت 29 نامور امیدوار میدان میں آ چکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق اس عہدے کے لیے ڈی جی اوقاف ڈاکٹر طاہر بخاری، سیکرٹری احسان بھٹہ، اور لیفٹیننٹ کرنل ریٹائرڈ انجینئر وسیم اے رحمانی نے درخواستیں جمع کروا دی ہیں۔

پنجاب حکومت کا 5 ہزار اجتماعی شادیوں کیلئے 52 کروڑ روپے کا جامع پلان

جیولری، ملبوسات، ہال کرایہ سمیت تمام اخراجات حکومت اٹھائے گی، شادیوں کا انتظام رواں مالی سال مکمل ہوگا

دھی رانی پروگرام کے تحت اجتماعی شادیوں کا نیا مرحلہ، دلہنوں کو ایک لاکھ کا جہیز پیکج بھی ملے گا، محکمہ سوشل ویلفیئر

لاہور (زیڈ این این) پنجاب حکومت نے ’’دھی رانی پروگرام‘‘ کے تحت اگلے مرحلے میں 5 ہزار اجتماعی شادیوں کے انعقاد کا جامع پلان تیار کر لیا ہے۔ اس مقصد کے لیے محکمہ سوشل ویلفیئر نے تفصیلی منصوبہ بندی مکمل کر لی ہے، جس کے مطابق اجتماعی شادیوں کی تقریبات پر مجموعی طور پر 52 کروڑ 50 لاکھ روپے خرچ کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق، پنجاب حکومت 30 کروڑ روپے سے شادی ہالز اور مقامات کی بکنگ کرے گی جبکہ 18 کروڑ 50 لاکھ روپے دلہا اور دلہن کے ملبوسات کی تیاری پر خرچ کیے جائیں گے۔

in the heart of his city (Lahore).
THURSDAY 31st JULY 2025 AT 4:00 PM
VENUE
LAHORE PRESS CLUB.
Tahir Sarwar Mir
Naeem Wazir
Aftab Anwar
Madam Nasira Ateeq

لاہور: لیجنڈری گلوکار محمد رفیع کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے منعقدہ تقریب کے موقع پر سینئر پرویز رشید، اداکارہ ممتاز، خالد عباس ڈار و دیگر اسٹیج پر بیٹھے ہیں

پی ٹی آئی رہنماؤں کو سزائیں آج جمہوریت کیلئے افسوسناک دن ہے: بیرسٹر گوہر

ہم نے ہر ممکن کوشش کی کہ جمہوریت چلے، ایوان چلے، لیکن ظلم، ناانصافی اور غیر مساوی سلوک کی انتہا ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی

ہمارے 6 ایم این ایز، 3 ایم پی ایز، ایک سینیٹر، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی اور سینیٹ کو سزائیں دی گئیں: چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے پارٹی رہنماؤں کو عدالت سے سزائیں سنائے جانے پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایوان کا بائیکاٹ یا تحریک چلانے سے متعلق فیصلہ جلد کریں گے۔ اسد قیصر، جنید اکبر خان، علامہ راجا ناصر عباس کے ہمراہ ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ آج جمہوریت کے لیے افسوسناک دن ہے، ہمارا مینڈیٹ چوری کیا گیا، ہمارے لیڈر کو جیل میں رکھا گیا اور انصاف کے (بقیہ نمبر 29)



روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض

سٹی نیوز

چین نے پاکستان ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ خلا میں بھیج دیا

شی چھانگ (شنہوا) چین نے جمعرات کو پاکستان ریموٹ۔ سینسنگ سیٹلائٹ (پی آرایس ایس-1) کو چین کے جنوب مغربی صوبے سیچھوان کے شی چھانگ سیٹلائٹ لانچ سنٹر سے بھیج دیا ہے۔ پی آرایس ایس-1 کو صبح 10 بجے (بیجنگ وقت) کوائی ژو-1اے (کے زیڈ-1اے) کیریئر راکٹ کے ذریعے لانچ کیا گیا اور یہ سیٹلائٹ اپنی مقررہ مدار میں داخل ہو چکا ہے۔ یہ سیٹلائٹ بنیادی طور پر زمین کے وسائل کے سروے، آفات سے بچاؤ اور ان کے اثرات کو کم کرنے کے شعبوں میں استعمال کیا جائے گا۔

چین میں ماحول دوست منتقلی کے دوران قابل تجدید توانائی تیزی سے ترقی کی راہ پر گامزن

بیجنگ (شنہوا) چین کی ماحول دوست منتقلی نے قابل تجدید توانائی کی ترقی کو تقویت دی جو 2025 کی پہلی ششماہی میں اس کی مجموعی نئی نصب شدہ بجلی کی صلاحیت کا 5.91 فیصد رہی۔ قومی توانائی انتظامیہ (این ای اے) کے جمعرات کے روز جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق جنوری تا جون کی مدت کے دوران ملک کی نئی نصب شدہ قابل تجدید توانائی کی صلاحیت 26 کروڑ 80 لاکھ کلوواٹ رہی جو گزشتہ سال کی اسی مدت کے مقابلے میں تقریباً دگنی ہے۔ جون کے آخر تک ملک کی قابل تجدید توانائی کی مجموعی نصب شدہ صلاحیت 16.2 ارب کلوواٹ تک پہنچ گئی جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 6.30 فیصد زائد ہے اور ملک کی بجلی کی مجموعی نصب شدہ صلاحیت کا 2.59 فیصد بنتی ہے۔ قومی توانائی انتظامیہ کے ایک اہلکار پان ہوئی من نے ایک پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ قابل تجدید توانائی سے بجلی کی پیداوار ایک نئی بلندی پر پہنچ گئی جو سال کی پہلی ششماہی میں ملک کی بجلی کی مجموعی پیداوار کا 7.39 فیصد رہی۔ یہ خدمات کے شعبے اور رہائشی استعمال کی مشترکہ بجلی کی کھپت سے زیادہ ہے۔ این ای اے کے مطابق جنوری تا جون کی مدت کے دوران ملک کی قابل تجدید توانائی سے بجلی کی پیداوار گزشتہ سال کی نسبت 6.15 فیصد بڑھ کر 18 کھرب کلوواٹ آور ہوگئی۔ یہ پیشرفت ملک کی ماحول دوست اور کم کاربن ترقی کی جانب تیزی سے منتقلی کے دوران ہوا ہے۔

سی سی پی او لاہور اور ڈی آئی جی آپریشنز کے احکامات کی روشنی میں پولیس اہلکاران سے ملاقات

لاہور (کرائم رپورٹر) سی سی پی او لاہور اور ڈی آئی جی آپریشنز کے احکامات کی روشنی میں پولیس اہلکاران سے ملاقات ایس پی اقبال ٹاؤن ڈاکٹر محمد عمر کی مختلف تھانہ جات کے پولیس اہلکاروں سے ملاقات کی اہلکاروں کے مسائل سنے اور فوری حل کرنے کے احکامات جاری کئے پولیس اہلکاروں کی ڈیوٹی اور نجی زندگی کے متعلق درپیش مسائل کو اولین ترجیحات پر دیکھا جا رہا ہے محکمہ پولیس میں اہلکاروں کا اہم کردار ہے ان کے بغیر محکمہ نامکمل ہے پولیس افسران اور اہلکاران کی ویلفیئر کے کام کو بھی ترجیح دی جا رہی ہے پولیس کے جوانوں سے ملاقات کا مقصد فورس کے انفرادی و اجتماعی مسائل کا حل ہے دوران ڈیوٹی عوام کی خدمت کریں بہادر اور محنتی اہلکار ہمارا اثاثہ ہیں

ان لائن ٹیکسی سروس کے ذریعے لوٹ مار سافٹ ویئر آپریٹر ہی نیٹ ورک کا سرغنہ نکلا

لاہور (رمیض علی سے) آن لائن نجی ٹیکسی سروس کی آڑ میں شہریوں کو لوٹنے والا گروہ بے نقاب ہوگیا۔ سوفٹویئر آپریٹر ہی پورے نیٹ ورک کا ماسٹر مائنڈ نکلا۔ گلبرگ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کارروائی کرتے ہوئے آن لائن ٹیکسی سروس کی آیپ کے ذریعے شہریوں کی اشیاء چوری کرنے والے گروہ کے 4 ارکان کو گرفتار کرلیا۔ کارروائی کے دوران ملزمان سے لاکھوں روپے مالیت کی الیکٹرانکس اشیاء، قیمتی کپڑے، دیگر سامان اور 2 پسٹل برآمد کیے گئے۔ پولیس نے مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق گرفتار مرکزی ملزم ایک معروف نجی ٹیکسی سروس کے آفس میں بطور سافٹویئر آپریٹر کام کرتا تھا۔ ملزم اپنے دیگر 3 ساتھیوں کو جعلی اکاؤنٹ بنا کر دیتا تھا، جن کے ذریعے وہ کوریئر کے طور پر شہریوں کی بھیجی گئی اشیاء لوٹ کر فرار ہو جاتے تھے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ گروہ کے دیگر ممکنہ ساتھیوں کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں، جبکہ آن لائن فراڈ کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جا رہی ہے۔

ڈیفنس سے "ہٹ اینڈرن" کے 2 ملزمان گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈیفنس سے "ہٹ اینڈ رن" کے 2 ملزمان گرفتار۔ ڈولفن سکواڈ نے ہٹ اینڈ رن کے 2 کار سوار ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ کار ڈرائیور کی موٹر سائیکل سوار کو ٹکر، موٹر سائیکل سوار شدید زخمی۔ ترجمان ڈولفن دونوں کار سوار ملزمان موٹر سائیکل سوار کو زخمی حالت میں چھوڑ کر فرار ہوگئے تھے۔ ڈولفن نے کار سوار، ڈرائیور کی موقع سے فرار ہونے کی کوشش ناکام بنادی۔ ڈولفن سکواڈ کم عمر ڈرائیورز کیخلاف مہم میں بلا تفریق کارروائیاں کررہا ہے کم عمر ڈرائیورز کیخلاف جاری مہم میں مزید تیزی لائی جارہی ہے ڈولفن نے کار سوار ملزمان علی اور عبداللہ کو گرفتار کرکے قانونی کارروائی کیلئے تھانہ ڈیفنس سی کے حوالے کر دیا۔ مضروب زین کو بذریعہ ریسکیو 1122 علاج معالجہ کیلئے جنرل ہسپتال منتقل کر دیا۔ بغیر لائسنس کے گاڑی چلانا قانوناً جرم ہے

لاہور ڈیرہ رانا قدیر پھلروان پر محمد اقبال اور محمد بلال کی صلح کروادی ہے اس موقع پر معززین علاقہ سمیت ودیگر کا گروپ فوٹو

صوبائی وزیر صحت وچیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی اور صوبائی وزیر صحت وآبادی خواجہ عمران نذیر پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کا اہم اجلاس منعقد

چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں اجلاس کی صدارت کی

صوبائی وزیر محکمہ صحت وآبادی خواجہ عمران نذیر کی بھی اجلاس میں شرکت، صوبائی وزراء نے پی ڈی ایم اے کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے پیش نظر تمام محکمے الرٹ ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق

حافظ آباد میں بھون فضل کے مقام پر دریائے چناب کے کٹاؤ کو روکنے کی سکیم کی بھی منظوری دے دی گئی ہے خواجہ عمران نذیر

لاہور (خبر نگار) کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبائی وزیر محکمہ صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق نے پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں اجلاس کی صدارت کی۔ صوبائی وزیر محکمہ صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ صوبائی وزراء نے پی ڈی ایم اے کنٹرول روم کا بھی دورہ کیا۔ سیکرٹری محکمہ ایمرجنسی سروسز پنجاب ڈاکٹر رضوان نصیر، سیکرٹری محکمہ اری گیشن واصف خورشید، ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا و متعلقہ محکمہ جات کے افسران کی اجلاس میں شرکت ہوئی۔ فیصل آباد، سرگودھا، ڈیرہ غازی خان اور گجرانوالہ ڈویژنز کے کمشنرز نے بھی اجلاس میں وڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ لیہ، جھنگ، سرگودھا، منڈی بہاوالدین، خوشاب اور حافظ آباد اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کی وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت ہوئی۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے نے دریائی کٹاؤ، بند و پشتوں کی مضبوطی بارے اسکیموں پر بریفنگ دی۔ اجلاس کے دوران ماہ اگست میں مون سون بارشوں بارے بھی تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے پیش نظر تمام محکمے الرٹ ہیں۔ کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ نے دریائی کٹاؤ کی روک تھام کیلئے 500 ملین مالیت کی 6 سکیموں کی منظوری دے دی ہے۔ منڈی بہاؤالدین میں بستی حویلی مانک، چک چوٹھ اور بستی مخدوم کو دریائے چناب کے کٹاؤ سے محفوظ بنانے کیلئے اسکیم کی منظوری دے دی گئی۔ تحصیل کروڑ ڈسٹرکٹ لیہ میں بیٹ مونگڑ اور ملحقہ آبادیوں کو دریائے سندھ کے کٹاؤ سے محفوظ بنانے کیلئے اسکیم کی منظوری دے دی گئی۔ جھنگ میں بیلہ سربانہ کے مقام پر دریائے چناب کے کٹاؤ کی روک تھام کیلئے بھی اسکیم کی منظوری دے دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر خواجہ عمران نذیر نے اس موقع پر کہا ہے کہ سرگودھا تحصیل کوٹ مومن میں گھرنا پٹھانا کو دریائے چناب کے کٹاؤ سے محفوظ بنانے کیلئے سکیم کی منظوری دے دی گئی ہے۔ حافظ آباد میں بھون فضل کے مقام پر دریائے چناب کے کٹاؤ کو روکنے کی سکیم کی بھی منظوری دے دی گئی ہے۔ سیکرٹری پی آئی ڈی اور سی اینڈ ڈبلیو کی جانب سے دریائے جہلم پر مارجنل بند بنانے بارے بریفنگ دی گئی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق پنجاب میں اسپیشل ڈی سیلٹنگ مہم کے باعث کم وقت میں نکاسی آب کو یقینی بنایا گیا ہے۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت ڈی مونٹمورینسی کالج آف ڈینٹسٹری لاہور میں بورڈ آف مینجمنٹ کا 31 واں اجلاس منعقد

اجلاس میں ڈی مونٹمورینسی کالج آف ڈینٹسٹری میں اینستھیزیا ڈیپارٹمنٹ کے قیام کی منظوری دی گئی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت ڈی مونٹمورینسی کالج آف ڈینٹسٹری لاہور میں بورڈ آف مینجمنٹ کا 31 واں اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین بورڈ آف مینجمنٹ پروفیسر محمد عثمان اختر، مینجمنٹ ایکسپرٹ محمد انور رشید اور محمد شاہ جہان نے شرکت کی۔ پرنسپل ڈی مونٹمورینسی کالج آف ڈینٹسٹری پروفیسر نبیلہ ریاض مرزا، ڈپٹی سیکرٹری اسٹیبلشمنٹ محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن طیب طاہر، ایم ایس ڈاکٹر فرح حامد اور محکمہ مال و دیگر ممبران نے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ادارہ کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران ڈی مونٹمورینسی کالج آف ڈینٹسٹری میں اینستھیزیا ڈیپارٹمنٹ کے قیام کی منظوری دی گئی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق پنجاب ڈینٹل ہسپتال لاہور میں مریضوں کی آسانی کیلئے طبی سہولیات میں اضافہ کیا جا رہا ہے۔ پنجاب ڈینٹل ہسپتال میں جدید لیب بنائی جائے گی۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ہسپتالوں میں مریضوں کیلئے آسانیاں پیدا کرنا اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ڈی مونٹمورینسی کالج آف ڈینٹسٹری میں ڈاکٹرز کی کو تربیتی بنیادوں پر مکمل کیا جائے گا۔

نوکری کا جھانسہ دے کر لوٹنے والا باپ بیٹوں پر مشتمل نوسرباز گینگ گرفتار

لاہور (رمیض علی سے) لوہاری گیٹ پولیس کی بڑی کارروائی، سرکاری اداروں میں نوکریاں دلوانے کا جھانسہ دے کر شہریوں سے لوٹ مار کرنے والا نوسرباز گینگ گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان باپ اور دو بیٹے ہیں، جو طویل عرصے سے معصوم شہریوں کو سرکاری اداروں میں بھرتی کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے ہتھیاتے رہے۔ ملزمان متاثرین سے نقد رقم وصول کر کے جعلی اپائنٹمنٹ لیٹرز اور جعلی دستاویزات تھما دیتے تھے، جس کے بعد رفوچکر ہو جاتے۔

سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری کی زیر صدارت ڈیپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ سب کمیٹی کا اجلاس

پنجاب حکومت نے شرائنز ڈویلپمنٹ پروگرام کے لیے 3 ارب روپے کی رقم مختص کی ہے۔ سیکرٹری اوقاف

لاہور (صابر غوری) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کی روشنی میں مزارات کی اپ گریڈیشن کو مکمل کیا جائے گا۔ بہترین پلاننگ اور ٹائم لائن ہی سے منصوبوں کی بروقت تکمیل ممکن ہے۔ مزارات و مساجد کی تعمیر وترقی اور زائرین ونمازیوں کے لیے بہترین سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔ پنجاب حکومت نے شرائنز ڈویلپمنٹ پروگرام کے لیے 3 ارب روپے کی رقم مختص کی ہے۔ ان خیالات کا اظہار سیکرٹری/ چیف ایڈ منسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے ایوان اوقاف میں منعقدہ ڈیپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ سب کمیٹی (DDSC) کے اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری اوقاف نبیلہ جاوید، ڈائریکٹر ایڈ منسٹریشن اوقاف محمد شاکر، ڈائریکٹر پراجیکٹس اوقاف رفیق نور وٹو، اسسٹنٹ چیف (ایس اینڈ ٹی) پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ پنجاب محمد عثمان، سیکشن آفیسر (سوشل پروٹیکشن) محکمہ فنانس پنجاب شبیر رمضان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر آرکیٹیکٹ محمد ثقلین، ایکسین اوقاف صدر دفتر لاہور محمد نواز، ایس ڈی او لاہور محمد عمران، ایس ڈی او پاکپتن محمد اعجاز، ایس ڈی او ملتان/ بہاولپور قمر زمان، ایس ڈی او راولپنڈی/ گوجرانوالہ محمد امجد، زون ایڈ منسٹریٹر اوقاف اشفاق ڈیال، ڈرافٹسمین سید اطہر، محمد افتخار اور دیگر اوقاف آفیسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 16 تعمیراتی و ترقیاتی سکیمز مرکزی جامع مسجد ریلوے روڈ منڈی بہاءالدین مالیتی 159 ملین، دربار حضرت خواجہ معصوم شاہ موہری شریف گجرات مالیتی 20 ملین، دربار حضرت شاہؒ گجرات مالیتی 20 ملین، دربار حضرت نور شاہؒ منڈی بہاؤالدین مالیتی 10 ملین، دربار حضرت شاہ سفیرؒ جہلم مالیتی 20 ملین، اونچی مسجد مغلانوالی گوجرانوالہ مالیتی 25 ملین، دربار حضرت شاہ کمالؒ لاہور مالیتی 25 ملین، درس بڑے میاں لاہور مالیتی 25 ملین، جامع مسجد گلاب شاہ والی لاہور مالیتی 10 ملین، دربار حضرت شاہ چراغؒ لاہور مالیتی 10 روپے، دربار حضرت نیک مردؒ قصور مالیتی 10 ملین، جامع مسجد عثمانیہ گول چوک اوکاڑہ فیز۔ ا مالیتی 10 ملین، دربار حضرت شاہ صدالدین ڈیرہ غازی خان مالیتی 20 ملین، دربار حضرت خواجہ نور محمد مہارویؒ بہاولنگر فیز۔ ا مالیتی 100 ملین، جامع مسجد ضیانوالی بہاولنگر مالیتی 10 ملین اور دربار حضرت موسیٰ نواب سنجوال رحیم یار خان مالیتی 15 ملین کی منظوری دی گئی۔

غیر قانونی اسلحہ اور ہوائی فائرنگ کے خلاف کارروائیوں کے اعداد وشماری جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) لاہور پولیس قیام امن کے لئے سرگرم/ غیر قانونی اسلحہ اور ہوائی فائرنگ کے خلاف کارروائیوں کے اعداد وشماری جاری☆ سال 2025ء میں ناجائز اسلحہ کے 5371 ملزمان گرفتار، 5343 مقدمات درج کئے گئے ہیں ہوائی فائرنگ کے 682 ملزمان گرفتار✗ 548 مقدمات کا اندراج کیا گیا ہے ناجائز اسلحہ کے گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 36 کلاشنکوف، 277 رائفلیں 204 گنیں 4734 پسٹل اور 24 ہزار سے زائد گولیاں برآمد لاہور پولیس شہر کو غیر قانونی اسلحہ سے پاک کرنے کے لئے سرگرم ہے۔ سی سی پی او لاہور☆ غیر قانونی اسلحہ، اسلحہ کی نمائش اور ہوائی فائرنگ کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ بلال صدیق کمیانہ☆ غیر قانونی اسلحہ کی خرید وفروخت کرنے والے افراد پر کڑی نظر رکھی جائے۔

شوروغوغا



لاہور (کرائم رپورٹر) نولومود بچہ، مورخہ 24-7-2025 کو بوقت تقریباً 1:10 فوجی چوک نزد کرنل مسجد سڑک کے ایک کنارے پر ایک نومولود بچہ کی نعش اسم سکن نامعلوم ملی ہے نومولود بچہ کا اگر وارث ہے تو ذیل نمبرز پر رابطہ کرے۔

محمد رمضان اے ایس آئی انویسٹی گیشن تھانہ
جنوبی چھاؤنی لاہور 0321-4238931

طلحہ ناصر ایس آئی انویسٹی گیشن انچارج تھانہ
جنوبی چھاؤنی 0304-4975402

عنصر اے ایس آئی محرر انویسٹی گیشن تھانہ
جنوبی چھاؤنی 0300-4670570

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:50
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی ٹیکسٹائل ڈیزائن ڈیپارٹمنٹ نے الحمرا آرٹ گیلری لاہور میں ڈگری شو 2025 کا انعقاد کیا

لاہور (خبر نگار) لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی ٹیکسٹائل ڈیزائن ڈیپارٹمنٹ نے الحمرا آرٹ گیلری لاہور میں ڈگری شو 2025 کا انعقاد کیا۔ نمائش کا افتتاح وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی نے کیا۔ ڈین پروفیسر ڈاکٹر فلیحہ زہرہ کاظمی اور فیکلٹی ممبران بھی موجود تھے۔ شوکیس میں تخلیقی اور تکنیکی طور پر ٹیکسٹائل کے شاندار ڈیزائن پروجیکٹس پیش کیے گئے۔ کی ایک متنوع رینج پیش کی گئی، جو طلباء کی لگن، اختراع اور فنی وژن کی عکاسی کرتی ہے۔ پی این سی اے کے ڈائریکٹر رضی احمد نے بطور مہمان خصوصی نمائش کا دورہ کیا اور طلباء کی تخلیقی صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی نے شعبہ کی رہنمائی اور گریجویٹ کلاس کی صلاحیتوں کی تعریف کی اور کہا کہ طالبات کے فن پارے قابل دید ہیں۔ ان میں پیشہ ورانہ مہارت نظر آتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلباء کے منتخب منصوبوں کو آئندہ صنعتی مقابلے میں پیش کیا جائے گا اور اس اقدام کا مقصد طلباء کے لیے کاروبار کے نئے مواقع اور تعاون کو کھولنا ہے

ڈی جی پی آر غلام صغیر شاہد سے سرگودھا پریس کلب کے وفد کی ملاقات

وفد نے ڈائریکٹر جنرل کو پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے سلسلے میں سرگودھا کے صحافیوں کی ضروریات کے بارے میں آگاہ کیا

GOVERNMENT OF THE PUNJAB
MEDIA CENTRE
DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS
GOVTOFP

لاہور (خبر نگار) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب غلام صغیر شاہد سے سرگودھا پریس کلب کے 17 رکنی وفد نے صدر عبدالحنان چوہدری کی قیادت میں ملاقات کی، اس موقع پر سیکرٹری جنرل شیخ محمد رضوان بھی موجود تھے۔ وفد نے ڈائریکٹر جنرل کو پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے سلسلے میں سرگودھا کے صحافیوں کی ضروریات کے بارے میں آگاہ کیا اور صحافیوں کے لیے تربیتی کورسز منعقد کرنے بالخصوص انہیں ڈیجیٹل میڈیا کے موثر اور ذمہ دارانہ استعمال کے بارے میں تربیت مہیا کرنے کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔ ڈائریکٹر جنرل نے صحافیوں کے وفد کو بتایا کہ ایکریڈیٹیشن کارڈز کے اجرا میں شفافیت کو یقینی بنایا گیا ہے اور کارڈ حاصل کرنے والے تمام صحافیوں کا ڈیٹا ڈی جی پی آر کی ویب سائٹ پر مہیا کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے وفد کے مسائل تسلی سے سنے اور انہیں حل کرنے کے لیے اپنے تمام ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈمی اخبارات کے خاتمے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں اور ابھی تک ایسے چھ ہزار سے زائد اخبارات کے ڈیکلریشن منسوخ کروانے کے لیے متعلقہ ڈپٹی کمشنرز کو مراسلے جاری کئے جا چکے ہیں۔

مری اور گردونواح کی عوام کو کارڈیک کی جدید سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ خواجہ سلمان رفیق

سید محمد حسین سالمی ہسپتال اینڈ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر پر جاری کام کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کیا جا رہا ہے صوبائی وزیر صحت



لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور سیکرٹری صحت عظمت محمود خان کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیئرمین وزیر اعلیٰ پنجاب ایڈوائزری کمیٹی برائے امراض قلب ڈاکٹر فرقد عالمگیر، ایگزیکٹو ڈائریکٹر راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی ڈاکٹر مسفراح صدیق، سپیشل سیکرٹری ڈویلپمنٹ ذیشان شبیر رانا، چیف پلاننگ آفیسر عبدالحق بھٹی، ایڈیشنل سیکرٹری امیر محمد، ایڈیشنل سیکرٹری انور بریار، ایڈیشنل سیکرٹری خدیجتہ الکبریٰ ودیگر افسران نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق اور سیکرٹری صحت عظمت محمود خان نے اجلاس کے دوران سید محمد حسین سالمی ہسپتال اینڈ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر پر جاری پیش رفت کا جائزہ لیا۔ ایس ای بلڈنگز راولپنڈی عمران، ایم ایس و دیگر افسران نے جاری پیش رفت بارے بریفنگ بھی دی۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق مری اور گردونواح کی عوام کو کارڈیک کی جدید سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ سید محمد حسین سالمی ہسپتال اینڈ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر پر برق رفتاری سے کام جاری ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ سید محمد حسین سالمی ہسپتال اینڈ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر پر جاری کام کو روزانہ کی بنیاد پر مانیٹر کیا جا رہا ہے۔ اس ہسپتال میں کیتھ لیب کیلئے ایچ آر اور طبی سامان ہنگامی بنیادوں پر مہیا کیے جا رہے ہیں۔ سیکرٹری محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود خان نے کہا کہ سید محمد حسین سالمی ہسپتال اینڈ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر میں فوری طور پر ایچ آر کے مسائل حل کئے جا رہے ہیں۔ سید محمد حسین سالمی ہسپتال اینڈ نواز شریف کارڈیالوجی سنٹر کو راولپنڈی انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی کے ساتھ منسلک کیا جا چکا ہے۔

سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ تنظیم الاخوان پاکستان کی ذیلی تنظیم الفلاح فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام میانی اعوانوں والی میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/ نمائندہ خصوصی) سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ تنظیم الاخوان پاکستان کی ذیلی تنظیم الفلاح فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام میانی اعوانوں والی میں فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں میڈیکل سپیشلسٹ کی ٹیم نے 250 مریضوں کا فری چیک اپ کیا اور فری ادویات فراہم کی گئیں، مریضوں میں ایک بڑی تعداد عورتوں اور بچوں کی تھی جنھیں ماہر ڈاکٹرز نے احسن طریقہ سے چیک اپ کے بعد ادویات بھی دیں اس موقع پر علاقہ کی سیاسی وسماجی شخصیات کا کہنا تھا میانی اعواناں جیسے دور افتادہ مقام پر میڈیکل سپیشلسٹ کی ٹیم نے مریضوں کا چیک اپ کیا اور فری ادویات فراہم کی اس کے لیے ہم شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ امیر تنظیم الاخوان پاکستان عبدالقدیر اعوان کے شکر گزار ہیں اور کیمپ انتظامیہ نے بہت اچھے انتظامات کیے اس کے لیے اہل علاقہ الفلاح فاؤنڈیشن کے ممنون ومشکور ہیں اور امید کرتے ہیں کے شیخ سلسلہ آئندہ بھی ہمارے علاقہ میں اس طرح کی فری میڈیکل سہولت فراہم کریں گے مریضوں نے شیخ سلسلہ اور کیمپ انتظامیہ کو ڈھیروں دعائیں دیں

پولیس ملازمین کے مسائل کے لئے میرے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں، ایس پی ڈاکٹر محمد عمر

لاہور (کرائم رپورٹر) ایس پی اقبال ٹاؤن ڈاکٹر محمد عمر کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے آفس میں کھلی کچہری کا سلسلہ جاری ایس پی ڈاکٹر محمد عمر نے عوام الناس کے مسائل سنے اور موقع پر حل کے احکامات جاری کیے کھلی کچہری میں عوام الناس کے درپیش مسائل سنے جا رہے ہیں شہریوں کے مسائل کے لیے میرے دفتر کے دروازے ہمہ وقت کھلے ہیں کھلی کچہری کا مقصد سفارشی کلچر کا خاتمہ اور عوام الناس کے مابین فاصلے کم کرنا ہے عوام الناس کے درپیش مسائل کے حل اور جان ومال کی حفاظت ہماری ذمہ داری ہے، ڈاکٹر محمد عمر انصاف کی فراہمی اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنایا جا رہا ہے شہریوں کی حفاظت کے لئے ہمہ وقت موجود ہیں، ایس پی اقبال ٹاؤن ڈاکٹر محمد عمر

ڈی جی پی ایچ اے منصور احمد کی زیر صدارت تمام ہارٹیکلچر ڈائریکٹرز کا اجلاس

ڈائریکٹرز کو اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، پارکس میں صفائی، سیکیورٹی اور شجرکاری کے عمل کو مزید موثر بنانے کی سخت ہدایت



لاہور (صابر غوری) ڈائریکٹر جنرل پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی لاہور منصور احمد کی زیر صدارت پی ایچ اے ہیڈکوارٹر میں اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام ہارٹیکلچر ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔ ڈی جی پی ایچ اے نے افسران کو ہدایت دی کہ شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے، انہوں نے کہا کہ پارکس کی صفائی ستھرائی، معمول کی دیکھ بھال، سیکیورٹی اور ہارٹیکلچر کے تمام امور کی موثر نگرانی خود موقع پر جا کر کی جائے تاکہ عوام کو خوشگوار، محفوظ اور صحت مند ماحول میسر آ سکے۔ ڈی جی منصور احمد نے تمام ڈائریکٹرز کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ اپنی کارکردگی کو مزید بہتر بنائیں اور فیلڈ میں متحرک نظر آئیں۔ انہوں نے زور دیا کہ سٹاف کی حاضری یقینی بنائی جائے اور کوئی بھی ملازم بلاجواز غیر حاضر نہ ہو۔ مون سون کے تناظر میں انہوں نے ہدایت کی کہ پارکس میں بارشی پانی کی نکاسی کے فوری اور پائیدار اقدامات کیے جائیں تاکہ شہریوں کو کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ ہو۔ ڈی جی نے شہر کی مرکزی شاہراہوں پر گرین بیلٹس اور سینٹر میڈینز پر ہارٹیکلچر ورک، پلانٹرز کی تنصیب اور شجرکاری کے عمل کو تیز کرنے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ پی ایچ اے لاہور شہر کو سرسبز، دلکش اور ماحولیاتی طور پر بہتر بنانے کے لیے پرعزم ہے اور تمام افسران اپنی ذمہ داریوں کو احسن طریقے سے ادا کریں۔

HIRING OF THE SERVICES OF LEGAL PRACTITIONERS/LAW FIRMS BY THE PUNJAB REVENUE AUTHORITY

Punjab Revenue Authority (PRA) invites applications from suitable Legal Practitioner/Law Firms having ample knowledge of taxation laws for hiring on case-to-case basis and/or at mutually agreed terms.

Qualifications and Experience (for Individual Practitioners)	Qualifications and Experience (for Law Firms)
• LLB/LLM or Bar-at-law preferably from a recognized foreign university. • The applicant must be enrolled as an advocate of High Court/Supreme Court of Pakistan. • The applicant, in case of Advocate High Court must have practicing experience of minimum five years in tax, service and constitutional matters. • Demonstrable experience in taxation laws specially sales tax, through reported judgements.	• Law firm should have been established for at least five years. • Must have demonstrable experience of working in Public/Private sector providing legal advice, consultancies and advocacy before courts. • Must have demonstrable experience in dealing with taxation, service and constitutional cases.

Scope of work:

i. To tender legal advice and written opinions.
ii. To represent and appear in legal proceedings on behalf of PRA.
iii. To prepare parawise replies, grounds of appeal and other admissible court documents.

General Instructions:

i. Only those candidates/firms should apply who fulfill the eligibility criteria.
ii. Only short-listed candidates/principals/partners of law firms would be called for test/interview.
iii. No TA/DA will be admissible for test/interview.
iv. All applications will be submitted in the office of Additional Commissioner (HQ) along with resume, copy of CNIC. enrollment cards as Advocates of High Courts and Supreme Court of Pakistan and other supporting documents.
v. Applications must reach the office of undersigned on or before 19-08-2025.

Additional Commissioner (HQ),
Punjab Revenue Authority,
5-B, Danepur Road, GOR-I, Lahore.
042-99205487
www.pra.punjab.gov.pk

IPL:3848

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC CERTIFIED
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

ڈپٹی کمشنر چکوال و تلہ گنگ سارہ حیات کا تحصیل لاوہ کا دورہ

ڈپٹی کمشنر نے ہائر ایجوکیشن اور ہیلتھ سیکٹر کے دو بڑے ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا جن میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز اور تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال لاوہ کے قیام کے منصوبہ جات شامل ہیں

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر چکوال و تلہ گنگ سارہ حیات نے تحصیل لاوہ کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہائر ایجوکیشن اور ہیلتھ سیکٹر کے دو بڑے ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا جن میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج فار بوائز اور تحصیل ہیڈکوارٹرز ہسپتال لاوہ کے قیام کے منصوبہ جات شامل ہیں۔ اس موقع اسسٹنٹ کمشنر لاوہ سعید احمد و دیگر متعلقہ افسران کے ہمراہ مذکورہ دونوں ترقیاتی منصوبوں پر تعمیراتی کام کی رفتار اور معیار تعمیر کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل عمدہ معیار کے ساتھ مقررہ مدت میں یقینی بنانے کی ہدایت کی تاکہ عوام کو متعلقہ شعبوں کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جاسکیں۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر نے بغداد فیملی پارک لاوہ کا معائنہ کیا اور پارک میں پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کیا اور اسسٹنٹ کمشنر لاوہ کو ہدایت کی کہ پارک میں بہترین صفائی و دیگر سہولیات کی فراہمی اور پارک کے ماحول کو خوشنما بنانے کے لئے دیدہ زیب شجرکاری کی جائے۔ مزید برآں ڈپٹی کمشنر سارہ حیات نے مریم نواز ہیلتھ کلینک لاوہ کا بھی تفصیلی معائنہ کرتے ہوئے سنٹر میں علاج معالجہ کی سہولیات کا جائزہ لیا اور ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ ہیلتھ کیئر مینجمنٹ کے تحت سہولیات کی فراہمی کو ہرصورت یقینی بنایا جائے

سیکرٹری سوشل ویلفیئر پنجاب جاوید محمود سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال کا گوجرانوالہ کا دورہ

گوجرانوالہ (غلام شبیر ریذیڈنٹ ایڈیٹر) کمشنر سید نوید حیدر شیرازی اور سیکرٹری سوشل ویلفیئر پنجاب جاوید محمود اختر کی زیر صدارت ''سکھ دا ویہڑا'' پروگرام کے تحت صوبے کے پانچ بڑے شہروں میں فیملی سپورٹ اینڈ میڈی ایشن کمپلیکس کے قیام کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں محکمہ سوشل ویلفیئر کے افسران اجلاس میں شریک تھے اجلاس میں وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے پروگرام سکھ دا ویڑا، معذوں اراضی کی فوری نشاندہی اور دیگر انتظامی امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا بعد ازاں مجوزہ جگہ کا دورہ بھی کیا۔ کمشنر سید نوید حیدر شیرازی اور سیکرٹری سوشل ویلفیئر ارشاد جاوید محمود اختر نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کا ویژن و مشن ہے کہ خواتین کو باعزت روزگار کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔ ضلعی انتظامیہ خواتین کو مالی طور پر مستحکم کرنے، انہیں متعلقہ شعبوں میں ہنر و مہارت سکھنے اور باعزت روزگار کے حصول میں لئے ٹھوس اقدامات بروئے کار لا رہی ہے۔ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال گوجرانوالہ ارشاد وحید، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر سمیرا اقبال، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر محمد عالم، سوشل ویلفیئر آفیسر عمر رفیق، مینیجر صنعت زار میڈم حنا بخاری، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر مس زیب النساء، مس شاہدہ وارث، مس ظل ہما و دیگر اجلاس میں شریک تھے۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر پنجاب جاوید محمود اختر نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے اینیشیٹو ہمت کارڈ، معاون آلات اور دھی رانی پروگرام کا بھی جائزہ لیا ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ارشاد وحید اور ڈپٹی ڈائریکٹر میڈم سمیرا اقبال نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے پروگرام، سکھ دا ویڑہ، بارے بریفنگ دی۔ اسی طرح دھی رانی پروگرام میں مرحلہ وار رجسٹریشن جاری ہے۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید محمود اختر نے مجموعی صورتحال پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب دکھی انسانیت کے دکھوں کے مداوا کیلئے کوشاں ہے اور وزیر پنجاب کے ویژن کے مطابق صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت سہیل شوکت بٹ کی قیادت میں مستحق افراد کی امداد اور خصوصی افراد کی بحالی کے پراجیکٹ کی سخت مانیٹرنگ کی جا رہی ہے

جہلم شہر سمیت گردونواح میں مرغی کا گوشت 650 روپے سے بھی تجاوز کر گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت گردونواح میں مرغی کا گوشت 650 روپے سے بھی تجاوز کر گیا انتظامیہ اپنی سرکاری نرخنامے پر عملدرآمد کروانے میں بری طرح ناکام شہری حلقوں کا کہنا ہے کہ جہلم شہر اور گردونواح کے گلی محلوں میں مرغی کا گوشت 650 روپے کلو کی بجائے ساڑھے آٹھ سو گرام فروخت ہو رہا ہے مگر انتظامی مشینری اور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس مکمل خاموشی اختیار کیے ہوئے ہیں ارباب اختیار کو روزانہ کی بنیاد پر سب اچھا ہے کی رپورٹ بھجوائی جا رہی ہے اسی طرح مٹن اور بیف کی قیمتیں پہلے ہی آسمانوں کو چھو رہی ہیں اب مرغی کے گوشت کی قیمت بھی عوام کی پہنچ سے دور ہو چکی ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

ناجائز تجاوزات کے خاتمے میں حائل کسی دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا جائیگا

رائیونڈ شہر کو تجاوزات سے پاک کرنا پنجاب حکومت کی اولین ترجیح ہے: سہیل بٹ

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سیدے) تحصیل رائیونڈ میں ناجائز تجاوزات کے خاتمے میں حائل کسی بھی قسم کے سیاسی و سماجی دباؤ کو خاطر میں نہیں لایا جائیگا، رائیونڈ شہر کو تجاوزات سے پاک کرنا پنجاب حکومت کی اولین ترجیح ہے ان خیالات کا اظہار تحصیل رائیونڈ کی پیرا فورس کی انچارج یسرا سہیل بٹ نے مین بازار رائیونڈ میں دکانداروں کو آخری وارننگ دینے کے بعد صحافیوں سے بات چیت کرتے ہو※ کیا اس موقع پر پیرا فورس کی انچارج یسری سہیل بٹ نے کہا کہ ہم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صاحبہ کے ویژن کے مطابق تحصیل رائیونڈ میں سندر، مانگا منڈی، اڈا پلاٹ، ارائیاں پنڈ، رائیونڈ اور اس سے ملحقہ ہاؤسنگ سوسائٹیوں کی سڑکوں اور بازاروں سے تجاوزات کو ختم کر کے دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے علاقہ کی تمام چھوٹی بڑی انجمن تاجران کو بتا دیا ہے کہ آپ سب کے پاس چوبیس سے اڑتالیس گھنٹے کا وقت ہے رضاکارانہ طور اپنی تجاوزات ہٹا لیں ورنہ ہیوی مشینری کے تھ ان تجاوزات کو ہٹا دیا جا※ گا اور ان جائیداد کے مالکان کے خلاف قانونی کارروائی کرتے ہو※ نقد جرمانہ کے ساتھ ساتھ مقدمات بھی درج کیے جائیں گے۔

محکمہ سول ڈیفنس نارووال کی ایل پی جی کی ری فلنگ (ڈی کینٹنگ) کے حوالے سے کاروائی

شکرگڑھ (عمران عارف سے) محکمہ سول ڈیفنس نارووال کی ایل پی جی کی ری فلنگ (ڈی کینٹنگ) کے حوالے سے کاروائی۔ ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس نارووال کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر فہیم امداد کی زیرنگرانی شہریوں کی جانوں و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے اور شہری دفاع کے مضبوط انتظامات کے حوالے سے محکمہ سول ڈیفنس کی خصوصی ٹیم دن رات کوشاں ہے

حافظ آباد میں علی پور روڈ پر واقع باجوہ سائنس اکیڈمی میٹرک کے سالانہ امتحانات میں سب سے زیادہ پوزیشنیں لیکر ضلع بھر کے تعلیمی اداروں/ اکیڈمیز پر سبقت لے گئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں علی پور روڈ پر واقع باجوہ سائنس اکیڈمی میٹرک کے سالانہ امتحانات میں سب سے زیادہ پوزیشنیں لیکر ضلع بھر کے تعلیمی اداروں / اکیڈمیز پر سبقت لے گئی۔ باجوہ اکیڈمی کی ایک طالبہ ہانیہ خان نے 1185 نمبر حاصل کر کے گوجرانوالہ بورڈ میں سیکنڈ جبکہ طالبعلم محمد عبداللہ قاسم نے بورڈ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔ اسی طرح اکیڈمی کے 42 طلبہ و طالبات نے 1100 سے زائد نمبر حاصل کر کے بورڈ میں نمایاں پوزیشنیں حاصل کیں جبکہ 45 طلبہ و طالبات نے ایک ہزار سے زائد نمبر حاصل کر کے میدان مار لیا۔ اس شاندار کامیابی پر ضلع بھر کے علمی ادبی اور تعلیمی حلقوں نے ممتاز ماہر تعلیم اور سینئر ترین سبجیکٹ سپیشلسٹ (فزکس) طالب حسین باجوہ اور انکی ٹیم کو مبارکباد دیتے ہوئے انکی تعلیمی میدان میں حیرت انگیز کاوشوں کو سراہتے ہوئے خراج تحسین پیش کیا ہے

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا

مریم نواز کا پنجاب ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع چنیوٹ میں صفائی آپریشن کی کڑی مانیٹرنگ جاری ہے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مریم نواز کا پنجاب، ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت ضلع چنیوٹ میں صفائی آپریشن کی کڑی مانیٹرنگ جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل کی زیر صدارت اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع میں صفائی کی مجموعی صورتحال پر ناراضی کا اظہار کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے عملہ صفائی کی حاضری کی کڑی چیکنگ کا حکم اور روزانہ رپورٹس طلب کر لیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ڈور ٹو ڈور کوڑا کولیکشن میں کوئی دوسری رائے نہیں۔ دیہی علاقوں میں صفائی کا شیڈول نمایاں جگہ آویزاں ہونا چاہیے۔ کام چور اور ڈیوٹی سے غیر حاضر ورکرز کو فی الفور نوکری سے برخاست کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تحصیل مینیجرز روزانہ یونین کونسل میں ورکرز سے میٹنگ کریں اور صفائی کا شیڈول مرتب اور اس پر عملدرآمد کے ساتھ اسی روز شام کو ریویو کیا جائے۔ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کا تمام عملہ فیلڈ میں نظر آنا چاہیے۔ عملہ کی ڈیوٹی پر موجودگی اور صفائی ہونے کے بارے میں تھرڈ پارٹی ہو گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع میں حکومتی ویژن کی تکمیل میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔ شہریوں کی صفائی نہ ہونے سے متعلق شکایات کا تیز رفتار ازالہ اور شکایت کنندہ کا مطمئن ہونا لازم ہے۔ اسسٹنٹ کمشنرز، ڈسٹرکٹ مینیجر، تحصیل مینیجرز، لوکل گورنمنٹ اور دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔

محکمہ سول ڈیفنس نارووال کی ایل پی جی کی ری فلنگ (ڈی کینٹنگ) کے حوالے سے کاروائی

شکرگڑھ (عمران عارف سے) محکمہ سول ڈیفنس نارووال کی ایل پی جی کی ری فلنگ (ڈی کینٹنگ) کے حوالے سے کاروائی۔ ڈپٹی کمشنر و کنٹرولر سول ڈیفنس نارووال کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ سول ڈیفنس آفیسر فہیم امداد کی زیرنگرانی شہریوں کی جانوں و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے اور شہری دفاع کے مضبوط انتظامات کے حوالے سے محکمہ سول ڈیفنس کی خصوصی ٹیم دن رات کوشاں ہے، اس حوالے سے سول ڈیفنس کے انسپکٹر بلاول علی، محمد شریف باجوہ، شبیر احمد پر مشتمل ٹیم نے گزشتہ ماہ کے دوران کارروائی کرتے ہوئے ایل پی جی کی ری فلنگ کے تحت کاروائی کی گئی۔

ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

محکمہ ایکسائز کی طرف سے پراپرٹی ٹیکس، ایکسائز ڈیوٹی، پروفیشنل ٹیکس، ٹیکس آن ہائی ویز، موٹر ٹیکس، لگژری گھروں پر عائد ٹیکس کی ریکوری

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) چیئرمین ڈی سی سی ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد، کو چیئرمین کرنل عبدالستار (پاک آرمی) نے اجلاس کی صدارت کی※ اجلاس میں ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل فیصل سلطان، اسسٹنٹ کمشنرز، سیکرٹری آر ٹی اے، ایف بی آر، کسٹم، ٹریفک پولیس، موٹر وے پولیس، ہائی وے پولیس، چیف افسران میونسپل کارپوریشن، ضلع کونسل، میونسپل کمیٹیز، سول ڈیفنس، گیپکو، انڈسٹریز، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن سمیت دیگر محکموں کے نمائندہ افسران نے فورم کو ماہانہ کاروائیوں بارے بریفنگ دی ٹریفک قوانین کے نفاذ، لائسنس اجراء، بھکاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن، رہبر مراکز پر رہنمائی، اوور لوڈنگ گاڑیوں، ٹرکوں، ڈمپرز، رکشوں پر اوور لوڈنگ کے خلاف جاری کارروائیوں، بجلی چوروں، سمگلڈ پیٹرولیم مصنوعات، گاڑیوں، اشیاء کی سمگلنگ کیخلاف کی گئی کاروائیوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ایل پی جی گیس کی غیر قانونی ریفلنگ، منی پیٹرول شاپس، کھلا پیٹرول فروخت کرنے والوں کی خلاف سول ڈیفنس، مسافر گاڑیوں میں ایل پی جی سلنڈرز کے استعمال کیخلاف ٹریفک پولیس، سول ڈیفنس، سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کی کاروائیوں کا بھی جائزہ، اب تک کی پیش رفت کو بھی سراہا۔ شہری آبادیوں میں قائم غیر قانونی ریفلنگ گیس ایجنسیوں کیخلاف اسسٹنٹ کمشنرز کی کاروائیوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ محکمہ ایکسائز کی طرف سے پراپرٹی ٹیکس، ایکسائز ڈیوٹی، پروفیشنل ٹیکس، ٹیکس آن ہائی ویز، موٹر ٹیکس لگژری گھروں پر عائد ٹیکس کی ریکوری، مدارس کی رجسٹریشن، تجاوزات کے خاتمے کیلئے جاری آپریشن، ریڑھیوں کی روڈ سے مخصوص ریڑھی بازاروں میں منتقلی، سروس روڈز، جی ٹی روڈ پر قائم غیر قانونی کار شورومز کیخلاف کاروائیوں کا دائرہ کار مزید بڑھانے کا فیصلہ۔ غیر قانونی ریڑھی رکشوں کیخلاف آپریشن شروع کرنے سے قبل جاری آگاہی مہم میں مزید وسعت لانے، رکشہ یونین، دیگر سٹیک ہولڈرز کو آن بورڈ کرنے، شہر میں آگاہی کیلئے بڑے بڑے بورڈز آویزاں کرنے کا بھی فیصلہ۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد اور کرنل عبدالستار نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ احسن اقدام ہے جس سے ٹریفک مسائل، حادثات میں کمی، قیمتی انسانی جانیں محفوظ ہوں گی، ریڑھی رکشوں کیلئے جو کرایہ پر موٹر سائیکل رکشہ دے گا اس کے خلاف کاروائی کی جائے گی اور جہاں ان کی تیاری کی جائے گی ان ورکشاپس کو سیل کیا جائے گا۔ بھکاریوں کو کرایہ پر جگہ دینے والوں اور ان کی سہولتکاری کرنے والوں کیخلاف بھی سخت قانونی کاروائی کا فیصلہ۔ اوور لوڈنگ گاڑیوں، ٹرکوں، ڈمپرز، رکشوں کو موقع پر آف لوڈ کیا جائے گا اور مقدمات درج کیے جائیں گے۔ محکموں کے افسران نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سمگل شدہ نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کے خلاف 20 سے 25 گاڑیوں کو روزانہ کی بنیاد پر چیک کیا جاتا ہے اس دوران 01 جیپ جس کی لاگت 5.7 ملین اور 07 کروڑ 87 لاکھ، 70 ہزار روپے سے زائد کا سکریپ (کاپر ایلومینیم، سلور، تانبہ، ریڈی ایٹر، پیتل و دیگر) اشیاء کو ضبط کر لیا گیا۔ اسمگل شدہ اشیاء کی نیلامی کے بعد 57 لاکھ 20 ہزار کا سامان نیلام کیا گیا۔ ڈسٹرکٹ اوورسیز پاکستانی کمیٹی کو 07 نئی اور 47 پچھلے ماہ شکایات موصول ہوئی 12 کو حل کر دیا گیا اور بقیہ کو ضروری کاروائی کے بعد حل کر دیا جائے گا۔ محکمہ ایکسائز کی جانب سے پراپرٹی ٹیکس، ایکسائز ڈیوٹی، پروف ٹیکس، ہائی ویز، موٹر ٹیکس لگژری ہاؤس ٹیکس کی مد میں 15 کروڑ 33 لاکھ 87 ہزار روپے سے زائد ریکور کیا گیا۔ دھواں چھوڑتی گاڑیوں اور ٹریفک قوانین کی 77 ہزار 534 خلاف ورزیوں پر 04 کروڑ 33 لاکھ 99 ہزار 7 سو روپے کے چالان کیے گئے۔ غیر قانونی پٹرول پمپس کے خلاف 42 کاروائیاں کی گئیں 08 پٹرول پمپس کو بغیر (K) فارم حاصل نہ کرنے پر سیل کر دیا گیا اور 01 کو گرفتار کیا۔ 35 منی پٹرول پمپس کو غیر قانونی اور اسمگل شدہ پٹرول فروخت کرنے پر سیل اور 07 افراد کے خلاف مقدمات کا اندراج اور گرفتار کیا گیا۔ غیر قانونی گیس ریفلنگ شاپس کے خلاف 103 کاروائیاں کی گئیں اور 103 خلاف ورزیوں پر دکانوں کو سیل، 25 غیر قانونی سرگرمیوں میں استعمال ہونے والی مشینری ضبط، 08 مقدمات کا کیا گیا۔ بجلی چوری کے خلاف گوجرانوالہ/ وزیر آباد میں 347 غیر قانونی کنکشن، 347 مقدمات کا اندراج، 01 کروڑ 61 لاکھ 23 ہزار سے زائد جرمانہ اور 01 کروڑ 75 لاکھ 7 ہزار روپے سے زائد کی ریکوری کی گئی۔

ڈی ایس پی چوہدری اعجاز گجر سے قادری میڈیا گروپ کے چیئرمین احسان اللہ قادری کی زیر قیادت صحافی وفد نے خصوصی ملاقات کی

صدر انجمن تاجران ونیکے روڈ، سینئر صحافی محمود علی، ملک محمد جاوید اور سماجی رہنما و صحافی ڈاکٹر شوکت منظور بھی وفد کا حصہ تھے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ آفیسر کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (سی سی ڈی) ڈی ایس پی چوہدری اعجاز گجر سے قادری میڈیا گروپ کے چیئرمین احسان اللہ قادری کی زیر قیادت صحافی وفد نے خصوصی ملاقات کی۔ صدر انجمن تاجران ونیکے روڈ، سینئر صحافی محمود علی، ملک محمد جاوید اور سماجی رہنما و صحافی ڈاکٹر شوکت منظور بھی وفد کا حصہ تھے۔ ملاقات کے دوران چوہدری اعجاز گجر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے اپنے کیریئر کے حوالے سے بتایا کہ انہوں نے بطور اے ایس آئی محکمہ پولیس میں خدمات کا آغاز کیا اور اپنے طویل سروس کی مدت کے دوران حافظ آباد، سیالکوٹ، لاہور، شیخوپورہ، اوکاڑہ، فیصل آباد اور گوجرانوالہ جیسے اہم اضلاع میں تعینات رہے۔ حافظ آباد کے مختلف تھانوں میں بطور ایس ایچ او تعیناتی کے دوران وہ جرائم پیشہ عناصر پر قریبی نظر رکھتے رہے اور عوام کو مؤثر تحفظ فراہم کرنے میں نمایاں کردار ادا کیا۔ علاوہ ازیں وہ بطور ڈی ایس پی سی آئی اے گوجرانوالہ بھی خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔ ڈی ایس پی چوہدری اعجاز گجر نے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (CCD) کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ضلع بھر میں جرائم کے خاتمے اور امن و امان کے قیام کے لیے مختلف سطحوں پر مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز، شب و روز نگرانی، خفیہ اطلاعات پر فوری کارروائیاں، اور پولیس گشت میں اضافہ جیسے اقدامات شامل ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جرائم کا قلع قمع بھی ممکن ہے جب عوام، میڈیا اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ایک پیج پر ہوں۔ انہوں نے صحافی برادری کے مثبت کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ میڈیا نہ صرف جرائم کی نشاندہی کرتا ہے بلکہ عوامی شعور اجاگر کرنے میں بھی کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ میڈیا سے مسلسل رابطے میں ہے تاکہ بروقت اطلاعات پر فوری ردعمل دیا جاسکے۔ وفد کے ارکان نے ڈی ایس پی کی خدمات، خلوص نیت اور مخلصانہ کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اگر ایسے افسران ہر ضلع میں موجود ہوں تو جرائم کی شرح میں واضح کمی آسکتی ہے۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی زیر صدارت محکمہ زراعت کی زرعی ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا

ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت محمد یوسف، ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر لائق احمد سمیت محکمہ زراعت، واٹر مینجمنٹ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران، کسان بورڈ کے نمائندے اجلاس میں شریک ہیں

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی زیر صدارت محکمہ زراعت کی زرعی ایڈوائزری کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت محمد یوسف، ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیوسٹاک ڈاکٹر لائق احمد سمیت محکمہ زراعت، واٹر مینجمنٹ اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران، کسان بورڈ کے نمائندے اجلاس میں شریک ہیں۔ اجلاس میں چاول کی بہتر کاشت اور محکمہ زراعت حکومت پنجاب کی جانب سے کسانوں کی خوشحالی اور شعبہ زراعت کی ترقی کے لیے جاری مختلف منصوبوں کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق کا کہنا تھا کہ ملک کی ترقی کا انحصار شعبہ زراعت کی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی پر ہے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے کسانوں کی خوشحالی اور فلاح و بہبود کے لیے، بہت سے انقلابی پروگرام شروع کیے گئے ہیں۔ کسانوں، زمینداروں میں کسان کارڈ، گرین ٹریکٹر سکیم، سپر سیڈرز سمیت دیگر جدید مشینری و آلات کی فراہمی پر حکومت پنجاب اربوں روپے خرچ کر رہی ہے تاکہ پنجاب کا شعبہ زراعت ترقی کرے اور ہمارے کسان خوشحال ہوں۔ انکا کہنا تھا کہ بہتر کھاد، بیج، زرعی ٹیکنالوجی اور جدید مشینری کے استعمال سے کسان اپنی فصلوں کی پیداوار میں اضافہ کر سکتا ہے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ضلع بھر میں تقریبا پونے چار لاکھ ایکڑ رقبے پر چاول کی فصل کاشت کی گئی ہے اور انشاء اللہ آنے والے وقتوں میں چاول کی بہتر پیداوار سے کسانوں کو ماضی کی نسبت بہتر منافع ہوگا۔ حافظ آباد میں ہونے والے حالیہ بارشوں سے فصلوں کو پہنچنے والے نقصانات کا تخمینہ لگایا جا رہا ہے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے متاثرہ دیہاتیوں اور کاشتکاروں کو امداد بھی فراہم کی جائیگی۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈپٹی ڈائریکٹر واٹر مینجمنٹ کو ہدایت کی کہ ضلع بھر میں آبپاشی کے لیے کھالوں کی بحالی کے حوالے سے جلد سروے کیا جائے اور جن دیہات و دیگر علاقوں میں مقامی افراد نے کھالوں کو بند کر رکھا انہیں فوری طور پر بحال کیا جائے تاکہ ٹیل کے زمیندار تک نہری پانی کو با آسانی پہنچایا جا سکے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ غیر معیاری، ناقص اور جعلی کھادیں و زرعی ادویات فروخت کرنے والے دوکانداروں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔

ڈپٹی کمشنر نارووال کی ہدایت پر ایکسین ایریگیشن انجینئر علی رضا نے جسڑ بند کا دورہ کیا

دریائے راوی پر جسڑ کے مقام سے 26 ہزار کیوسک کا سیلابی ریلا گزر رہا ہے

شکرگڑھ (عمران عارف سے) دریائے راوی پر جسڑ کے مقام سے 26 ہزار کیوسک کا سیلابی ریلا گزر رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نارووال کی ہدایت پر ایکسین ایریگیشن انجینئر علی رضا نے جسڑ بند کا دورہ کیا اور دریا کے بہاؤ کی نگرانی کے لیے قائم سرویلینس کیمپ کا جائزہ لیا۔ علی رضا نے کیمپ میں موجود عملے سے ملاقات کی اور دریا کے بہاؤ پر کڑی نظر رکھنے اور تمام حفاظتی اقدامات پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے بتایا کہ دریائے راوی اور نالہ اوج میں سیلابی کیفیت ہے جبکہ باقی تمام نالوں میں پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام سیلابی بند مضبوط حالت میں موجود ہیں اور قریبی آبادیوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ اگر کسی بند میں کٹاؤ یا توڑ پھوڑ کی نشاندہی ہو تو فوری طور متعلقہ محکمے سے رابطہ کریں۔

تحریک لبیک پاکستان پی پی 135 کے زیر اہتمام کوٹ طاہر میں تاجدار ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا

امت مسلمہ کا بچہ بچہ ختم نبوت کے دفاع کے لئے اپنی جان تک دینے کے لئے ہر وقت تیار ہے: پیر سید افضال حسین شاہ

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) تحریک لبیک پاکستان پی پی 135 کے زیر اہتمام کوٹ طاہر میں تاجدار ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت پیر سید افضال حسین شاہ نے کی جبکہ کانفرنس میں تحریک لبیک پاکستان کے مرکزی رہنما مفتی حسن رضا※ امیر پی پی 135 حاجی عبدالناصر ※ ضلعی نا※ ب امیر حافظ را※ ے اکبر علی کھرل ※ محمد مخدوم انجم اور محمد افضل رضوی سمیت دیگر عہدیداران ※ علماء کرام اور اہل علاقہ کی بڑی تعداد نے شرکت کی ※ اس موقع پر خطاب کرتے ہو※ ے مفتی حسن رضا اور دیگر مقررین نے کہا کہ اللہ تعالی نے یہ کا※ نات نبی کریم حضرت محمد صل※ اللہ علي※ وال※ وسلم کی جلوہ گری کے ل※ ے تخلیق فرما※ ی ※ اللہ تعالی نے انسانوں کی ہدا※ یت کے ل※ ے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے اور سب سے آخر میں اپنے محبوب حضرت محمد صل※ اللہ علي※ وال※ وسلم کو اس دنیا میں بھیجا انہوں نے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت ہمارے ایمان کا بنیادی حصہ ہے ※ امت مسلمہ کا بچہ بچہ ختم نبوت کے دفاع کے ل※ ے اپنی جان تک دینے کے ل※ ے ہر وقت تیار ہیں اور کسی کو بھی اس بات کی اجازت نہیں دیں گے کہ وہ مس※ لہ ختم نبوت کے ساتھ چھیڑ خوانی کرے۔

تجاوزات وگرانفروشی کیخلاف پیرا آپریشن کر رہی ہے۔ محمد افضل سکھیرا

تجاوزات اور ناجائز منافع خوری سے پاک پنجاب کا عزم پیرا فورس عوام کے ہم قدم ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال غلام فاطمہ بندیال و ڈسٹرکٹ آفیسر پیرا محمد افضل سکھیرا کی قیادت میں پیرا فورس اور میونسپل کمیٹی کی تجاوزات اور ناجائز منافع خوری کے خلاف سمبڑیال میں مشترکہ کارروائیاں جاری سرکاری املاک پر قابض دوکانداروں کا سامان ضبط جبکہ متعدد کو تجاوزات کی پاداش پر جرمانے عائد۔ اسسٹنٹ کمشنر کی زیر نگرانی ناجائز منافع خوری میں ملوث 7 عدد دوکانداروں کو جرمانے جبکہ ایک دوکاندار کیخلاف مقدمہ درج کروایا گیا۔ سمبڑیال کے گردونواح غیر قانونی پٹرول ایجنسیوں اور گیس ریفلنگ کے خلاف بھی کاروائیاں جاری۔ متعدد غیر قانونی ایجنسیوں کے مالکان کے خلاف مقدمات درج جبکہ گیس ری فلنگ کرنے والوں کی مشینیں ضبط۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا سرکاری املاک پر قبضہ کرنے والوں، ناجائز منافع خوری اور غیر قانونی کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف حکومتی ہدایات کے مطابق بلاتفریق کاروائیاں جاری رہیں گیں اور قانون کو اپنے ہاتھ میں لینے والے افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔

محکمہ ویمن ڈویلپمنٹ پنجاب کے زیر انتظام میگ ٹاؤن میں ہاسٹل قائم کر دیا گیا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) وزیر اعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر صنعتی شہر سیالکوٹ میں ورکنگ ویمن کیلئے محکمہ ویمن ڈویلپمنٹ پنجاب کے زیر انتظام میگ ٹاؤن میں ایک ہاسٹل قائم کیا گیا ہے جس میں فرنشڈ کمرے اور صاف ستھرے اور تمام سہولتوں سے آراستہ کچن موجود ہیں اور کرایہ صرف ایک ہزار سے ڈیڑھ ہزار روپے ماہانہ وصول کیا جائے گا۔ یہ بات مینیجر ورکنگ ویمن ہاسٹل ہاجرہ لیاقت نے بریفنگ کے دوران بتائی۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر تمام اضلاع میں محکمہ ویمن ڈویلپمنٹ کے زیر انتظام ورکنگ ویمن ہاسٹل قائم کیے جا رہے ہیں اور اس سہولت سے مستفید ہونے کیلئے www.punjab.gov.pk اور گوگل پلے سٹور پر دستیاب ایپ ڈاؤن لوڈ کریں اور آن لائن اپلائی کریں۔

سپہ سالار پاکستان سید عاصم منیر کی ملکی خدمات لازوال ہیں۔ شبیر حسین ججی

فتنہ الخوارج وفتنہ الهندوستان کامیاب آپریشنز گرانقدر ہیں۔ خواجہ عامر جاوید

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) افواج پاکستان وسیکورٹی فورسز کے ہمارے شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر اور ہمارے غازی قوم کا وقار ہیں سپہ سالار پاکستان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر جیسی ولولہ انگیز قیادت میں افواج پاکستان کا دشمن کو منہ توڑ جواب بلاشبہ ہم پاکستانیوں کیلئے قابل فخر ہے۔ سدا سلامت رہیں ہماری سیکیورٹی فورسز جنہوں نے ملک و قوم کو اقوام عالم میں سرخرو کیا سپہ سالار پاکستان فیلڈ مارشل سید عاصم منیر محب وطن پاکستانی و بہترین مسلمان ہیں کہ جن کی حب الوطنی اور قابلیت دلیری اور بہترین نعت مسلمان قیادت کا اعتراف ازلی دشمن بھارت کر رہا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف ایجوکیٹرز شبیر حسین ججی، ربیع النور شبیر اور خواجہ محمد عامر جاوید نے ایک فکری نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ سپہ سالار پاکستان نے اللہ کے فضل اور قوم کی دعاؤں کے ثمرات سے بنیان المرصوص میں وہ بے مثال کامیابی دلوائی کی دنیا عش عش کر اٹھی اور بھارت اور بھارتی گودی میڈیا کی بولتی بند بلکہ ہوا ٹائیٹ ہوگئی اور دنیا میں اسے شکر و خزیمت اٹھانی پڑی جب امریکہ کے پاؤں پکڑ کے پاکستان سے جان چھڑائی۔

والدین کو ایجوکیشن تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم بچوں کی نگرانی رکھیں۔ شیراز بٹ

تعلیمی اداروں و مدرسوں میں بھیج کر بچوں سے لاتعلق نہ رہیں۔ سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) والدین تعلیمی اداروں خصوصاً کو ایجوکیشن تعلیمی اداروں میں اپنے بچوں کو داخل کرا کے ان کی جان سے لاتعلق نہ رہیں بلکہ طلباء و طالبات کی حرکات و سکنات اور انکی سرگرمیوں پر والدین خود توجہ دیں کہ آجکل تو تعلیمی اداروں کے حالات بھی مخدوش دکھائی دیتے ہیں پھر وہ جنوبی پنجاب میں واقع تعلیمی ادارے اسلامیہ یونیورسٹی ہو یا پھر سیالکوٹ گورنمنٹ مرے کالج و ملکی دیگر پرائیوٹ سرکاری مخلوط نظام تعلیم کے حامل تعلیمی ادارے کچھ اداروں میں اساتذہ خود ہراسمنٹ میں ملوث پائے گئے۔ ان باتوں کا اظہار سیکرٹری جنرل سٹی ہاؤسنگ ڈیلرز ایسوسی ایشن شیراز بٹ نے موجودہ نظام تعلیم بارے فکری نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ والدین اولاد کی انڈور اور آؤٹ ڈور ایکٹویٹیز پر نگاہ رکھیں ان کے سونے جاگنے کے اوقات اور بچوں کی تربیت پر بھرپور توجہ دیں۔ کچھ مادر پدر آزادی کے دلدادہ طلباء جب خدانخواستہ کسی جرم کا ارتکاب کرتے ہیں تو تشویش ان کے والدین کی اولاد بارے عدم توجہی اس کی وجہ بن رہی ہوتی ہے۔

اسرائیل کی کارروائیاں پہلے سے ہی عدم استحکام سے دوچار خطے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی میں خطرناک اضافہ کا باعث بن رہی ہیں

تمام مسلمان اس جدوجہد کیلئے تیار ہیں اور اس راہ میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے: مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ اسرائیل کی کارروائیاں پہلے سے ہی عدم استحکام سے دوچار خطے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی میں خطرناک اضافہ کا باعث بن رہی ہیں جو قابل قبول نہیں یہود و ہنود کی جاری جارحیت امت مسلمہ کیلئے کھلا چیلنج ہے جسے سامنے رکھتے ہوئے مسلم حکمرانوں کو متحد ہو کر مربوط لائحہ عمل مرتب کرنا ہوگا تاکہ اسرائیلی جارحانہ کارروائیوں کا راستہ روکا جاسکے، قبلہ اول کی آزادی پوری امت کا مسئلہ ہے اور تمام مسلمان اس جدوجہد کیلئے تیار ہیں اور اس راہ میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، فلسطین کے مسلمانوں نے گزشتہ 75 سال سے سکون کا سانس نہیں لیا اب مسلم ممالک کی مشترکہ امن فوج بنانے کی ضرورت ہے وقت آگیا ہے کہ امت مسلمہ متحد ہو کر مظلوم فلسطینیوں کی امداد کیلئے آگے بڑھے، مظلوم فلسطینی عوام کی شہادتوں کا سلسلہ جاری ہے اور غزہ میں مسلمانوں کا بہتا خون امت مسلمہ کے حکمرانوں کو پکار رہا ہے اگر ان کی آواز پر کان نہ دھرے گئے تو بروز قیامت اللہ تعالیٰ کے حضور اسکا جواب دینا پڑے گا یہ وقت تمام مسلمانوں کے متحد ہو کر مظلوم فلسطینی مسلمانوں کی امداد و بحالی کیلئے کردار ادا کرنے کا ہے تاکہ انہیں اسرائیلی جارحیت سے فوری نجات دلائی جاسکے فلسطین کا ہر بچہ مسلمان مجاہد ہے اسرائیل ان کی جدوجہد آزادی کو جبر کے سہارے دبا نہیں سکتا ان شاء اللہ یہ تحریک آزادی کامیاب ہوگی اور فلسطین جلد آزاد خطہ بنے گا۔

علم کے ذریعے انسان اپنے خالق کو پہچانتا ہے، اپنے حقوق اور فرائض سے آگاہ ہوتا ہے

نیک نیت، باکردار اور علم و حلم کا پیکر افتخار علوی کو نیا تعلیمی سفر مبارک: پرنسپل افتخار علوی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) علم کے ذریعے انسان اپنے خالق کو پہچانتا ہے، اپنے حقوق اور فرائض سے آگاہ ہوتا ہے، اور بہتر زندگی گزارنے کے طریقے سیکھتا ہے پرنسپل افتخار علوی۔ نیک نیت، باکردار اور علم و حلم کا پیکر افتخار علوی کو نیا تعلیمی سفر مبارک۔ تفصیلات کے مطابق ننکانہ صاحب کی علمی، اخلاقی اور ادبی فضا آج مزید مہک اٹھی ہے، جب نیک دل، نرم گفتار، اور سراپا اخلاص شخصیت افتخار علوی کو گورنمنٹ ہائی سکول ننکانہ میں کیپٹن حسنین نواز کا پرنسپل مقرر کیا گیا یہ محض ایک عہدہ نہیں بلکہ علم کے چراغ کو تھامنے والی ایک باوقار شخصیت کے لیے نئی ذمہ داری ہے، جس کا ہر قدم طلبہ کی ذہن سازی اور کردار سازی کی طرف اٹھتا ہے۔ ہم دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں اور دعاگو ہیں کہ ان کی مسکراہٹ ہمیشہ گلوں کی طرح مہکتی رہے، اور ان کے گرد محبتوں کا یہ گلدستہ یونہی خوشبو بکھیرتا رہے۔ ایسے مہذب اور بامقصد افراد ہی تعلیمی اداروں کی روح ہوا کرتے ہیں، جن کا وجود صرف درس و تدریس تک محدود نہیں بلکہ ایک روشن مثال بن کر دوسروں کے لیے مشعل راہ بھی بن جاتا ہے نواز شیخ پرنس اور فہیم السلام کی جانب سے تہہ دل سے نیک تمناؤں کے ساتھ یہ پیغام محبت اور عزت کا ہدیہ ہے۔ دعا ہے کہ علم کے یہ چراغ کبھی بجھنے نہ پائیں۔ اور رہتی دنیا تک ان کی روشنی نسلوں کو منور کرتی رہے۔

پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع اوکاڑہ کا اہم اجلاس منعقد ہوا

14 اگست یوم آزادی
متحد قوم
فاتح پاکستان

دیپالپور (تحصیل رپورٹر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ ضلع اوکاڑہ کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں جنرل سیکرٹری انجینئر محمد عمران، ڈویژنل صدر تعلقات عامہ و فوکل پرسن مدارس میاں شہزاد ڈولہ، مرزا فاروق احمد سلفی، ضیاء الحق لکھوی، جاوید اقبال وٹو، سعید احمد لکھوی، انفارمیشن سیکرٹری محسن شفیق بھٹوی اور دیگر عہدیداران نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ 14 اگست یوم آزادی کے موقع پر ایک عظیم الشان ''یوم آزادی کانفرنس'' بعنوان ''متحد قوم، فاتح پاکستان، نظریہ پاکستان ہی بقائے پاکستان ہے'' کا انعقاد کیا جائے گا۔ یہ کانفرنس جمعرات 14 اگست شام 5 بجے پریس کلب چوک اوکاڑہ میں منعقد ہوگی۔ کانفرنس میں نظریہ پاکستان کی اہمیت، دینی و ملی تشخص کے تحفظ اور موجودہ حالات میں قومی یکجہتی کی ضرورت پر زور دیا جائے گا۔ مرکزی نعرہ ''پاکستان کا مطلب کیا؟ لا إله إلا الله محمد رسول الله'' ہوگا۔ مقررین نے کہا کہ یہ پروگرام معرکہ حق و باطل میں حق کی سربلندی اور جماعتی اتحاد کو ''بنیان مرصوص'' کی عملی تصویر بنانے کی ایک کوشش ہوگا۔

ٹریفک کی روانی کو رواں رکھنے اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کروانے کیلئے سرکل عارفوالا ٹریفک پولیس دن رات کوشاں ہے

ٹریفک کی روانی کو ہر صورت میں جاری رکھا جا رہا ہے جبکہ حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے ٹریفک قوانین کی پاسداری از حد ضروری ہے

عارفوالا (نمائندہ قوت) ٹریفک کی روانی کو رواں رکھنے اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کروانے کیلئے سرکل عارفوالا ٹریفک پولیس دن رات کوشاں ہے ٹریفک کی روانی کو ہر صورت میں جاری رکھا جا رہا ہے جبکہ حادثات سے محفوظ رہنے کیلئے ٹریفک قوانین کی پاسداری از حد ضروری ہے باشعور اور ترقی یافتہ قوم میں ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کرنا اپنا فرض عین سمجھتی ہیں تمام ڈرائیورز اوور سپیڈ، اوور لوڈنگ اور ون ویلنگ جیسی حرکات سے باز رہتے ہوئے اپنی اور دوسروں کی زندگیوں کو محفوظ بنانے کیلئے ٹریفک پولیس کا ساتھ دیں ان خیالات کا اظہار انچارج سرکل عارفوالا انسپکٹر محمد جاوید اقبال نے میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کے ویژن اور ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر عبدالمجید کی قیادت میں سرکل عارفوالا ٹریفک پولیس بغیر لائسنس ڈرائیونگ کرنے والوں کو خصوصی طور پر چیک کیا جا رہا ہے خلاف ورزی کرنے پر آن لائن بھاری جرمانے کیے جا رہے ہیں تاکہ عوام اپنے ڈرائیونگ لائسنس کو ترجیح دیں انہوں نے کہا کہ روڈ پر چلنے والی تمام گاڑیوں کے ڈرائیورز اپنی گاڑیوں کی رجسٹریشن، روٹ پرمٹ، فٹنس سرٹیفکیٹ اور ڈرائیونگ لائسنس ساتھ رکھیں ورنہ انکے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی انہیں نہ صرف جرمانے کیے جائیں گے گاڑیاں بھی بند کی جائیں گی انہوں نے مزید کہا کہ آئی جی پنجاب پولیس کی طرف سے عوام کی سہولت کیلئے روزانہ کی بنیاد پر موٹر سائیکل لائسنس بنوانے کی خصوصی مہم جاری ہے جس سے عوام مستفید ہو رہے ہیں اس موقع پر محمد عباس، اللہ دتہ ڈھڈی، واصف حسین، عبدالقدیر، محمد اعجاز، محمد طارق، محمد سلیم، ASI نور احمد، TW ملک محمد اظہر، محمد امین وٹو سمیت دیگر عملہ بھی موجود تھا۔

دھواں چھوڑنے اور سموگ رولز کی خلاف ورزی کی مرتکب فیکٹریوں کے خلاف گرینڈ آپریشن

گوجرانوالہ (پرویز مغل قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی میڈم اقراء مبین اور ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات سلمان اسلم نے اپنی ٹیم کے ہمراہ دھواں چھوڑنے اور سموگ رولز کی خلاف ورزی کی مرتکب فیکٹریوں کے خلاف گرینڈ آپریشن کرتے ہوئے متعدد فیکٹریوں کو مسمار کر دیا ہے جن میں الرحمت پیپر ملز سلطان اسٹیٹ کھیالی، ثقلین نیارا ورکس بیک سائیڈ اسٹیٹ ٹو، بلال ایلومینیم نیارا ورکس بیک سائیڈ اسٹیٹ ٹو، اشرف ایلومینیم نیارا ورکس، بلال جاوید یونٹ ون اور ٹو، ملک بلال ایلومینیم نیارا ورکس 9 گز دربار، امین ایلومینیم نیارا ورکس، یاسین ایلومینیم نیارا ورکس، یاسین نیارا ورکس نمبر ٹو بیک سائیڈ اسٹیٹ نمبر ٹو نزد 9 گز دربار گوجرانوالہ شامل ہیں۔ مذکورہ بالا فیکٹری مالکان کو متعدد بار نوٹسز کے ذریعہ وارننگ دی گئی مگر دھواں کنٹرول کرنے کے آلات لگانے سے انکاری ہیں اور آلودگی پھیلانے کے مرتکب پائے گئے جو کہ سموگ رولز کی خلاف ورزی ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات نے تمام فیکٹری مالکان کو تنبیہ کی ہے کہ فیکٹریوں میں قائم ڈھلائی بھٹی پر لگے سسٹم کو چلائیں اگر سسٹم نہیں لگے تو فوری لگا لیں ورنہ ایک ہفتہ کے بعد سموگ رولز کے تحت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی جس میں فیکٹری کی بندش، مقدمات کا اندراج اور سامان کی بحق سرکار ضبطگی شامل ہو سکتی ہیں۔



روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

مدرسے میں تشدد اور بلاسفیمی گینگ کو رعایت

ملک کے علما اور مذہبی ٹھیکیداروں سے پوچھا جائے تو انہیں مدرسوں کی خود مختاری چاہیے، جہاں وہ اپنی مرضی کے مطابق نہ صرف مسلکی نفرت اور شدت پسندی کا سبق یاد کرائیں بلکہ معصوم بچوں کو جنسی ہراسانی اور تشدد کا نشانہ بناسکیں۔ کسی حرف اعتراض پر اسے اسلام دشمنی سے منسوب کر دیا جائے۔ یہی معاملہ توہین مذہب کے معاملات میں بھی دیکھا جاسکتا ہے، جن میں مذہبی گروہوں کے دباؤ پر عدالتیں اپنے فیصلے واپس چاٹ لیتی ہیں۔

اسلام آباد ہائی کورٹ کے ایک رکنی بنچ نے ایک نام نہاد بلاسفیمی گینگ کی سرگرمیوں پر 6 ماہ سے زائد سماعت کرنے اور تمام شواہد کا جائزہ لینے کے بعد یہ مناسب سمجھا کہ وفاقی حکومت اس معاملہ میں کمیشن مقرر کرے جو شفافیت کے ساتھ ایسے عناصر اور اہلکاروں کا سراغ لگائے جو جھوٹے الزامات میں لوگوں کو بلاسفیمی کے جعلی مقدموں میں پھنساتے ہیں اور انہیں بلیک میل کرنے کے علاوہ طویل المدت قید کی سزائیں دلاتے ہیں۔ البتہ مبینہ گینگ کے سرغنہ نے اس فیصلہ کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ میں انٹرا کورٹ اپیل دائر کی اور دو رکنی ڈویژن بنچ نے محض ایک ہی سماعت میں ایک رکنی بنچ کے فیصلے کو معطل کر دیا۔

اس فیصلہ نے واضح کیا ہے کہ ملک میں مذہبی گروہوں کا راج ہے۔ بھلے عوام انہیں ووٹ دے کر اپنی نمائندگی کا حق نہ دیتے ہوں لیکن مذہبی تعصبات اور شدت پسندی کے زور پر ان عناصر نے ایسی طاقت حاصل کر لی ہے کہ نہ تو کوئی ادارہ حرکت میں آتا ہے اور نہ ہی حکومت کسی قسم کا اقدام کرنے کا حوصلہ کرتی ہے۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں بلاسفیمی گینگ کی کارروائیوں کا جائزہ لیتے ہوئے پنجاب پولیس کی رپورٹ بھی زیر غور آئی تھی اور دیگر شواہد بھی پیش کیے گئے تھے۔ اپریل 2024 میں پنجاب پولیس کی سپیشل برانچ نے ایک 'خصوصی رپورٹ' میں دعویٰ کیا تھا کہ راولپنڈی اور اسلام آباد میں 'کچھ افراد پر مشتمل ایک گروہ متحرک ہے جو کہ نوجوانوں کو توہین مذہب کے جھوٹے الزامات میں پھنسا رہا ہے اور ان کے خلاف مقدمات وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کو بھیج رہا ہے'۔

عدالتی کارروائی میں واضح ہوا کہ یہ گروہ ایف آئی اے کے بعض اہلکاروں کے ساتھ مل کر توہین مذہب کے جھوٹے الزامات میں معصوم لوگوں کو پھنسانے کے گھناؤنے کاروبار میں ملوث ہے۔ یہ عناصر جو ہتھکنڈے استعمال کرتے ہیں، ان میں دھمکی، دباؤ، تشدد اور قتل تک جیسے جرائم سرزد ہونے کا امکان ہے۔ اس عدالتی کارروائی کے دوران مبینہ گروہ کا سربراہ اور ایف آئی اے کے اہلکار، وکیلوں یا جج کے سوالوں کا جواب دینے میں ناکام رہے تھے۔ ان مشکوک حالات کا بخوبی و تفصیلی جائزہ لے کر عدالت عالیہ نے ایک متوازن اور انصاف پر مبنی حکم جاری کیا۔ اس میں نہ تو کسی گروہ کو مطعون کیا گیا اور نہ کسی کو ملزم نامزد کیا گیا اور نہ ہی بلاسفیمی کے جھوٹے الزامات میں قید سینکڑوں لوگوں کو کوئی رعایت دینے کا اعلان ہوا۔ عدالتی حکم میں صرف اتنا کہا گیا کہ وفاقی حکومت تیس دن کے اندر ایک کمیشن قائم کرے جو چار ماہ میں اس معاملہ کی چھان بین کر کے حقائق پر مبنی رپورٹ عدالت میں پیش کرے۔

کوئی کمیشن ان معاملات پر غور کر کے حقائق کی تفصیل بتاسکتا تو بہت سے ایسے رازوں سے پردہ اٹھ سکتا تھا جن کی وجہ سے بے گناہ لوگوں کو ایک ایسی خطا میں قید رکھا جاتا ہے جو ان سے سرزد ہی نہیں ہوئی۔ لیکن ملک کا عدالتی نظام توہین مذہب کا نام سنتے ہی معتوب شخص کی وضاحت یا قانونی دلائل سننے کی ضرورت ہی محسوس نہیں کرتا۔ اگر ایسا ملزم موت کی سزا سے بچ جاتا ہے تو طویل مدت کے لئے جیل کی کال کوٹھری میں بند رہتا ہے جہاں نہ تو اسے نظام سے انصاف یا رعایت کی امید ہوتی ہے اور نہ ہی جیل میں دوسرے قیدی اسے چین سے جینے دیتے ہیں۔ ان کی زندگی ہمہ وقت خطرے میں ہوتی ہے۔ پاکستانی حکومت دہائیوں پرانے ان ظالمانہ قوانین کو تبدیل کرنے یا ان کے اطلاق کا کوئی موثر منصفانہ طریقہ بنانے میں ناکام رہی ہے کیوں کہ مذہب بیچ کر طاقت اور شہرت حاصل کرنے والوں نے حکومتوں کو مسلسل دباؤ میں رکھا ہوا ہے اور کسی حکومت یا رکن پارلیمنٹ کو بلاسفیمی قوانین میں مناسب تبدیلی کی بات کرنے کا حق نہیں دیا جاتا۔

کمیشن بنانے کے بارے میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے بعد بھی یہی صورت حال دیکھنے میں آئی۔ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے قائد مولانا فضل الرحمان کی قیادت میں مذہبی حلقوں نے عدالتی فیصلے کو اسلام اور ناموس رسالت کے لیے خطرہ قرار دیتے ہوئے عدالت سے مطالبہ شروع کر دیا کہ 'اس فیصلے کو واپس چاٹو'۔ یہ ہتک آمیز بیان دینے والے مولانا فضل الرحمان کی پارٹی کے وکیل کامران مرتضیٰ نے ہی اسلام آباد کے ڈویژن بنچ کے سامنے مبینہ بلاسفیمی گینگ کے لیڈر راؤ عبدالرحیم کی اپیل پر دلائل دیے۔

مقتول کی کردار کشی کا رجحان

نفیسہ سعید

کراچی مصطفی عامر قتل کیس ایک لرزا دینے والا سانحہ جس میں ایک نوجوان کو اس کے دوست نے بری طرح قتل کر دیا۔ اس واقعے کے بارے میں سوشل میڈیا پر بہت زیادہ اودھم برپا ہوا۔ سوشل میڈیا پوسٹس، یوٹیوبر غرض ہر طرف اس قتل کا دفاع کرتے ہوئے کہا گیا کہ مصطفی ایک ڈرگ ڈیلر تھا، یہ قتل ایک لڑکی کی وجہ سے ہوا، ارمغان کے بنگلے پر رات میں پارٹیاں ہوتی تھیں اور بہت ساری ایسی باتیں جن میں الجھ کر یہ قتل پس پشت چلا گیا، ان میں بے شک سچائی ہوگی یا ہوسکتا ہے سب جھوٹ ہو لیکن ان سب باتوں سے بالاتر اہم بات صرف یہ تھی کہ سوشل میڈیا کی اکثریت نے اس قتل کا دفاع کیا یہاں تک کہ ارمغان کے باپ کو جو 30 سال سے ڈرگز ڈیلر ہے اسے بھی ہیرو بنا کر پیش کرنے کی بھرپور کوشش کی گئی تاوقتیکہ پولیس نے اسے گرفتار کر کے منظر عام سے ہٹا نہیں دیا۔ ابھی اس قتل کی دھول بیٹھی نہیں تھی کہ یوٹیوبر اور سوشل میڈیا مفکرین کی ریٹنگ کے لئے ثنا قتل کیس منظر عام پر آ گیا۔

ثنا جو ایک ٹک ٹاکر تھی، اپنے گھر والوں کی سپورٹ پر ٹک ٹاک بناتی تھی، اس لئے کسی کا ثنا کو لے کر کوئی اعتراض نہیں بنتا، لیکن اس نوجوان لڑکی کو بھی اسلام آباد میں گولی مار کر قتل کر دیا گیا۔ اسے قتل کیوں کیا گیا؟ اب تک اس کے اصل وجہ سامنے نہیں آئی لیکن سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر غیرت، محبت، پسند، خود گھر بلایا تھا، ملزم کو گھر کا پتہ تھا اس لئے وہ گھر تک آیا تھا اور ہر وہ الزام اس بچی پر لگایا گیا جس کے بارے میں ہم نہیں جانتے یعنی اگر وہ ٹک ٹاکر تھی تو اس کے قتل کو ڈیفینڈ کیا گیا اور ڈھکے چھپے الفاظ میں کہا گیا وہ عمل جائز تھا کہ ایک لڑکا گھر میں گھس کے کسی لڑکی کو مار دے وہ بھی اس کے سگی خالہ کے سامنے تو جگہ جگہ یہ کہا گیا کہ ایسی لڑکیوں کے ساتھ ایسا ہی ہو گا، ٹک ٹاک بنانے والیاں یوں ہی قتل ہوں گی، ایسی لڑکیوں کا اسی طرح کا انجام ہوتا ہے

حمیرا اصغر ایک 40 سالہ خاتون جو ڈراموں میں کام کرتی تھی اور کراچی اپنے فلیٹ میں تنہا رہتی تھی جو اس کا ذاتی معاملہ تھا۔ اس فلیٹ میں اس کی موت کن حالات میں ہوئی اس کے دنیا سے جانے کے بعد نہ میں جانتی ہوں اور نہ آپ لیکن اس کے مرنے کے بعد سوشل میڈیا پر حمیرا اصغر کو تماشا بنا کر اچھالا گیا، میرا جسم میری مرضی کا طعنہ دیا گیا، یہ بھی کہا گیا کہ اپنے والدین سے ناراض ہو کر کراچی رہ رہی تھی، یہ بھی کہا گیا کہ مردوں سے اس کے تعلقات تھے جو اس کے گھر والوں کو پسند نہیں تھے اور بھی اس پر طرح طرح کے الزامات لگائے گئے، وہ سب الزامات جن کے بارے میں ہم بالکل حقیقت نہیں جانتے، چونکہ وہ اکیلی رہ رہی تھی وہ فلم یا ڈراموں میں کام کرتی تھی، ماڈلنگ کرتی تھی، اپنے گھر والوں سے نہیں ملتی تھی تو اگر وہ اس حالت میں مر گئی، مار دی گئی یا اس کے ساتھ جو کچھ بھی ہوا تو اس عمل کو ہر حالت میں جائز قرار دینے کے لیے سوشل میڈیا پر دن رات لوگوں نے زور لگایا اور اس حمیرا اصغر کو ٹارگٹ کر کے دن رات اس کی ذات کے بخیے ادھیڑے گئے اور ابھی ہم نے یہ چسکہ مکمل نہ کیا تھا کہ حالیہ بلوچستان سے ریلیز ہونے والی ایک ویڈیو جس میں ایک مرد اور عورت کو گولیوں سے مار دیا گیا سامنے آ گئی، جرگہ کا فیصلہ اور اس کے مطابق مرد و زن کا یوں قتل کیا جانا پاکستان میں پیش آنے والا پہلا واقعہ نہیں ہے، اس طرح کے بہت سے واقعات ہم بچپن سے ہی سنتے اور دیکھتے چلے آ رہے ہیں، ان واقعات پر ڈرامے بن چکے ہیں، فلمیں بن چکی ہیں، گاؤں یا کسی قبیلے سے تعلق رکھنے والے جانتے ہیں جرگے کے فیصلے کیا ہوتے ہیں؟

کاروکاری کس طرح کیا جاتا ہے اور جرگہ جب اپنا کوئی فیصلہ سناتا ہے تو وہ حتمی ہوتا ہے، جس کے آگے سارا گاؤں کس قدر بے بس ہوتا ہے، ہم میں سے کوئی نہیں جانتا وڈیو میں نظر آنے والی عورت کے قتل کا محرک کیا تھا؟ ہمیں جائز یا ناجائز سے سروکار نہیں ہے ہمیں اگر تحفظ ہے تو اس بات پر کہ ایک عورت کو سرعام میدان میں کھڑا کر کے مردوں کے بیچوں بیچ گولیاں مار دی گئی جو ایک نہایت سنگدلانہ اقدام ہے، ہم اگر آواز اٹھاتے ہیں تو صرف اس بات پر کہ یہ ظلم اب بند ہونا چاہیے مگر سوشل میڈیا پر لوگوں نے اسلام کا نام لے کر اس قتل کو جسٹیفائی کرنا شروع کر دیا اور بہت سی جگہوں پر یہ ثابت کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ گھر سے بھاگ کر شادی کی تھی، کسی نے کہا پانچ بچے چھوڑ کر گئی تھی، ناجائز تعلقات تھے تو اللہ کے بندو کیا تم اس کی فیملی کو جانتے ہو؟

کیا تم اس کے گھر کے حالات جانتے ہو؟ پولیس میں درج کسی بھی مقدمہ پر آپ کس طرح کہہ سکتے ہیں کہ سچائی پر مبنی ہے؟ اس کے اندر حقیقت کیا ہے یہ نہ میں جانتی ہوں نا آپ اس لیے بس صرف اور صرف اپنی فکر کریں اور دوسروں کے بارے میں بہتان اور الزام تلاشی سے گریز کریں اگر آپ بہت مذہبی ہیں، بہت دیندار ہیں، بہت اسلامی ہیں تو کم سے کم آپ اتنا تو جانتے ہیں کہ آنکھ سے دیکھے بنا آپ کسی کی کردار کشی نہیں کر سکتے، کسی پر بہتان لگانا گناہ ہے جو آپ دھڑا دھڑ لگا رہے ہیں جبکہ آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ اسلام کس پر بہتان لگانے سے منع کرتا ہے پھر بھی آپ بہتان لگا رہے ہیں، الزام تراشی کر رہے ہیں اور آپ کہتے ہیں کہ آپ بہت دیندار ہیں آپ سے زیادہ دین کا کسی کو علم نہیں، آپ بات کرتے ہیں تو قرآن و حدیث کے اتنے حوالے جمع کر کے دیتے ہیں لیکن کبھی اپنے گریبان میں منہ نہیں ڈالتے کہ آپ خود کیا کر رہے ہیں؟ یہ دیکھیں کہ جو آپ بات کر رہے ہیں اس میں آپ کتنے درست ہیں؟ آپ دوسروں کے کردار پر انگلی اٹھا رہے ہیں، دوسروں کی کردار کشی کر رہے ہیں، وہ بھی ان کے مرنے کے بعد؟

پوسٹ وائرل کرنے کے لیے اور ریٹنگ کے لئے آپ دوسروں کی کردار کشی کرتے ہوئے اسلام بھول جاتے ہیں؟ خدا کے لئے اپنا بزنس چمکانے کے لئے لاشیں تلاش نہ کریں، مرنے والوں کو بخش دیں وہ بھی اس صورت میں جب آپ ان کو بالکل جانتے نہ ہوں

بابوسر ٹاپ: قیامت سے پہلے قیامت

عاصمہ حسن

اس بات میں کوئی شک نہیں کہ پاکستان کے شمالی علاقہ جات بے پناہ قدرتی خوبصورتی سے مالا مال ہیں۔ آسمان سے باتیں کرتی برف سے ڈھکی پہاڑی چوٹیاں، چاروں طرف سبزہ، آبشاریں، جھیلیں، جھرنے، وادیاں خطرناک راستے ہونے کے باوجود سیاحوں کے لیے کشش کا باعث بنتی ہیں اور ان کو اپنی طرف کھینچتی ہیں۔

موسمی صورتحال کا جائزہ لیے بغیر ان علاقوں کا رُخ نہیں کیا جاسکتا۔ شمالی علاقوں کی طرف جانے کا بھی ایک خاص وقت ہوتا ہے جو وہاں کے موسم کے مطابق متعین کیا جاتا ہے خاص طور پر برسات کے دنوں میں لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ میدانی علاقوں میں جب سردیاں آتی ہیں تو پہاڑوں پر برف پڑتی ہے تب بھی لینڈ سلائیڈنگ بڑھ جاتی ہے اور راستے بند کر دیے جاتے ہیں۔ یہ علاقے پہاڑوں کے دامن میں ہیں، پہاڑوں کو چیر کر سڑکیں بنائی گئی ہیں، پھر گزرگاہیں بہت چھوٹی ہوتی ہیں جو لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار بھی ہو جاتی ہیں اور اگر راستے بند ہو جائیں تو مشنری نہیں پہنچ سکتی اور بے بسی اپنے عروج پر ہوتی ہے۔ حتیٰ کہ وہاں کے مقامی لوگ بھی بالاکوٹ سائیڈ پر نیچے کی جانب رُخ کر لیتے ہیں۔

اس رواں سال میں گلوبل وارمنگ کی وجہ سے پوری دنیا میں تباہی دیکھی جاسکتی ہے لیکن ہم ہوش کے ناخن نہیں لے رہے۔ سانحے پر سانحہ ہو رہا ہے لیکن پھر بھی لوگ انہی علاقوں کی طرف رُخ کر رہے ہیں۔

شمالی علاقہ جات میں بارشیں، میدانی علاقوں کی طرح نہیں ہوتیں۔ تصویروں، وڈیوز میں سننے اور دیکھنے میں بہت دلکش نظارہ لگتا ہے، دل مچلتا ہے کہ ہم بھی ان جنت نظیر وادیوں میں گھومیں، ٹھنڈی اور صاف فضا میں سانس لیں۔ جہاں ایک طرف دھوپ ہوتی ہے تو دوسری طرف کالے بادل ہوتے ہیں اور کہا یہ جاتا ہے کہ وہاں بارش یا برف باری ہو رہی ہے۔ بے شک نظارہ دل موہ لینے والا ہوتا ہے کہ بے اختیار سبحان اللہ کا ورد جاری ہو جاتا ہے۔ دعائیں کی جاتی ہیں کہ بابوسر ٹاپ پر برف باری ملے اور ہم اس سے لطف اندوز ہو سکیں لیکن وہیں ہم ان علاقوں میں خطرناک سڑکوں، اور دریاؤں، ندی نالوں میں طغیانی کو نظر انداز نہیں کر سکتے۔ کب لینڈ سلائیڈنگ ہو جائے، کب گلیشیئر گر جائے، کب بادل پھٹ جائے اور سیلاب کی صورتحال اختیار کر جائے۔ بڑے بڑے پہاڑ، نوکیلی چٹانیں، چھوٹے بڑے پتھر سب منہ زور پانی اپنے ساتھ بہا کر لے جاتا ہے اور یہ سب ایک لمحے میں ہوتا ہے کہ انسان کو کچھ سوچنے اور سمجھنے کا موقع ہی نہیں ملتا، ایسے میں بلند و بالا پہاڑوں اور دوسری طرف کھائیوں پھر برائے نام سڑک اور ان پر گاڑیوں، جیپوں اور بسوں کا اژدھام، ایک ذرا سی لغزش، ایسے میں جائیں تو جائیں کہاں۔ موت سنبھلنے کی مہلت نہیں دیتی۔

تفریحی سفر جو خوشی، قہقہوں، امنگوں، امیدوں، اپنے پیاروں کے ساتھ وقت گزارنے اور یادیں بنانے کے خیال سے شروع ہوتا ہے کون جانتا ہے کہ کب کہاں اور کیسے وہ ایڈونچر کسی سانحے میں تبدیل ہو جائے گا، ایسا تو کوئی بھی نہیں چاہتا نہ ہی کوئی سوچتا ہے۔ اس میں قصور کسی کا نہیں ہوتا۔ بس موسم کے تیور دیکھنے چاہیے پھر کچھ احتیاطی تدابیر ہوتی ہیں جو کسی بھی مقام کے سفر سے پہلے ہمیں اپنانی ہوتی ہیں۔

جب بھی کسی مقام کی طرف سفر کا ارادہ کریں تو سب سے پہلے وہاں کے موسمی حالات کا جائزہ لیں۔ شمالی علاقوں کا مون سون میں کبھی رُخ نہ کریں۔

مکمل تحقیق کریں کسی کی باتوں، وڈیوز یا ویلاگز اور ٹریول ایجنٹس پر انحصار نہ کریں۔ خود معلومات اکٹھی کریں، وہاں کے مقامی لوگوں سے بات کریں اور کسی ایک سے نہیں مختلف لوگوں سے معلومات لیں کیونکہ ہر ایک کے دیکھنے اور سوچنے کا زاویہ مختلف ہوتا ہے۔ اگر کوئی صحیح موسم میں گیا ہے تو سب ٹھیک ہی رہا ہو گا اس پر کسی بھی قسم کی قیامت نہیں گزری ہو گی۔ جہاں آج کل سوشل میڈیا کو معلومات حاصل کرنے کا ذریعہ سمجھا جاتا ہے وہیں غیر تحقیق شدہ خبریں زیادہ گردش کرتی ہیں لہٰذا کبھی بھی ایک خبر، بندے یا ذریعہ پر اعتبار نہ کریں۔

شمالی علاقہ جات کے بہت سے علاقوں میں کسی بھی موبائل کمپنی کا نیٹ ورک کام نہیں کرتا حتیٰ کہ وہاں کی مقامی سم بھی کام نہیں کرتی لہٰذا کسی بھی قسم کا رابطہ نہیں ہو پاتا۔ مقامی لوگوں کے پاس وسائل کی شدید کمی ہے، کسی بھی قسم کی امداد پہنچنے میں وقت لگتا ہے جب راستے بند ہو جائیں، پل ٹوٹ جائیں تو زمینی مدد نہیں پہنچ پاتی۔ عام لوگوں کے لیے فوراً فوجی دستے، ہیلی کاپٹر نہیں پہنچ پاتے۔ لوگ صرف دیکھ سکتے ہیں یا کیمرے کی آنکھ میں قید کر سکتے ہیں لیکن مدد نہیں کر سکتے کیونکہ ان کے پاس وسائل نہیں، تربیت کا فقدان ہے اور پھر سیلابی ریلے کے سامنے سب بے بس ہو جاتے ہیں۔

یہ کہنا کہ جہاں اور جیسے موت لکھی ہے آ کر رہے گی بالکل درست ہے لیکن اللہ تعالیٰ نے ہمیں عقل و شعور عطا کیا ہے تاکہ ہم اسے استعمال کر سکیں، مناسب وقت پر درست فیصلہ کر سکیں، حالات و واقعات کی جانچ پڑتال کر سکیں کیونکہ جان ہے تو جہان ہے۔

آج کے ٹیکنالوجی کے اس دور میں معلومات حاصل کرنا کوئی مشکل کام نہیں رہا۔ کسی بھی سفر سے پہلے مکمل منصوبہ بندی کریں۔ سوشل میڈیا کی ہر بات پر یقین نہیں کیا جاسکتا لیکن نظر انداز بھی نہیں کیا جاسکتا، جب ہر طرف شور ہے، خبریں ہیں کہ سیلابی صورتحال ہے، کہیں برفانی تودہ گر رہا ہے، لوگ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں، وہیں راستے خراب ہیں۔ چیخ چیخ کر بتایا جا رہا ہے کہ بارشوں میں سیاح سفر نہ کریں۔ شمالی علاقہ جات محفوظ نہیں ہیں، وہیں پڑھے لکھے لوگ پورے کے پورے خاندان سمیت کیسے ان علاقوں کا رُخ کر سکتے ہیں؟ یہ ایک بہت بڑا المیہ ہے۔ خدارا حالات پر نظر رکھیں، لمحہ بھر کے لیے سوچیں کہ تفریح کرنا زیادہ ضروری ہے یا اپنی جان کی حفاظت کرنا۔ ایسا نہ ہو کہ جائیں گھومنے اور واپس نہ آسکیں، گھر والوں کو لاش ہی نہ ملے، خود کو اور اپنے خاندان کو اس اذیت میں نہ ڈالیں۔ خود کو اور اپنے پیاروں کو موت کو گلے لگاتے ہوئے اور لوگوں کو بے بسی سے وڈیوز بناتے ہوئے دیکھنا کسی قیامت سے کم نہیں۔ سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں۔

حکومت کو چاہیے کہ اپنے مستند اداروں کے ویریفائیڈ سوشل میڈیا پیجز اور ویب سائٹس بنائیں جہاں سے تصدیق شدہ معلومات حاصل کی جاسکیں۔ لوگوں کو موسمی حالات سے آگاہی مل سکے، اگر کسی مشکل میں پھنس گئے ہیں تو اس سے نکلنے اور ان لوگوں کو جو موبائل پر وڈیوز بنا رہے ہوتے ہیں ان کو ہدایات اور تربیت دی جائے کہ کیسے سیاحوں کو اس وقت مشکل سے نکالا جاسکتا ہے۔ مزید یہ کہ سیاحوں کو راستوں کے خطرناک ہونے، لینڈ سلائیڈنگ والے علاقوں کا بتایا جائے۔ ٹیلی کمیونیکیشن کو فعال اور بہتر بنایا جائے تاکہ رابطے منقطع نہ ہوں اور مدد کے لیے دیے گئے نمبروں پر بروقت کال کی جاسکے۔ خطرناک علاقوں میں پولیس چوکیاں ہوں جو لوگوں کو معلومات دے سکیں اور رہنمائی کرسکیں۔ چیک اینڈ بیلنس رکھیں مون سون اور لینڈ سلائیڈنگ کے دنوں میں سیاحوں کا داخلہ بند کر دیں۔

ایسے یوٹیوبرز جو صرف اپنا کام چلانے کے لیے لوگوں کو غلط معلومات فراہم کرتے ہیں ان کے خلاف کارروائی کی جائے تاکہ کوئی بھی غیر تحقیق شدہ، سنسنی خیز خبر نہ پھیلے۔ ٹریول ایجنٹس کو تاکید کی جائے کہ وہ بارشوں کے موسم میں شمالی علاقہ جات کا سفر نہ رکھیں اور لوگوں کی قیمتی جانوں سے نہ کھیلیں۔ جان بھی جاتی ہے ساتھ میں گاڑی اور باقی مالی نقصان بھی ہوتا ہے آج کل گاڑی خریدنا کون سا آسان ہے لہٰذا اپنے کاروبار کے لیے لوگوں کا جانی و مالی نقصان نہ کریں۔ اداروں کو چاہیے کہ ان علاقوں جہاں پر لینڈ سلائیڈنگ کا خطرہ ہے وہاں پر مشنری پہلے سے موجود ہونی چاہیے تاکہ لوگوں کو فوراً نکالا جاسکے اور جانی نقصان کو کم سے کم کیا جاسکے۔ اگر مناسب اور محفوظ اقدامات نہ کیے گئے تو آنے والے دنوں میں سیاحت ختم یا کم ہونے کا خدشہ ہے۔ کیونکہ جس طرح سے اس رواں سال میں جانی و مالی نقصانات ہوئے ہیں اور خاندانوں کے خاندان لمحہ بھر میں لقمہ اجل بنے ہیں، اس نے ثابت کر دیا ہے کہ قیامت سے پہلے قیامت کیا ہوتی ہے ایسے میں سیاح کبھی ان آفت زدہ علاقوں کا رُخ نہیں کریں گے۔

وولف، بامگارٹن، کانٹ اور ہیگل 1

عبداللہ الطاف

ابتدائیہ

بامگارٹن (Baumgarten)

لیبنز اور وولف کی عقلیت پسندی کے اتباع میں (مابعد الطبیعات) اور (موجودیات) کے مابین کوئی فرق نہیں رکھتا۔ وولف کا لیبنز کو جرمن زبان میں متعارف کروانے کے بعد جرمن حلقوں میں لفظ (موجودیات۔ اونٹالوجی) بے دریغ کثرت کے ساتھ استعمال ہوتا رہا۔

جرمن فلاسفہ جب جرمنی میں فلسفیانہ مکینکس ترتیب دے رہے تھے تو ان کے پاس وولف کی وساطت سے لیبنز کی عقلیت پسندی سے نہ صرف واسطہ پڑا بلکہ جرمن زبان میں پہلا سیسٹمیٹک فلسفی وولف لیبنز کا جانشین و پیرو تھا جو اپنی کتابوں کے ذریعے محض لیبنزین فکر کی نہ صرف ترویج کرتا رہا ساتھ ہی ساتھ اپنی فکر کی اور آنے والے وقت میں (کانٹ، فختے اور ہیگل) تک کے لئے الفاظ کا ذخیرہ اور ذہنی مشق کے لئے بنیادی سوالات (مسائل) و حوالہ جات بھی مہیا کر دیے۔

وولف کا بنیادی مقدمہ عقلیت پسندی کو رائج کرنا تھا اس سلسلے میں وہ پہلا شخص تھا کہ جس نے (موجودی اور ما بعد الطبیعی) مسائل جرمنی میں اٹھائے اور ان دونوں کے مابین جو ایک فرق چلا آ رہا تھا کو ختم کیا کہ جہاں (مابعد الطبیعات) محض being qua being کی سائنس تک ہی محدود تھی اور (موجودیات۔ اونٹالوجی) کہ جو وجود کی سائنس ہے کو (ایک وجودی اساس کے بطور مابعد الطبیعات کا معروض یا بحوالے شے کے لا کھڑا کرتی اور تجزیات پیش کرتی تھی) جس کی وجہ سے (موجودیات) کو (مابعد الطبیعات) کا ایک ذیلی حوالہ ہی مل پاتا تھا۔ (اس پر نیچے بات کرتے ہیں) وولف کا پیرو بامگارٹن تھا، بامگارٹن نے Metaphysica نامی کتاب لکھی کہ جو (لیبنزین اور وولفین) سٹمز کی مکینکس بیان کرتی تھی۔ میرے نزدیک ممکن ہی نہیں تھا کہ بامگارٹن ایسی کتاب لکھتا اور اس کتاب کے معیار و صیقل میں جوں کے توں اترنے والا کوئی قاری و مفکر نصیب نہ ہوتا اس کتاب کو (کانٹ) جیسا فلسفی نصیب ہوا (کانٹ یہ کتاب اپنے طلبہ کو مابعد الطبیعات پڑھانے کے لئے تقریباً پینتالیس سال تک استعمال کرتا رہا)، جس نے وولف کی موجودیات اور مابعد الطبیعات کے مابین عین کو برقرار رکھتے ہوئے (علمیاتی حوالے کے وجود کی امکانی خصائص کی بات کی یعنی وہ (وجود جیسا وہ ہے یعنی پیور وجود برائے وجود) کے برعکس وہ ایک (امکانی وجود) اور اس (امکانی وجود) کی علمیاتی اساس کی بات کرتا ہے اور موجودیات کو (وجود برائے ایک تصور) کے لیتا ہے۔

میرے نزدیک وولف اور بامگارٹن بہت سا کام کر گئے تھے مسئلہ یہ پیدا ہوا کہ چونکہ وہ عقلیت پسند تھے لہٰذا ان کی مجبوری تھی کہ وہ (قبل تجربی قضایہ) کو ثابت کریں وولف جب (موجودیات اور مابعد الطبیعات) کے فرق کو ختم کرتا ہے تو ساتھ ہی ساتھ وہ ادراکی قوت۔ Cognition کے حوالے سے وہ بنیادی (قبل تجربی۔ خلقی قضایہ) ڈھونڈ نکالتا ہے کہ جو (موجودی اور ما بعد الطبیعی تصورات) کی عینیت کے بطور ثابت ہوجاتے ہیں اور اس طرح علمیات بھی اپنا حصہ ڈھونڈ نکالتی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ وولف اور بامگارٹن نے مابعد الطبیعات کو پھر دو حصوں میں تقسیم کیا کہ جس کو بعد میں پھر کانٹ نے بھی قبول کر لیا، وہ تقسیم یہ ہے

خیر اب کانٹ جب (وولف اور بامگارٹن) کی فلسفیانہ پیش رفت کے بعد being qua being سے ہٹ کر جب concept of being کی بات کرتا ہے اور (ماورائی موجودیات) کے پیش نظر ایک (علمیاتی امکانی وجود) کی بات کرتا ہے کیونکہ کانٹ وولف اور بامگارٹن کی نری عقلیت پسندی کا ناقد تھا اس کے نزدیک (قبل تجربی مقولات) تجرباتی مواد کی فراہمی کے بغیر ناقص ہیں لہٰذا یہاں لازمی تھا کہ وہ معروض کے ساتھ کانسپٹ اور اس کے بعد وجود کو کہ جو اب (محض موجودیاتی نہیں بلکہ مابعد الطبیعی اساس کے حامل بھی تھا، ایک دوسرے کے عین تھے) کے بطور امکانی وجود کی بات کرے کہ جس کا ادراک (حسیات) سے حاصل شدہ مواد کے بغیر ممکن نہیں۔

اس کے بعد (پوسٹ کانٹین۔ مابعد کانٹین) فکر کی ابتدا ہوتی ہے کہ جہاں جیسے جرمن فلسفے کے اوائل عمر میں جب (وولف اور بامگارٹن) نے جو بنیاد رکھی تھی کو کانٹ نے قبول کرتے ہوئے کرہ ارض میں موجود معصر فکری اکڑپن کو دریافت کرتے ہوئے جب (برطانوی تجربی فکر) کی تشکیک پسندی کو دیکھا تو دونوں کو قبول کیا لیکن ایک اہم بات جو مجھے ستاتی ہے کہ کانٹ نے ہر ایک شے اور فکری روایت کو ایک ناقد کی نظر سے دیکھا لیکن وولف اور بامگارٹن کی موجودی اور ما بعد الطبیعی پیش رفت کو کیوں نہ ایک ناقد کی نظر سے دیکھنے کی کوشش کی۔ ہاں کانٹ اس پیش رفت کے بعد حاصل شدہ نتیجے کا سب سے بڑا ناقد تھا لیکن اس کے پس پشت اصل مکینکس کا نہیں۔

خیر اسی طرح (پس کانٹین)۔ بالخصوص فختے اور ہیگل مفکرین نے کانٹ ہی کے (تنقیدی منہج) کو آگے بڑھاتے ہوئے بڑے پیرائے میں پرو دیا۔

لیکن ایک بنیادی تبدیلی بھی آئی، اور وہ تبدیلی (وجود کی سائنس) کو دیکھنے کا ایک الگ رویہ تھا کہ جس کے جراثیم کانٹ کی فکر میں موجود تھے اور اس کے تنقیدی منہج کا اثاثہ تھے کہ جو ہیگل کو وراثت میں ملے، ملے تو فختے کو بھی تھے لیکن ان جراثیموں کی پرورش ہیگل نے ہی کی۔

وہ اہم رویہ تھا موجودیات کو (پیور تھاٹ کا معروض یا فکر کو براہ راست ادراک) کی بنیاد بنانا اس طرح جہاں پہلے وولف اور بامگارٹن نے (موجودیات اور ما بعد الطبیعات) کے فرق کو جہاں منہدم کیا وہیں ہیگل، کانٹ کی فکر کے جانشین کی حیثیت سے (منطق) کو بھی نہ صرف اس میں شامل بلکہ تمام (مابعد الطبیعاتی) حقائق کو منطق جس کو وہ سائنس کہتا تھا میں جذب کرنے کے درپے تھا کہ جس کی وجہ سے ہیگل کی روح مطلق کی (آٹے کی چکی چھل پیتی) رہے یہی چکی پینا اس کے تصور نفی اور داخلیت کی بنیادی اساس ہے کہ جس کے اندر، دروں بین مواد (خود کار طریقے سے پیدا ہوتا رہتا) اور اس میں سے (مخصوص، خاص و خالص۔ پیور مواد) اپنی شناخت کو برقرار رکھتے ہوئے نتیجے کے طور پر (آٹا) ایک کیفیاتی ارتفاع کے حامل مواد کے بطور پتا اور نکلتا رہتا ہے۔ (اس طرح ہیگل کے نزدیک تمام موجودیاتی دلائل خدا کے حق کے حوالے سے خارج ہو جاتے ہیں، کانٹ پہلے بھی اس حوالے سے نقد کر چکا تھا، دراصل یہی بنیادی تنقید بھی تھی کانٹ کی وولف پر مزید ہیگل کے نزدیک مابعد الطبیعاتی حقائق بھی محض ایک ریفرنس کے تحت ہی منطق اور بنتروں کی ذیل میں آتی ہیں اسی لئے ہیگلین لاجک کو ہم۔ metaphysics as logic کہتے ہیں)

ایک اہم نقطہ جو اگلی اقساط میں کام آئے گا کہ کانٹین فکر اس حوالے سے (فکر و شعور) کی دوئی پیدا کر دیتی ہے ساتھ ہی ساتھ وجود بحوالے ایک امکان کے (تضادات یعنی داخلی تضادات) کا احاطہ نہیں کرتا لیکن کانٹین فکر کی مدافعتی قوت نے اس مسئلہ سے نبرد آزما ہونے کے لئے اپنے اندر جراثیم پیدا کر لئے تھے لیکن ان جراثیموں کو بچانے کا سامان کانٹین فکر میں موجود نہ تھا کیونکہ اس تصور کو ہضم کرنے کے لئے فکر و شعور کی دوئی محال تھی لہٰذا یہ جراثیم ہیگلین فکر میں اپنی جگہ بنا سکے اور ایک دیو کی حامل سسٹم کی شکل میں واضح ہوئے، جہاں سسٹم کو مسلسل متحکم رکھنے کی اساس (داخلی تضادات) پر منحصر ہوتی ہے۔

خیبر پختونخوا: کوہستان کرپشن اسکینڈل

پاکستان کی سیاسی تاریخ ہمیشہ سے تنازعات، الزامات اور اسکینڈلز سے بھری رہی ہے، لیکن کوہستان کرپشن اسکینڈل نے بدعنوانی کے نئے ریکارڈ قائم کر دیے ہیں۔ بات صرف مالی خرد برد کی نہیں، بلکہ عوامی اعتماد کے ساتھ کھلواڑ اور اقتدار کی ہوس کی عبرتناک مثال ہے۔ تحریک انصاف جو اپنے آپ کو "تبدیلی" کا علمبردار کہتی ہے، اس اسکینڈل نے اس کے دعوؤں کی قلعی کھول دی ہے۔

کوہستان، خیبر پختونخوا کا ایک پسماندہ علاقہ، جہاں ترقیاتی منصوبوں کی بات تو بہت کی جاتی ہے، لیکن عملی طور پر زمین پر کچھ نظر نہیں آتا۔ یہ اسکینڈل اس وقت منظر عام پر آیا جب نیب نے کوہستان میں ترقیاتی منصوبوں کے نام پر کی گئی مبینہ بدعنوانی کی تحقیقات شروع کیں۔ نیب کے مطابق، پی ٹی آئی کی صوبائی حکومت کے دور میں کوہستان میں کاغذات پر کئی بڑے منصوبوں کے لیے اربوں روپے مختص کیے گئے، لیکن عملی طور پر نہ کوئی سڑک بنی، نہ ہسپتال تعمیر ہوا، نہ ہی کوئی اسکول یا پل وجود میں آیا۔ یہ سب کچھ صرف فائلوں اور کاغذات تک محدود رہا۔"

نیب کی کارروائیوں نے انکشاف کیا کہ تقریباً 200 ارب روپے کے ترقیاتی فنڈز کو مختلف منصوبوں کے نام پر نکلوایا گیا۔ لیکن حیرت انگیز طور پر، ان منصوبوں کے لیے مختص رقوم یا تو ٹھیکیداروں کے ذاتی اکاؤنٹس میں منتقل ہوئیں یا پھر جعلی چیکوں کے ذریعے غائب کر دی گئیں۔ اس بدعنوانی کے نیٹ ورک میں اعلیٰ حکومتی عہدیداروں سے لے کر مقامی ٹھیکیداروں تک شامل تھے، جن میں پی ٹی آئی کے کچھ اہم رہنما بھی نمایاں ہیں۔

نیب کی حالیہ کارروائیوں نے اس اسکینڈل کے کئی خوفناک پہلوؤں کو بے نقاب کیا۔ تحقیقات کے دوران 25 ارب روپے کے اثاثے منجمد کیے گئے، جن میں 1 ارب روپے نقد، 3 کلو سونا، غیر ملکی کرنسی، اور 77 لگژری گاڑیاں شامل ہیں۔ اس کے علاوہ، 73 بینک اکاؤنٹس فریز کیے گئے، جن سے 5 ارب روپے برآمد ہوئے۔ یہ تمام اثاثے مبینہ طور پر ان ٹھیکیداروں اور عہدیداروں کے نام پر تھے جو اس کرپشن نیٹ ورک کا حصہ تھے۔

سب سے چونکا دینے والا انکشاف پی ٹی آئی کے رہنما اعظم سواتی کا نام سامنے آنا تھا۔ نیب کے مطابق، اعظم سواتی کے ذاتی اکاؤنٹ میں 300 ملین روپے منتقل کیے گئے، لیکن وہ نیب کے سامنے پیش نہیں ہوئے۔ اس کے علاوہ، کروڑوں روپے مالیت کے پلازوں، گھروں اور دکانوں کی تفصیلات بھی سامنے آئیں، جو مبینہ طور پر اس کرپشن سے حاصل کی گئیں۔

تحریر
روپ چند
سکرانی

اس اسکینڈل کی سب سے پریشان کن بات یہ ہے کہ یہ کوئی اتفاقیہ واقعہ نہیں تھا، بلکہ ایک منظم نیٹ ورک کے ذریعے عوامی وسائل کی لوٹ ماری گئی۔ نیب کی رپورٹس کے مطابق، ترقیاتی منصوبوں کے ٹھیکوں کے لیے جعلی کمپنیوں کا سہارا لیا گیا۔ ان کمپنیوں نے کاغذات پر منصوبوں کی تکمیل کے جعلی سرٹیفکیٹس جمع کیے اور اربوں روپے وصول کیے۔ کچھ معاملات میں، منصوبوں کے لیے مختص زمین ہی فروخت کر دی گئی، جبکہ کچھ جگہوں پر معمولی کام دکھا کر بڑی رقوم نکلوائی گئیں۔

یہ نیٹ ورک صرف مقامی ٹھیکیداروں تک محدود نہیں تھا۔ اعلیٰ حکومتی عہدیداروں نے مبینہ طور پر ان جعلی منصوبوں کو منظوری دی اور فنڈز کی منتقلی میں سہولت فراہم کی۔ اس کے بدلے میں، وہ کمیشن اور دیگر مراعات حاصل کرتے تھے۔ یہ بات حیران کن ہے کہ پی ٹی آئی، جو اپنے سیاسی بیانیے میں بدعنوانی کے خاتمے کی بات کرتی رہی، اسی بدعنوانی کا شکار ہوئی یا اسے فروغ دیا۔

کوہستان جیسے پسماندہ علاقے کے لیے 200 ارب روپے کی رقم کوئی معمولی بات نہیں۔ یہ وہ خطیر رقم تھی جو اس علاقے کی تقدیر بدل سکتی تھی۔ اس سے ہسپتال، اسکول، سڑکیں اور پلوں کی تعمیر ہوسکتی تھی۔ لیکن بدقسمتی سے، یہ پیسہ عوام کی بجائے چند افراد کی تجوریوں میں چلا گیا۔ کوہستان کے عوام آج بھی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ نہ تو ان کے پاس صاف پانی ہے، نہ بجلی، اور نہ ہی علاج معالجے کی مناسب سہولیات۔ یہ اسکینڈل صرف مالی بدعنوانی کی کہانی نہیں، بلکہ کوہستان کے غریب عوام کے ساتھ کیے گئے ظلم کی داستان ہے۔

پی ٹی آئی کے ترجمانوں نے اس اسکینڈل کو "سیاسی انتقام" قرار دیتے ہوئے نیب کی کارروائیوں پر سوالات اٹھائے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ الزامات بے بنیاد ہیں اور ان کا مقصد پی ٹی آئی کی ساکھ کو نقصان پہنچانا ہے۔ لیکن نیب کی جانب سے پیش کیے گئے ٹھوس شواہد، جیسے کہ منجمد کیے گئے اثاثے، برآمد شدہ نقدی، اور فریز کیے گئے بینک اکاؤنٹس، ان کے بیانیے کو کمزور کرتے ہیں۔ عوام اب یہ سوال پوچھ رہے ہیں کہ اگر پی ٹی آئی واقعی بدعنوانی کے خاتمے کی علمبردار ہے، تو اس کی اپنی صوبائی حکومت میں یہ سب کچھ کیسے ہوا؟

کوہستان کرپشن اسکینڈل سے ایک بات تو طے ہوئی کہ پاکستان میں بدعنوانی ایک گہرا مرض ہے، جو کسی ایک جماعت تک محدود نہیں۔ پی ٹی آئی، جو اپنے آپ کو دوسروں سے مختلف ثابت کرنے کی کوشش میں تھی، اس اسکینڈل نے اس کی ساکھ کو شدید دھچکا لگایا ہے۔ عوام کا پیسہ لوٹنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ نیب کی کارروائی ایک اچھا آغاز ہے، لیکن اسے مکمل شفافیت کے ساتھ اپنے منطقی انجام تک پہنچنا چاہیے۔

کوہستان کے عوام، جو برسوں سے ترقی کے منتظر ہیں، اس اسکینڈل کے بعد ایک بار پھر مایوسی کے عالم میں ہیں۔ لیکن یہ مایوسی ایک نئے عزم کا پیش خیمہ بھی بن سکتی ہے۔ اگر ہم واقعی تبدیلی چاہتے ہیں، تو ہمیں نہ صرف بدعنوان عناصر کا احتساب کرنا ہوگا، بلکہ ایک ایسا نظام بھی بنانا ہوگا جو شفافیت اور جوابدہی کو یقینی بنائے۔ ووٹ کا تقدس اور عوامی اعتماد کوئی مذاق نہیں۔ یہ وقت ہے کہ ہم اپنے مستقبل کے لیے کھڑے ہوں اور اپنے حقوق کے لیے آواز اٹھائیں۔

کمپیوٹر کی نصابی کتب اور رسمی تعلیم و تعلم

منزہ نبیل

کمپیوٹر جدید دور کی اہم ترین ایجاد ہے۔ اس نے زندگی کے تمام امور میں واضح تبدیلیاں پیدا کی ہیں۔ اس کا استعمال دنیا کے تمام شعبوں میں ناگزیر ہے۔ کیا ہر شخص کاروبار زندگی میں اہم ترین حیثیت رکھنے والی اس ایجاد کے استعمال سے واقف ہے؟ صرف یہی نہیں کیا ہر شخص کو اس ایجاد تک رسائی حاصل ہے؟ یہ توجہ طلب سوالات ہیں۔ آئیے ذیل میں اس بارے میں جائزہ لیتے ہیں۔

پہلے پہل تعلیمی نظام پر نظر ڈالی جائے۔ خواہ وہ سکول ہو یا کالج ہو۔ جماعت اول سے لے کر جماعت ہشتم تک کمپیوٹر کو لازمی مضمون کا درجہ حاصل ہے۔ جبکہ جماعت نہم سے لے کر بارہویں جماعت تک اسے اختیاری مضمون کی حیثیت تو حاصل ہے۔ مگر طلبہ کی اکثریت اسی مضمون کو پڑھنا پسند کرتی ہے۔

یہ تو خوش آئین بات ہے کہ ہمارے تعلیمی نصاب میں کمپیوٹر کی کتاب لازمی ہے۔ مگر اس کے نصاب کا جائزہ لیا جائے تو اس میں بہت سی خامیاں ہیں۔ جن کی اصلاح کی اشد ضرورت ہے۔

کمپیوٹر کی نصابی کتب میں وہ تمام معلومات شامل کی گئی ہیں۔ جن میں زیادہ تر کمپیوٹر کی ساخت، تشکیل، بناوٹ کی وضاحت کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں جن شخصیات نے اس کی ایجاد میں اپنی خدمات سرانجام دیں ہیں۔ ان کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ نصاب اگرچہ دلچسپ اور نظری معلومات پر تو مشتمل ہے۔ لیکن اس کا امتحان دینے کے علاوہ عملی زندگی میں کوئی خاطر خواہ فائدہ نہیں ہے۔

نصاب کے علاوہ اگر تعلیم و تعلم کی بات کی جائے۔ تو اس نصاب کی تدریس پر مامور اساتذہ اکثر و بیشتر خود نہ تو نصاب کے بارے میں واضح اور مکمل علم رکھتے ہیں۔ نہ تو احسن طریقے سے طلبہ کو یہ نصاب پڑھا سکتے ہیں۔ نتیجتاً وہ کتاب میں دی گئی معلومات کو فقط خود پڑھ کر یا طلبہ سے جماعت میں باری باری پڑھوا کر مشق میں دیے گئے سوالات کے جوابات کے نشانات تو لگوا دیتے ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ طلبہ کو یہ بات بھی ذہن نشین کروا دیتے ہیں۔ کہ ان جوابات کو اچھی طرح یاد کرلیں تو امتحان اچھا ہو جائے گا۔ اچھے نمبر آجائیں گے۔ مختصر یہ کہ یاد کر کے ان معلومات کو ذہن میں محفوظ کرلیں۔ پھر امتحان میں مطلوبہ سوال کا جواب من و عن جس طرح کتاب میں درج ہے۔ امتحانی پرچے میں تحریر کریں۔ اس طرح زیادہ سے زیادہ نمبر حاصل ہوں گے۔ اور اچھے گریڈز اور پوزیشن حاصل ہو جائے گی۔

دوسری طرف طلبہ کی بات کی جائے تو ان کی تمام تر توجہ اور محنت زیادہ سے زیادہ نمبر اور اچھے گریڈز حاصل کرنے پر ہوتی ہے۔ وہ اپنے اس مقصد کو حاصل کرنے کے لیے ساری محنت صرف کرتے ہیں۔ ان کی اس ان تھک محنت اور کوشش کے نتیجے میں انہیں اعلی نمبر تو حاصل ہو جاتے ہیں۔ لیکن امتحان دینے کے بعد یہ معلومات ان کے ذہن سے اس طرح نکلتی ہیں۔ گویا انہوں نے کبھی پڑھا ہی نہیں تھا۔

کمپیوٹر کی تقریباً تمام کتب اور اساتذہ کے انداز تدریس میں طلبہ کو کہیں بھی عملی زندگی میں کمپیوٹر کا استعمال نہیں سکھایا جاتا۔ نہ اس کی اہمیت اور افادیت سے روشناس کروایا جاتا ہے۔

اگرچہ ہمارے تعلیمی اداروں میں کمپیوٹر لیبز تو موجود ہیں۔ جن کا مقصد طلبہ کو کمپیوٹر کے عملی استعمال سے آراستہ کرنا ہے۔ مگر بدقسمتی سے یہ لیبز یا تو بند رہتی ہیں۔ اگر کہیں کھلتی ہیں۔ اور اساتذہ طلبہ کو عملی تربیت کے لیے لیب میں لے جائیں۔ تو لیب میں موجود اکثر و بیشتر سسٹم ہی کام نہیں کرتے۔ یا وہ اتنے پرانے ہوتے ہیں کہ ان میں جدید سافٹ ویئرز وغیرہ سے ہم آہنگی کی صلاحیت ہی نہیں ہوتی۔

اس سارے سلسلے کے ساتھ ساتھ مختلف سوشل میڈیا ایپس اور سرکاری، نیم سرکاری اور پرائیویٹ اداروں نے طلبہ کو کمپیوٹر کا عملی استعمال سکھانے کے لیے شورٹ کورسز کا اجرا کر رکھا ہے۔ یہ کورسز سود مند تو ہیں۔ مگر صرف ان طلبہ کے لیے جنہیں ان اداروں تک رسائی حاصل ہے۔

یہ ادارے تو عملی زندگی میں کمپیوٹر کے استعمال کے حوالے سے طلبہ کی تعلیم و تربیت میں مصروف ہیں۔ انہیں اس میدان میں عملی مہارتیں سکھا رہے ہیں۔

خلاصہ یہ کہ طلبہ اپنے ذاتی شوق، جستجو اور محنت کے نتیجے میں ان اداروں سے وابستہ ہو کر کمپیوٹر کا عملی استعمال سیکھنے میں مصروف ہیں۔ مگر جو فائدہ تعلیمی اداروں سے طلبہ کو پہنچنا چاہیے وہ نہیں پہنچ رہا۔

ضرورت اس امر کی ہے کہ تعلیمی اداروں میں کمپیوٹر کے اساتذہ کے لیے ٹریننگ سیشنز منعقد کیے جائیں۔ تاکہ انہیں جدید دور کے تقاضوں کے مطابق کمپیوٹر کے استعمال سے آگاہی فراہم کی جاسکے۔ انہیں جدید اور موثر طریقہ ہائے تدریس سے واقفیت دلائی جا سکے۔

اس کے ساتھ ساتھ اساتذہ کی جانب سے طلبہ کو صرف نصابی کتاب میں بیان کردہ نظری معلومات ہی فراہم نہ کی جائیں۔ بلکہ طلبہ کو بتایا جائے۔ کہ نظریاتی تعلیم سے زیادہ عملی تربیت اور مہارتیں اہمیت کی حامل ہیں۔ جو مستقبل میں آپ کی عملی زندگی کو سنوارنے اور پرسکون بنانے میں مدد دیں گی۔

ان تمام اقدامات کے نتیجے میں طلبہ کا طبقہ کمپیوٹر کے استعمال سے واقف ہوگا۔ رفتہ رفتہ اس شعبے میں ماہر ہوگا۔ اس مہارت کے صلے میں نہ صرف اس کی ذاتی زندگی بہرہ ور ہو گی۔ بلکہ ملک و قوم بھی ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوں گے۔ مزید یہ کہ وہ جس شعبے سے مستقبل میں روزگار کے حصول کے لیے منسلک ہوگا۔ وہ بھی ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو گا۔ یوں کمپیوٹر کی تعلیم صرف ڈگری اور کاغذ تک محدود نہیں رہے گی۔ بلکہ عملی زندگی میں موثر اور سود مند ثابت ہوگی۔

کیا اپنا جنسی رجحان بتانا جرم ہے؟

عبدالستار (میاں چنوں)

جہاں نفرت کی باقاعدہ تربیت دی جاتی ہو، محبت کرنے والوں کو سنگسار کرنے کا چلن ہو، سوال پر روایات کے کڑے پہرے ہوں، ذرا سا ہٹ کر سوچنے والوں کو جان کے لالے پڑے ہوں وہاں منافقت تو پنپ سکتی ہے حقیقی رویے نہیں۔

ٹیڑھی شخصیت، ٹیڑھے رویے اور ادھ ادھورے سچ ہم کو خاصے دلکش لگتے ہیں کیونکہ یہ دماغ پر بھاری نہیں ہوتے اور آسانی سے ڈائجسٹ بھی ہو جاتے ہیں، ہر وہ سوال یا حقیقت جو ہماری بوسیدہ روایات کو چیلنج کرے، صدیوں سے قائم شدہ تصورات کے بخیے ادھیڑے یا ہمارے بندھے بندھائے فکری ڈھانچے کی تہہ میں تلاطم برپا کرے ہمارے لیے برداشت کرنا خاصا تکلیف دہ اور بعض اوقات ناقابل برداشت ہو جاتا ہے۔

روایات کی راہ میں کچھ نیا، منفرد یا انوکھا خیال یا تصور حائل کرنا بہت مشکل ہوتا ہے، ہمارے آلسی رویے یا ٹکے بندھے رجحانات کسی نئے خیال کی بازگشت یا دھمک کو فوری طور پر محسوس کرنے یا قبول کرنے کے لیے تیار ہرگز نہیں ہوتے۔

ڈاکٹر خالد سہیل کا کالم بعنوان "جب میرے مریض نے مجھے اپنا جنسی راز بتایا" نظروں سے گزرا، جس میں ان کا ایک مریض 50 سال کی عمر میں اپنی جنسی راز ان کو بتاتا ہے کہ وہ ایک "گے" ہے، خالد سہیل پوچھتے ہیں کہ پھر آپ نے شادی اور بچے پیدا کیوں کیے؟

انتھونی جو کہ مریض کا نام ہے کہتا ہے کہ سماجی دباؤ، روزی روٹی اور دیگر رشتوں کے ہاتھوں مجبور تھا، دوہری اور غیر حقیقی زندگی جیتا رہا اور اپنے اندر کے سچ سے چھپن چھپائی کے باوجود حقیقی راحت سے محروم رہا اور آج تھیراپی کی بدولت دہائیوں پرانا مدفن سچ زبان پر آ ہی گیا۔

انتھونی تو خیر ایک ایسی دنیا کا باسی تھا کہ جہاں سچ کو زبان دینے والے مسیحا کے روپ میں مل جاتے ہیں، ان کا ذہنی ارتقاء انہیں اس بلندی تک لے جا چکا ہے کہ ذہن کے نہاں خانے میں زبردستی دفن کیے جانے والے انسان کی ذات سے متعلقہ سچ ان کو ذہنی مریض بنا دیتے ہیں اور بعض اوقات تو اس طرح کے شخص میں تجسس اور مکروہ رویے فروغ پانے لگتے ہیں۔

لیکن ایک ایسے سماج کا کیا کریں کہ جہاں بچپن سے منافق بنانے، جھوٹ پر سچ کا لیپ کرنے اور زندگی کے تلخ حقائق پر پردہ ڈالنے کی باقاعدہ تھیراپی اور تربیت دی جاتی ہو؟

سائنس نے ڈی این اے، آر این اے، جرثومے اور مختلف بیماریوں سے لے کر ارتقائی مراحل کے کئی سارے رازوں سے پردہ ہٹا دیا ہے، اس کے علاوہ جینیاتی و جسمانی مسائل و عوارض اور مختلف جنسی رجحانات کے متعلق بھی تجربات کی روشنی میں بہت کچھ واضح کر دیا ہے، ہوموسیکشوائل، بائی سیکشوائل، سٹریٹ، گے، لیزبین حتی کہ اے سیکشوائل ایسے افراد بھی دنیا میں موجود ہیں۔

اب ایک ایسا معاشرہ جو ٹرانس جینڈر کو سنجیدگی سے نہیں لیتا وہ اتنے سارے جنسی رجحان رکھنے والوں کو بھلا کیسے سنجیدگی سے لے سکتا ہے؟

باقی یہ تو ایک سچ ہے اور کئی بہت سارے مختلف سچ منافق سماج میں یونہی بھٹکتے رہتے ہیں، حساس افراد ذہنی مریض بن جاتے ہیں، طاقتور اور باوسائل اپنی استطاعت و باؤنڈری کی وسعت میں مگن رہ کر عیاشیوں میں مصروف رہتے ہیں۔

جس کا جتنا منہ اتنا بڑا نوالہ ہوتا ہے، طاقت کے کھیل میں طاقتور ہی راج کرتے ہیں، کنٹرولڈ سچ، مخصوص فکری زاویے، مسخ شدہ حقائق اور مخصوص فکری بہاؤ کی ناؤ انہی طاقتوروں کی دسترس میں ہوتی ہے۔

مختلف جنسی رجحانات کے پہلو کو تو ایک طرف کر دیں یہاں تو مختلف رائے رکھنا بھی جرم ہے، مخصوص فکری دائرے سے باہر جھانکنا گستاخی خیال کیا جاتا ہے، زندگی کے کئی ایسے پہلو ہیں جن پر ایک سیر حاصل بحث کی ضرورت ہے لیکن گھنٹی کون باندھے بھائی؟

ہر انسان کی ذات کے اپنے اپنے اندرونی سچ، رجحانات اور انفرادیت ہوتی ہے، مہذب معاشروں میں ایسے افراد اظہار کے ذریعے سے اپنی زندگی کو اپنے مطابق جینے کے قابل بنا لیتے ہیں، تنگ اور گھٹن زدہ سماج میں لوگ یا تو منافق بن جاتے ہیں یا اپنے ضمیر کی قید میں گھٹ کر مر جاتے ہیں۔



بشریٰ انصاری کا مدارس کی نگرانی کا مطالبہ، والدین بھی بچوں پر رحم کریں

والدین کی ذمہ داری بھی بنتی ہے، وہ اپنے بچوں کی شکایتوں کو بہانہ نہ سمجھیں، اداکارہ

کراچی (شوبز ڈیسک) سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے سوات میں مدرسے کے استاد کے مبینہ تشدد سے بچے کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ بشریٰ انصاری نے مدارس کی رجسٹریشن اور سخت مانیٹرنگ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وقت آگیا ہے، ان معاملات پر ریاست اپنا کردار ادا کرے۔ اداکارہ نے کہا کہ دیکھنے میں آیا ہے، کچھ مدارس میں کچھ ناتجربہ کار اساتذہ بچوں کو خوف زدہ کرکے تعلیم دینا چاہتے ہیں جو اسلام کی تعلیمات کے بالکل برخلاف ہے۔ بشریٰ انصاری نے کہا کہ مدارس کے اساتذہ توازن نہیں رکھ پارہے ہیں، یہی وجہ ہے، ایسے واقعات عام ہوتے جا رہے ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ اس میں جہاں مدارس کے اساتذہ، انتظامیہ اور حکام ذمہ دار ہیں،

پاکستانی اداکارہ وماڈل کومل میر کی فلرز یا کسی قسم کی کاسمیٹک سرجری کی تردید

میں نے کھانے پینے کا خاص خیال نہیں رکھا، بس نارمل طریقے سے چھ کلو وزن بڑھ گیا، جو زیادہ تر چہرے پر چڑھ گیا

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکارہ و ماڈل کومل میر نے فلرز یا کسی قسم کی کاسمیٹک سرجری کی تردید کرتے ہوئے اپنی حالیہ تبدیلی کی وجہ وزن میں اضافہ بتایا ہے۔ کومل میر نے جیمس ویٹ پاکستان سے شوبز میں قدم رکھا تو وہ دبلی پتلی جسامت اور معصوم شکل کے باعث مداحوں میں فوراً توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئیں۔ مگر حالیہ دنوں میں ان کی کچھ تصاویر وائرل ہوئیں جن میں ان کا چہرہ خاصا مختلف نظر آرہا تھا۔ اس اچانک تبدیلی نے سوشل میڈیا پر چہ مگوئیوں کو جنم دیا اور مداح یہ سوال کرنے لگے کہ آیا یہ تبدیلی وزن بڑھنے کا نتیجہ ہے یا پھر چہرے پر فلرز کروائے گئے ہیں؟ کومل میر نے اب ایک انٹرویو میں اپنے وزن اور چہرے میں نظر آنے والی تبدیلی کی حقیقت بیان کردی۔ کومل میر نے پہلی بار اس حوالے سے وضاحت سے گفتگو کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ ان کے چہرے کی تبدیلی دراصل وزن میں اضافے کی وجہ سے ہوئی، نہ کہ کسی کاسمیٹک پروسیجر یا فلرز کی وجہ سے۔ انہوں نے کہا کہ میں ہمیشہ انڈرویٹ رہی ہو اور ماضی میں ایٹنگ ڈس آرڈر کا شکار بھی رہی ہوں۔ میری عادت رہی تھی اگر کچھ دن کھالوں تو اگلے دن بھوک کا احساس نہیں ہوتا تھا اور جب مجھ

پشاور، دلیپ کمار اور راج کپور کی حویلیوں کی بحالی کا کام شروع

پشاور (شوبز ڈیسک) پشاور میں واقع بالی ووڈ کے لیجنڈ اداکاروں دلیپ کمار اور راج کپور کی تاریخی حویلیوں کو اصل حالت میں بحال کرنے کے منصوبے پر باضابطہ کام کا آغاز کر دیا گیا۔ سیکرٹری آثار قدیمہ خیبر پختونخوا ڈاکٹر عبدالصمد کے مطابق یہ منصوبہ دو سال میں مکمل کیا جائے گا اور اس پر مجموعی طور پر 7 کروڑ روپے خرچ کیے جائیں گے۔ ڈاکٹر عبدالصمد نے بتایا کہ ان دونوں حویلیوں کو ان کی اصل حالت میں بحال کیا جائے گا اور بعد ازاں انہیں سیاحوں کیلئے کھول دیا جائے گا تاکہ مقامی اور بین الاقوامی سیاحت کو فروغ ملے، یہ منصوبہ سابقہ حکومت کے دور میں شروع کیا گیا تھا تاہم فنڈز کی کمی کے باعث زیر التوا رہا۔

گلوکار نصرت فتح علی خان کی 28ویں برسی 16 اگست کو منائی جائے گی

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستان کے عظیم گلوکار نصرت فتح علی خان کی 28ویں برسی 16 اگست کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فنی حلقوں میں مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں نصرت فتح علی خان کی فنی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ نصرت فتح علی خان 13 اکتوبر 1948ء کو فیصل آباد میں پیدا ہوئے آپ کے والد استاد فتح علی خان اور چچا استاد مبارک علی خان اپنے دور کے مشہور قوال تھے۔ نصرت فتح علی خان نے بھی بطور قوال دم مست قلندر مست سے ملک گیر شہرت حاصل کی انہوں نے قوالی کی صنف میں مغربی انداز متعارف کروایا جسے دنیا بھر میں بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی۔ نصرت فتح علی خان پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقبول تھے ان کی وفات سے گلوکاری کے میدان میں پیدا ہونے والا خلاء مدتوں پورا نہ ہوسکے گا۔

پاکستانی فلموں کے معروف پلے بیک سنگر اخلاق احمد کی 26ویں برسی 4 اگست کو منائی جائے گی

ٹھٹھہ صادق آباد (شوبز ڈیسک) ”ساون آئے ساون جائے تم کو پکاریں گیت ہمارے“ پاکستانی فلموں کے معروف پلے بیک سنگر اخلاق احمد کی 26ویں برسی 4 اگست کو منائی جائے گی۔ اخلاق احمد نے اپنے کیریئر کا آغاز 1960ء میں سٹیج پر گلوکاری سے کیا گلوکار اخلاق احمد موسیقی کی دنیا میں ایک عرصے تک طبع آزمائی کرتے لیکن انہیں معروف پاکستانی فلموں ”بندش“ اور ”چاہت“ میں گلوکاری کرنے پر ملک گیر شہرت حاصل ہوئی۔ ان کے مشہور ترین گانوں میں ”ساون آئے ساون جائے“ اور ”سونا نہ چاندی نہ کوئی محل“ شامل ہیں ان گانوں نے انہیں شہرت کی بلندیوں تک پہنچا دیا۔ اخلاق احمد نے 80 سے زائد فلموں میں ایک سو سے زائد گانے گائے جو کہ آج بھی ان کی یاد دلاتے ہیں ان کا مشہور گانا ساون آئے ساون جائے آج بھی موسم خوشگوار ہونے پر ریڈیو پر سنائی دیتا ہے۔ اخلاق احمد بلڈ کینسر جیسے مہلک مرض کا شکار ہو کر 4 اگست 1999ء کو اس دنیا سے رخصت ہو گئے۔

جنت مرزا کا بالی ووڈ فلم میں کارتک آریان کیساتھ کام کرنے سے انکار

میں بھارت جا کر کام نہیں کرسکتی اور ایسا میں کبھی بھی نہیں کرنا چاہوں گی

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستان کی مشہور ٹک ٹاکر اور ماڈل جنت مرزا نے انکشاف کیا ہے کہ انہیں بالی ووڈ کی ایک بڑی فلم میں بھارتی اداکار کارتک آریان کے ساتھ مرکزی کردار کی پیشکش ہوئی تھی، تاہم انہوں نے یہ پیشکش ٹھکرادی۔ ایک انٹرٹینمنٹ پورٹل سے گفتگو کرتے ہوئے جنت مرزا نے بتایا کہ مجھے ایک بھارتی فلم کے لیے سائن کیا جا رہا تھا جس میں میرے مدمقابل کارتک آریان کو کاسٹ کیا گیا تھا، مگر والدین کی طرف سے اجازت نہ ملنے پر میں نے یہ موقع چھوڑنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں بھارت جا کر کام نہیں کرسکتی اور ایسا میں کبھی بھی نہیں کرنا چاہوں گی، والدین بھی نہیں مانتے اور مزید یہ کہ میرا اپنا دل بھی وہاں جا کر کام کرنے پر آمادہ نہیں تھا۔ انٹرویو میں جنت مرزا نے بتایا کہ میں فلم کے بجائے ٹک ٹاک جیسے پلیٹ فارم کو ترجیح دیتی ہوں کیونکہ آج کے نوجوان سینما جانے کے بجائے اپنے گھروں میں بیٹھ کر اسکرولنگ کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آج کل کے نوجوان ٹک ٹاک پر مجھے جب چاہیں، جہاں چاہیں، دیکھ سکتے ہیں جبکہ سینما کے ٹکٹ بہت مہنگے ہیں اور ہر کوئی اپنے پورے خاندان کے لیے افورڈ نہیں کرسکتا۔ یاد رہے کہ جنت مرزا نے فلمی کیریئر کا آغاز فلم تیرے باجرے دی راکھی سے کیا تھا، تاہم یہ فلم باکس آفس پر خاطر خواہ کامیابی حاصل نہ کرسکی، اس کے بعد جنت مرزا نے اپنی توجہ ماڈلنگ اور سوشل میڈیا پر مرکوز کرلی۔

بادشاہ نے ہنی سنگھ کے ساتھ پرانی دشمنی کو پھر ہوا دیدی

ایسا لگتا تھا دونوں نے ماضی کی تلخیوں کو 2024 میں پیچھے چھوڑ دیا ہوگا تاہم بادشاہ کے مذکورہ طنز کچھ اور کہہ رہا ہے

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارتی ریپر، گلوکار، گیت نگار، میوزک پروڈیوسر اور ٹیلی ویژن پرسنالٹی ادیتیا پراتیک سنگھ المعروف بادشاہ نے اپنے حریف گلوکار و ریپر ہردیش سنگھ عرف یو یو ہنی سنگھ کے ساتھ پرانی دشمنی کو پھر ہوا دے دی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق ایسا لگتا ہے کہ بادشاہ ابھی صلح کے موڈ میں نہیں ہیں، حال ہی میں انہوں نے اپنے ایکس اکاؤنٹ پر ایک صارف کو جواب دیتے ہوئے ہنی سنگھ پر طنزیہ جملہ کسا۔ اس سے قبل ایسا لگتا تھا کہ دونوں نے ماضی کی تلخیوں کو 2024 میں پیچھے چھوڑ دیا ہوگا تاہم بادشاہ کے مذکورہ طنز کچھ اور کہہ رہا ہے۔ ایک انٹرنیٹ صارف نے ہنی سنگھ کی ایک تصویر شیئر کرتے ہوئے ان کی زبردست جسمانی تبدیلی پر کیپشن لگایا: انھوں نے کیا کھایا؟ جس پر بادشاہ نے ایک جملے پر مبنی جواب دیا: کریڈٹس۔ واضح رہے کہ بادشاہ اور ہنی سنگھ نے اپنے کیریئر کی شروعات ایک ساتھ کی تھی، جب وہ ریپر گروپ ”مافیا منڈیر“ کے رکن تھے۔ اس بینڈ نے کئی مقبول گانے گائے۔ یہ بینڈ آخری بار 2012 میں ایک ساتھ نظر آیا۔ بعدازاں ان میں اختلافات اور کھلے عام تلخ کلامی ہوئی۔ جس کے بعد بادشاہ اور ہنی سنگھ نے راہیں جدا کرلیں اور ایک دوسرے پر سوشل میڈیا پر طنز کرنے لگے۔ تاہم گزشتہ برس دھیرہ دون میں ایک کنسرٹ کے دوران بادشاہ نے ہنی سنگھ کے ساتھ ماضی کی طویل تلخیوں کو بھلانے کی خواہش کا اظہار کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا تھا۔

سابق سینئر اداکار عاصم بخاری کی صحت سے متعلق جعلی خبروں کی تردید

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے سابق سینئر اداکار عاصم بخاری نے صحت سے متعلق جعلی خبروں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ الحمدللہ صحتیاب ہو رہا ہوں، ڈاکٹرز عمدہ طریقے سے کام کر رہے ہیں اور اب طبیعت پہلے سے کافی بہتر ہے۔ رپورٹس کے مطابق عاصم بخاری سے متعلق یہ خبریں سرگرم ہوئیں تھیں کہ انہیں دل کا دورہ پڑا ہے اور وہ لاہور کے پنجاب انسٹیٹیوٹ آف کارڈیالوجی میں زیر علاج ہیں۔ بتایا گیا تھا کہ زائد العمری سمیت دیگر پیچیدگیوں کی وجہ سے عاصم بخاری کو پھیپھڑوں میں بھی مسائل ہیں اور انہیں سانس لینے میں دشواری کا سامنا ہے۔ اس خبر کے پھیلتے ہی لاکھوں مداحوں اور خیرخواہوں نے فکر اور پریشانی کا اظہار کیا اور انکی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی۔ تاہم اب عاصم بخاری نے خود ایک ویڈیو پیغام میں اپنی صحت سے متعلق پرستاروں کو تسلی بخش خبر دی ہے۔ سینئر اداکار نے مختصر ویڈیو میں دل کا دورہ پڑنے سے متعلق خبروں پر بات کرتے ہوئے فینز کو بتایا کہ ان سے متعلق خبریں چل رہی ہیں

سلمان خان نے بگ باس 19 کیلئے معاوضے میں بڑی کمی کردی

ممبئی (شوبز ڈیسک) بھارت کے معروف ریئلیٹی شو بگ باس کا سیزن 19 اگلے ماہ سے شروع ہوگا جس کیلئے شو کے میزبان، اداکار سلمان خان کے معاوضے سے متعلق تفصیلات سامنے آئی ہیں کہ انہوں نے اس بار اپنے معاوضے میں بڑی کمی کی ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بگ باس 19 اگست میں نشر ہونے جارہا ہے اور اس سیزن میں بھی سلمان خان ایک بار پھر میزبانی کرتے نظر آئیں گے۔ رپورٹس کے مطابق یہ سیزن اب تک کا سب سے طویل ہو سکتا ہے، جو تقریباً 5 ماہ پر محیط ہوگا، تاہم اس کی تصدیق ابھی نہیں ہوئی۔ اس سے قبل بھارتی میڈیا رپورٹس میں کہا گیا تھا کہ سلمان خان پہلے 3 ماہ تک شو کی میزبانی کریں گے، جبکہ ہدایتکار فرح خان، کرن جوہر اور انیل کپور آخری 2 ماہ کے لیے شو کی میزبانی سنبھال سکتے ہیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق سلمان خان نے بگ باس 19 کی میزبانی کیلئے اپنا معاوضہ کم کردیا ہے۔

حمزہ علی عباسی کو حجاب سے متعلق متنازع بیان دینا مہنگا پڑ گیا

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کے اداکار حمزہ علی عباسی ایک پوڈکاسٹ میں حجاب سے متعلق متنازع بیان دینے کے بعد مشکل میں پڑ گئے ہیں۔ حمزہ علی عباسی پیارے افضل، من مائل اور الف جیسے مقبول ڈراموں میں اپنے کرداروں کے باعث شہرت حاصل کرچکے ہیں، اداکاری کے علاوہ مذہبی رجحان کی وجہ سے بھی خبروں میں رہتے ہیں۔ اداکار نے نمل خاور سے شادی کے بعد اچانک مذہبی بیداری کی طرف رجحان ظاہر کیا اور اعلان کیا کہ وہ مین اسٹریم میڈیا سے دور ہوکر اسلامی تعلیمات کے فروغ پر توجہ دینا چاہتے ہیں۔ تاہم، اسلامی نظریات پر ان کے متنازع بیانات انہیں بار بار خبروں کی زینت بناتے رہتے ہیں۔

علیزے شاہ نے ریمپ پر اپنے گرنے کی وجہ شازیہ منظور کو قرار دے دیا

ریمپ پر گرنا حادثاتی نہیں، سوچی سمجھی حرکت تھی، مقصد وائرل شہرت حاصل کرنا تھا، اداکارہ

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی اداکارہ علیزے شاہ نے ریمپ پر اپنے گرنے کی وجہ گلوکارہ شازیہ منظور کو قرار دے دیا۔ اداکارہ علیزے نے انسٹاگرام پر جاری ویڈیو میں مشہور گلوکارہ شازیہ منظور پر الزام لگایا کہ کہ برائیڈل کوچور ویک 2021 کے دوران ان کا ریمپ پر گرنا حادثاتی نہیں بلکہ سوچی سمجھی حرکت تھی، جس کا مقصد صرف وائرل شہرت حاصل کرنا تھا۔ ان کے مطابق، شازیہ منظور نے ریمپ واک کے دوران انہیں جان بوجھ کر متعدد بار دھکا دیا، جس کے نتیجے میں وہ اپنا توازن کھو بیٹھیں اور گر گئیں۔ علیزے شاہ نے کہا کہ میرا گرنا حادثہ نہیں تھا، شازیہ منظور بار بار مجھے ہاتھ لگاتی اور دھکا دیتی رہیں، جس سے میں بال آخر گر گئی، یہ سب کچھ جان بوجھ کر کیا گیا تاکہ میڈیا میں توجہ حاصل کی جا سکے۔ اداکارہ نے الزام لگایا کہ یہ رویہ شازیہ منظور کا معمول بن چکا ہے اور انہوں نے پہلے بھی سوشل میڈیا انفلوئنسر جنت مرزا کے ساتھ ایسا سلوک کیا ہے۔ علیزے شاہ نے شازیہ منظور پر یہ الزام لگایا کہ انہوں نے 2021 کے وائرل واقعے کو بعد میں مختلف مارننگ شوز اور رن وے واکس میں دوبارہ کرنے کی کوشش کی، تاکہ اپنی شہرت برقرار رکھ سکیں۔

اداکارہ نادرہ کی 30ویں برسی 6 اگست کو منائی جائے گی

نادرہ کو 6 اگست 1995ء کو لبرٹی مارکیٹ لاہور میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا تھا

ٹھٹھہ صادق آباد (شوبز ڈیسک) لالی ووڈ کی خوبرو فلمی اداکارہ نادرہ کی 30ویں برسی 6 اگست کو منائی جائے گی۔ فلم سٹار نادرہ 80ء کی دہائی کی اردو، پنجابی فلموں کی ہر دلعزیز اداکارہ تھیں انہوں نے اپنے وقت کے مقبول ترین ہیروز کے مقابل بطور ہیروئین ساٹھ سے زائد فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے ان کی جوڑی مرحوم فلمی ہیرو اسماعیل شاہ کے ساتھ خوب جچتی تھی۔ نادرہ کو 6 اگست 1995ء کو لبرٹی مارکیٹ لاہور میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا تھا۔

ہانیہ عامر کے ساتھ اچھے تعلقات ہیں، عاشر وجاہت

اسوقت ہانیہ اور عاشر دونوں اپنے کیریئر کے عروج پر ہیں اور اب اپنے اپنے پروجیکٹس میں مصروف ہیں

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستان کے باصلاحیت اور ابھرتے ہوئے نوجوان اداکار عاشر وجاہت اور بین الاقوامی شہرت یافتہ ہانیہ عامر ایک دوسرے کے بہترین دوست ہیں۔ دونوں کی ایک ساتھ گھومتے ہوئے ویڈیوز اور تصاویر اکثر وائرل ہوتی رہتی ہیں۔ ہانیہ خود بھی اعتراف کرچکی ہیں کہ وہ وجاہت رؤف کی فیملی کے بہت قریب ہیں اور عاشر اور نائل ان کے لیے فیملی کی طرح ہیں۔ اسوقت ہانیہ اور عاشر دونوں اپنے کیریئر کے عروج پر ہیں اور اب اپنے اپنے پروجیکٹس میں مصروف ہیں۔ چند سال قبل عاشر وجاہت اور نائل وجاہت کو ہانیہ عامر کے ساتھ ایک ویڈیو میں دیکھا گیا تھا اور انٹرنیٹ نے ان پر کافی تنقید کی تھی۔ بہت سے لوگوں نے ویڈیو کو نامناسب کہا اس کے بعد سے ان تینوں کو انٹرنیٹ پر ایک ساتھ گھومتے ہوئے نہیں دیکھا گیا۔ عاشر وجاہت ایک پوڈکاسٹ کے مہمان تھے، جہاں انہوں نے ہانیہ عامر سمیت اپنے مشہور دوستوں کے ساتھ زیادہ نظر نہ آنے کے بارے میں بات کی۔ انہوں نے شیئر کیا کہ ایک بہت مشہور اداکار جس کا وہ نام لیں گے نے انہیں بتایا کہ اگر وہ مسلسل مشہور شخصیات کے ساتھ نظر آتے رہیں گے، تو ان کی اپنی پہچان اور صلاحیت پس پشت چلی جائے گی اور لوگ سمجھیں گے کہ یہ صرف ان کے ساتھ نظر آتا ہے۔ اس لیے ضروری ہے کہ وہ اپنی انفرادی پہچان بنائیں اور اس پر محنت کریں۔

جانی ڈیپ اور انجلینا جولی کی خفیہ ملاقاتیں، دوستی رومانوی رشتے میں بدلنے کا امکان

دونوں اکثر لگژری ہوٹلوں کے نجی سوئٹس، پوش ریسٹورانوں اور کلبوں میں ملتے ہیں

نیویارک (شوبز ڈیسک) ہالی ووڈ کے معروف اداکار جانی ڈیپ اور اداکارہ انجلینا جولی ایک بار پھر ایک دوسرے کے قریب آتے دکھائی دے رہے ہیں جبکہ جونی ڈیپ اس تعلق کو سنجیدہ رومانوی رشتہ بنانے کے خواہشمند نظر آتے ہیں۔ امریکی ویب سائٹ رڈار آن لائن نے ذرائع کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ فلم دا ٹورسٹ میں ایک ساتھ کام کرنے کے بعد دونوں ستاروں کے درمیان موجود کیمسٹری ایک بار پھر تازہ ہوگئی ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ دونوں لندن اور لاس اینجلس میں خفیہ ملاقاتیں کررہے ہیں اور بڑی احتیاط سے ہر چیز کو پوشیدہ رکھتے ہیں تاکہ میڈیا کی نظروں سے بچے رہیں۔ یہ بھی بتایا گیا ہے کہ دونوں اکثر لگژری ہوٹلوں کے نجی سوئٹس، پوش ریسٹورانوں اور کلبوں میں ملتے ہیں۔ انجلینا جولی بھی ایک بار پھر جانی ڈیپ کے قریب آنے کی خواہاں ہیں جبکہ جانی اپنے دوستوں سے کہتے ہیں کہ میں واقعی چاہتا ہوں کہ انجلینا کے ساتھ میرا رشتہ سنجیدہ ہو، میں برسوں سے ان کے لیے دل میں جگہ رکھے ہوئے ہوں۔ مزید یہ بھی کہا گیا کہ انجلینا جولی کو جانی ڈیپ کی شخصیت بیحد متاثر کرتی ہے۔ جولی سمجھتی ہیں کہ جانی ایک خاص شخصیت کے مالک ہیں۔ یاد رہے کہ انجلینا جولی اور بریڈ پٹ کی طویل قانونی جنگ کے بعد دسمبر 2024 میں طلاق ہوگئی تھی

زنانہ چال ڈھال کے سبب شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، کرن جوہر

ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی وڈ کے معروف ہدایتکار اور پروڈیوسر کرن جوہر نے نوعمری میں زنانہ چال ڈھال کے سبب شدید مشکلات درپیش رہنے کا انکشاف کیا ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک انٹرویو کے دوران ذاتی پہلو پر روشنی ڈالتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ بچپن اور نوجوانی کے دوران انہیں لوگوں کی نظروں میں قابل قبول بننے کیلئے شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، خاص طور پر اس وجہ سے کہ وہ اپنے ہم عمر بچوں سے مختلف تھے۔ کرن جوہر نے بتایا کہ مجھے کہا جاتا تھا کہ میری جتنی زنانہ چال ڈھال ہے، اتنی نہیں ہونی چاہیے، میری چال ڈھال مختلف تھی، میرے دوڑنے کا انداز مختلف تھا، میری بول چال اور میرے مشاغل سب الگ تھے۔ انہوں نے بتایا کہ وہ ہمیشہ چاہتے تھے کہ وہ اپنی عمر کے بچوں کے درمیان گھل مل جائیں اور ان کا حصہ بنیں، خاص طور پر شام کے وقت جب اپارٹمنٹ بلاکس میں سب بچے کھیلنے کیلئے جمع ہوتے تھے۔

بھارتی پنجابی گلوکار دلجیت دوسانجھ پاکستانی گلوکار سجاد علی کے مداح نکلے

کراچی (شوبز ڈیسک) بھارتی پنجابی گلوکار دلجیت دوسانجھ پاکستانی لیجنڈری گلوکار سجاد علی کے مداح نکلے، بھارتی گلوکار نے اپنے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپلیکیشن، انسٹاگرام اکاؤنٹ پر اپنی ایک نئی ویڈیو شیئر کی ہے۔ دلجیت دوسانجھ نے اپنی اس ویڈیو کے بیک گراؤنڈ میں سجاد علی کا گانا راوی لگایا ہے۔ دلجیت دوسانجھ کو انٹرنیٹ صارفین کی جانب سے پاک بھارت تنازع کے بعد اس عمل پر خوب سراہا جارہا ہے۔ یاد رہے کہ دلجیت دوسانجھ بھارتی فلم سردار جی تھری میں پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر کے ساتھ کام کرنے کے بعد بھارت میں تنازع کا شکار ہیں۔ اس سے متعلق دلجیت کا موقف تھا کہ فروری میں جب انہوں نے اداکارہ ہانیہ عامر کے ہمراہ فلم کی شوٹنگ کی تھی تو اس دوران سب ٹھیک تھا۔ واضح رہے کہ دلجیت اور ہانیہ کی فلم سردار جی تھری بھارت کے علاوہ دنیا بھر میں 27 جون کو ریلیز کی گئی تھی۔

امریکی اداکارہ خاتون پر حملے، تشدد اور چوری کے الزام میں گرفتار

نیویارک (شوبز ڈیسک) امریکی شو براوو کی سابق ریئلیٹی اسٹار ڈائمنڈ ٹیلنگر ڈ کو وال مارٹ میں لڑکی پر حملے اور چوری کے الزام میں گرفتار کرلیا گیا۔ غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق براوو کے ریئلٹی شو ”ٹھکر دین واٹر“ میں نظر آنے والی ڈائمنڈ ٹیلنگر ڈ کو ٹینیسی کے شہر اینٹی اوک کے ایک وال مارٹ میں خاتون پر حملے اور چوری کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق 21 سالہ ٹیلنگر ڈ نے سیلف چیک آؤٹ لائن میں ایک لڑکی کو پیچھے سے بالوں سے پکڑا اور مار پیٹ شروع کر دی۔ واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا گیا کہ وہ ایک پتھر بھرے ہوئے جراب سے خاتون کے چہرے پر وار کررہی ہیں۔ حملے کے دوران وہ ایک ایڑھی پر مانیٹر بھی پہنے ہوئے تھیں جبکہ متاثرہ خاتون لہولہان ہوگئی تھی۔ اس واقعے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر بھی تیزی سے وائرل ہورہی ہے۔ جس پر صارفین کی جانب سے شدید ردعمل سامنے آرہا ہے۔ پولیس کے مطابق ٹیلنگر ڈ نے متاثرہ خاتون کا آئی فون 14 (مالیت 1500$) اور لوئی ووٹن ہینڈ بیگ (مالیت 900$) بھی چرا لیا۔ خاتون کو پیشانی پر شدید چوٹ لگی اور طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔ متاثرہ لڑکی نے ڈائمنڈ ٹیلنگر ڈ پر خطرناک ہتھیار سے حملہ اور چوری کے الزامات لگائے گئے ہیں اور وہ 25 ہزار ڈالر کے ضمانتی مچلکوں پر رہا ہوئی ہیں۔

برصغیر کی معروف پاپ سنگر نازیہ حسن کی 25ویں برسی 13 اگست کو منائی جائے گی

پندرہ برس کی عمر میں فلم ”قربانی“ میں ”آپ جیسا کوئی میری زندگی میں آئے تو بات بن جائے“ گا کر شہرت پائی

لاہور (شوبز ڈیسک) برصغیر کی معروف پاپ سنگر نازیہ حسن کی 25ویں برسی 13 اگست کو منائی جائے گی پرائیڈ آف پرفارمنس نازیہ حسن 13 اگست 2000ء کو اس دنیا سے رخصت ہوگئی تھیں۔ نازیہ حسن 3 اپریل 1965ء کو کراچی میں پیدا ہوئیں انہوں نے اپنا بچپن کراچی اور لندن کے تعلیمی اداروں میں گزارا۔ 1980ء میں نازیہ حسن صرف 15 برس کی عمر میں اس وقت شہرت کی بلندیوں پر پہنچ گئیں جب انہوں نے بھارت کے معروف فلم ساز فیروز خان کی فلم ”قربانی“ میں ”آپ جیسا کوئی میری زندگی میں آئے تو بات بن جائے“ گایا۔ نازیہ حسن نے پی ٹی وی پر متعدد پروگرام اور ٹی وی کمرشلز میں بھی کام کیا۔ نازیہ حسن نے اپنے بھائی زوہیب حسن کے ساتھ مل کر پاکستانی موسیقی میں ایک نئی جہت روشناس کروائی انہوں نے 80 کی دہائی میں موسیقی میں مغربی انداز متعارف کروایا جسے پاکستانی نوجوان نسل کے ساتھ بیرون ملک بھارت، امریکہ، عرب امارات، لاطینی امریکہ سمیت دنیا بھر میں بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی اسی وجہ سے نازیہ حسن کو پاپ موسیقی کے بانیوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ بلبل ایشیاء نازیہ حسن کی مقبولیت کا اندازہ اس بات سے بھی لگایا جاسکتا ہے کہ آج کے گلوکار بھی نازیہ حسن کے گائے ہوئے گانے دوبارہ گا کر شہرت حاصل کر رہے ہیں۔ نازیہ حسن 13 اگست 2000ء کو لندن کے ایک ہسپتال میں صرف 35 برس کی عمر میں انتقال کرگئی تھیں وہ کینسر کے موذی مرض میں مبتلا تھیں۔ نازیہ حسن کو پرائڈ آف پرفارمنس، بیسٹ فی میل پلے بیک ایوارڈ، 15 گولڈ ڈسکس سمیت متعدد ایوارڈز سے نوازا جاچکا ہے۔

فلم ”سیارہ“ نے ریلیز کے ساتھ ہی باکس آفس پر ہلچل مچا دی

فلم سیارہ نے ریلیز ہوتے ہی پہلے ہفتے کے اختتام پر دنیا بھر سے 80.13 ملین ڈالرز بٹور لیے

ممبئی (شوبز ڈیسک) رومان، گٹار، اور زندگی وموت کی کشمکش سے لبریز فلم سیارہ نے ریلیز کے ساتھ ہی باکس آفس پر ہلچل مچا دی ہے۔ ہدایتکار موہت سوری کی اس فلم میں آہان پانڈے اور انیت پڈا نے مرکزی کردار ادا کیے ہیں جب کہ حیرت کی بات یہ ہے کہ دونوں نے اس فلم سے اپنے فلمی کیریئر کا آغاز بھی کیا ہے۔ فلم سیارہ نے ریلیز ہوتے ہی پہلے ہفتے کے اختتام پر دنیا بھر سے 80.13 ملین ڈالرز بٹور لیے، جن میں 2 ملین ڈالرز صرف بیرون ملک سے حاصل ہوئے۔ یہ اعداد وشمار اس بات کا ثبوت ہیں کہ اگر اسکرپٹ جاندار ہو، کردار پرتاثیر ہو اور ہدایتکاری لاجواب ہو تو بالکل نئے چہروں کے ساتھ بھی فلم باکس آفس پر ہٹ ہو سکتی ہے۔ اس فلم سے متعلق ایک حیران کن بات یہ بھی ہے کہ اس نے بالی ووڈ کے فلموں کے روایتی پروموشن کے طریقے کو بھی بالکل نظرانداز کیا تھا۔ یعنی نہ پریس کانفرنسوں کی لمبی قطار تھی، وی وی آئی پی نہ ریڈ کارپٹ اور نہ ہی انٹرویوز کا سیلاب۔ تاہم فلم کو اگر سپورٹ ملی تو انیا پانڈے کا آبدیدہ انداز میں فلم کی حمایت کرنا، عالیہ بھٹ کا پوسٹ شیئر کرنا، اور کرن جوہر کا دل کو چھو لینے والا تبصرہ۔ اوپر سے سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو وائرل ہو گئی جس میں ایک شخص آئی وی ڈرپ کے ساتھ سیارہ دیکھنے کی ضد کر رہا تھا۔

2013 کی فلم ”رانجھنا“ کا اختتام، دوبارہ ریلیز کی تیاری

ممبئی (شوبز ڈیسک) 2013 میں ریلیز کی جانے والی بالی وڈ فلم ”رانجھنا“ کا افسوسناک انجام مصنوعی ذہانت کے ذریعے تبدیل کرکے اب اسے خوشگوار انداز میں ریلیز کیا جارہا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم میں اتنی بڑی تبدیلی کرکے اس کی دوبارہ ریلیز کی خبر نہ تو فلم کے ہدایتکار کو دی گئی اور نہ ہی اداکاروں کو، یہ فلم بھارت کی جنوبی ریاست تامل ناڈو میں یکم اگست کو دوبارہ سینما گھروں کی زینت بننے جارہی ہے۔ آنند ایل رائے کی ہدایتکاری میں اور ایروس انٹرنیشنل کی پروڈکشن میں بننے والی فلم میں دھنوش اور سونم کپور نے مرکزی کردار نبھائے تھے۔ رانجھنا تامل اداکار دھنوش کی ڈیبیو فلم تھی جس کی کہانی ایک ہندو لڑکے کندن (دھنوش) کی گرد گھومتی ہے جو بچپن سے ہی اپنی پڑوس میں رہنے والی مسلمان لڑکی زویا (سونم کپور) سے محبت کر بیٹھتا ہے۔ بعد ازاں اس کندن کی محبت جوانی تک چلتی ہے

سیف علی خان حملہ کیس میں اہم پیشرفت، ممبئی پولیس نے ملزم کی ضمانت کی مخالفت کردی

ممبئی (شوبز ڈیسک) سیف علی خان حملہ کیس میں ممبئی پولیس نے ملزم کی ضمانت کی مخالفت کردی۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق ممبئی پولیس نے بالی ووڈ اداکار سیف علی خان پر حملے کے کیس میں گرفتار بنگلا دیشی شہری شریف الاسلام کی ضمانت کی درخواست کی مخالفت کرتے ہوئے عدالت کو بتایا کہ ملزم کے خلاف ٹھوس شواہد موجود ہیں۔ پولیس کے مطابق فارنزک رپورٹ سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اداکار کی ریڑھ کی ہڈی کے قریب سے نکالا گیا چاقو کا ٹکڑا، جائے وقوعہ پر ملنے والا ایک اور ٹکڑا، اور ملزم سے برآمد ہتھیار ایک ہی چاقو کے حصے ہیں۔ پولیس نے عدالت میں موقف اختیار کیا کہ ملزم غیر قانونی طور پر بھارت میں مقیم ہے اور اگر ضمانت دی گئی تو وہ فرار ہوسکتا ہے۔ ملزم نے اپنے وکیل کے توسط سے دعویٰ کیا ہے کہ وہ بے گناہ ہے، اس کا کوئی مجرمانہ ریکارڈ نہیں، اور تفتیش مکمل ہو چکی ہے۔

دلجیت دوسانجھ ایک سچا سردار ہے، جس نے اپنا وعدہ نبھایا، ناصر چنیوٹی

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستان اسٹیج، ٹی وی اور فلموں کے نامور اداکار اور کامیڈین ناصر چنیوٹی نے بھارتی عوام سے کہا ہے کہ وہ دلجیت دوسانجھ سے نفرت انگیزی کا سلسلہ بند کردیں۔ مشہور کامیڈین نے حال ہی میں کامیابی کے جھنڈے گاڑنے والی بھارتی پنجابی فلم سردار جی 3 میں دلجیت دوسانجھ اور ہانیہ عامر کے ساتھ اہم کردار ادا کیا ہے۔ یہ فلم دونوں ممالک کے فنکاروں کے درمیان ایک نایاب اور خوش آئند اشتراک کی مثال ہے، لیکن پاک بھارت تعلقات میں کشیدگی کے باعث اس فلم کی ریلیز کے بعد سے دلجیت دوسانجھ کو بھارت میں شدید تنقید اور بائیکاٹ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ ناصر چنیوٹی دلجیت نے دوسانجھ کی حمایت میں آواز بلند کی۔ انہوں نے کہا کہ انہوں نے کسی بھارتی پروڈیوسر کے ساتھ کام نہیں کیا ہے بلکہ دلجیت دوسانجھ، گپی گریوال اور امی ورک جیسے سپر اسٹارز کے ساتھ فلمیں کی ہیں۔ ان فنکاروں کو انہوں نے بھائیوں کی طرح سمجھا ہے اور ہمیشہ ان کا احترام کرتے ہیں۔ ناصر چنیوٹی نے بھارتی عوام سے اپیل کی کہ وہ دلجیت دوسانجھ کے خلاف نفرت یا ٹرولنگ نہ کریں۔

ربیکا خان کا عمرے کی ویڈیوز پر تنقید والوں کو کرارا جواب

ٹک ٹاکر اوران شریک حیات کی دیگر ویڈیوز اور تصاویر بھی وائرل ہوگئیں، جس پر صارفین نے انہیں آڑے ہاتھوں لیا

کراچی (شوبز ڈیسک) معروف ٹک ٹاکر ربیکا خان نے اپنے عمرے کی تصاویر اور ویڈیوز وائرل ہونے کے بعد تنقید کرنے والے افراد کو کرارا جواب دیتے ہوئے انہیں مشورہ دیا ہے کہ وہ کسی کے خلاف بولنے سے قبل دس بار سوچا کریں۔ ربیکا خان ان دنوں اپنے شریک حیات حسین ترین کے ہمراہ عمرے کی ادائیگی کے لیے سعودی عرب میں موجود ہیں، انہوں نے عمرے کی تصاویر اور ویڈیوز بھی شیئر کیں۔ بعض ویڈیوز اور تصاویر میں ربیکا خان اور ان کے شوہر کو عمرے کی ادائیگی کے دوران سیلفی لیتے ہوئے بھی دیکھا گیا اور ان کی ویڈیو کوئی ریکارڈ کرتا دکھائی دیا۔ علاوہ ازیں ٹک ٹاکر اور ان شریک حیات کی دیگر ویڈیوز اور تصاویر بھی وائرل ہوگئیں، جس پر صارفین نے انہیں آڑے ہاتھوں لیا۔ سوشل میڈیا صارفین کی تنقید کے بعد ربیکا خان نے انسٹاگرام اسٹوریز میں شیئر کردہ مختصر ویڈیو میں تنقید کرنے والوں کو کرارا جواب دیا اور انہیں مشورہ دیا کہ وہ دوسروں کے خلاف

وانی کپور نے فواد خان کے ساتھ کی گئی فلم ابیر گلال پر پابندی پر خاموشی توڑ دی

کینسل کلچر غلط ہے، محض ایک غلط بات کہنے پر بھی کینسل کرو اور بائیکاٹ کرو کی مہم شروع ہوجاتی ہے، اداکارہ

ممبئی (شوبز ڈیسک) بولی وڈ اداکارہ وانی کپور نے پہلی بار پاکستانی اداکار فواد خان کے ساتھ کام کرنے اور اپنی فلم ابیر گلال پر بھارت میں پابندی عائد کرنے پر خاموشی توڑتے ہوئے کہا ہے کہ بائیکاٹ اور کینسل کلچر نہیں ہونا چاہیے۔ ٹائمز آف انڈیا کے مطابق وانی کپور نے حال ہی میں دیے گئے ایک انٹرویو میں پاکستانی اداکار کے ساتھ کی گئی فلم پر بھارت میں پابندی پر کھل کر بات کی۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ سنسر سرٹیفکیٹ دینا تو سمجھ میں آتا ہے لیکن سینسرشپ کی کوئی حد نہیں رکھی گئی، تھوڑے سے اختلافات پر بھی فلم پر پابندی عائد کر دی جاتی ہے۔ اداکارہ نے کہا کہ انہیں معلوم نہیں کہ سینسرشپ کے دور میں ایک آرٹسٹ، فلم ساز یا پرفارمر کس حد تک اپنے تخلیقی کام کے نئے دائرے دریافت کر سکتا ہے، کیونکہ فنکاروں اور فلم سازوں کو کنٹرول کیا جا رہا ہے، ان کی ایک حد مقرر کردی گئی ہے۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ضلع میں پاسکو کے گوداموں میں ذخیرہ کی گئی کروڑوں روپے مالیت کی گندم خراب ہونے کے بعد کھانے کے قابل نہ رہی

سالہاسال سے تعینات چلے آنے والے پاسکو کے مقامی افسران کے خلاف تاحال کوئی کارروائی عمل میں نہ آسکی

حافظ آباد(نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں بارشوں کے حالیہ سپیل کے دوران مناسب حفاظتی انتظامات نہ کیئے جانے سے ضلع میں پاسکو کے گوداموں میں ذخیرہ کی گئی کروڑوں روپے مالیت کی گندم خراب ہونے کے بعد کھانے کے قابل نہ رہی۔ جبکہ سالہاسال سے تعینات چلے آنے والے پاسکو کے مقامی افسران کے خلاف تاحال کوئی کاروائی عمل میں نہ آسکی۔ تفصیلات کے مطابق بارشوں کے حالیہ سپیل کے دوران پاسکو کے بعض خریداری مراکز جن میں کھسکی، کالیکی اور کوٹ سرور و دیگر شامل ہیں۔ یہاں پر پاسکو کے افسران کی جانب سے مناسب حفاظتی انتظامات نہ کیئے گئے۔ جس کی وجہ سے کروڑوں روپے مالیت کی ذخیرہ شدہ گندم کھلے آسمان تلے کئی روز تک بارشی پانی کی زد میں رہی اور اب یہ گندم سیلاب زدہ ہونے کے ساتھ ساتھ سیاہ مائل دیکھائی دے رہی ہے۔ جس پر مقامی زمینداروں اور کاشتکاروں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ گندم انہوں نے خون پسینے کی محنت سے کاشت کی لیکن پاسکو کے مقامی افسران کی لاپرواہی اور غفلت کے باعث یہ گندم خراب ہوگئی ہے۔ جس سے حکومتی خزانہ کو بھی کروڑوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ لیکن یہ پاسکو افسران اب اپنی نااہلی اور کوتاہی کو چھپانے کے لئے طرح طرح کے حیلے بہانے تلاش کر رہے ہیں تاکہ اس خراب شدہ اور مضرصحت گندم کو پھر کسی حکومتی آٹا مہم کے دوران غریب لوگوں کو کھلا کر انکی جانوں سے کھیل سکیں۔ دوسری جانب پاسکو کے ایریا انچارج/ایریا مینیجر مسٹر عمیر کا کہنا ہے کہ ان گوداموں میں گزشتہ پانچ برس کی گندم ذخیرہ چلی آرہی ہے۔ ہم پانچ برس پرانی گندم کو محفوظ رکھنے کے لئے کیا کرسکتے ہیں۔ فی الحال ہم اپنی ٹیموں سے نقصان کا تخمینہ لگوا رہے ہیں کہ بارشی پانی سے گندم کو کس قدر نقصان پہنچا ہے اور باردانہ کو کتنا۔ جب رپورٹ سامنے آئے گی تو پھر ہی پتہ چلے گا کہ کیا نقصان ہوا ہے۔

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے بعض عوامی شکایات پر زیر تعمیر جھمرہ روڈ کا تفصیلی معائنہ کیا

سڑک کی تعمیر کے حوالے سے کی جانے والی عوامی شکایات درست پائی گئیں اور ہائی وے اور نیسپاک کے عملہ کی نااہلی اور بددیانتی بالکل واضح تھی

چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت کو چیک کرنے کے لئے ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے بعض عوامی شکایات پر زیر تعمیر جھمرہ روڈ کا تفصیلی معائنہ کیا۔ سڑک کی تعمیر کے حوالے سے کی جانے والی عوامی شکایات درست پائی گئیں اور ہائی وے اور نیسپاک کے عملہ کی نااہلی اور بددیانتی بالکل واضح تھی۔ ڈپٹی کمشنر نے سڑک کے تمام حصوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور سڑک کے دو حصوں طالب والا اور کوٹ خدایار میں زیادہ خرابی کی بنیاد پر سڑک کی مکمل تعمیر نو کا حکم دیا اور پہلے سے کیئے گئے کام کے حوالے سے ٹھیکدار کو کوئی ادائیگی نہیں کی جائے گی اسی طرح سڑک کے زیر تعمیر باقی حصے میں ناقص میٹریل اور کمپیکشن نہ ہونے کی بنیاد پر کارپٹنگ کا عمل رکوا دیا گیا ہے اور یہ حصہ بھی ٹھیکدار کے خرچے پر بنیاد سے لے کر کارپٹنگ تک مکمل دوبارہ تعمیر ہوگا اور کارپٹنگ کا عمل ریذیڈنٹ انجینیر نیسپاک کے ذاتی معائنہ اور این او سی سے مشروط ہوگا۔ ڈپٹی کمشنر نے جھمرہ روڈ کے مزید تعمیر شدہ حصہ میں نقائص کی وجوہات کی جانچ پڑتال کے لئے میٹریل کی ٹیسٹنگ کی ہدایت کی جو کہ اگلے دو دنوں میں مکمل ہوگی تاکہ مکمل سڑک کی جانچ ہوسکے اور نقائص واضح ہوں۔ ڈپٹی کمشنر نے ایس ڈی او ہائی ویز اور نیسپاک کے متعلقہ انجینیئر کے خلاف تادیبی کارروائی کا بھی فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی بہبود کے ترقیاتی منصوبوں میں شفافیت اولین ترجیح ہے جس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کو معیاری، آرام دہ اور سہل سفری سہولیات کی فراہمی یقینی بنائیں گے اور منصوبوں میں ناقص میٹریل استعمال ہونے کی شکایت سامنے آئی تو نہ صرف ٹھیکدار کو جرمانہ ہوگا بلکہ محکمہ کے آفیسرز کے خلاف بھی سخت ایکشن ہوگا۔

جہلم علاقائی صحافت کرنا میدان جنگ میں بغیر ڈھال کے اُترنے کے مترادف ہے

جہلم(بیورو رپورٹ)جہلم علاقائی صحافت کرنا میدان جنگ میں بغیر ڈھال کے اترنے کے مترادف ہے صحافی کے پاس قلم، کیمرہ، اور سچ کا ہتھیار ہوتا ہے اور اسے اس (سچ) بولنے کی بڑی بھاری قیمت ادا کرنی پڑتی ہے۔ چوہدری عابد محمود چیئرمین جہلم پریس کلب، صدر الیکٹرانک میڈیا عامر کیانی۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین جہلم پریس کلب چوہدری عابد محمود، صدر الیکٹرانک میڈیا عامر کیانی نے ڈیجیٹل میڈیا کے وفد سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چھوٹے شہروں، اضلاع، تحصیلوں اور قصبات میں کام کرنے والے صحافیوں کا دائرہ محدود ہوتا ہے مگر بےشمار خطرات کا سامنا کرنا پڑتا ہے چھوٹی سی خبر ایک عام سی کوریج کسی طاقتور کو دشمن پیدا کر سکتی ہے ہر قلم ہر صحافی کے لیے ایک نیا چیلنج ہوتا ہے اور سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ وہ اپنے ہی معاشرے میں اجنبی بن جاتا ہے جن کے لیے وہ آواز بلند کرتا ہے وہی شخص مطلب پورا ہونے کے بعد اس صحافی کا مشکور ہونے کی بجائے شک کی نظروں سے دیکھتا ہے اس شعبے میں صحافیوں کے مشکور ہونے والے افراد کی تعداد آٹے میں نمک برابر ہوتی ہے جبکہ ناراض ہونے والے لاتعداد ہوتے ہیں

ڈاکٹر عامر رسول کی ہدایت پر ڈویژن بھر میں سیمینار منعقد کئے جارہے ہیں

ہماری دھان کی فصل کی اہمیت صرف اور صرف ممنوعہ اور غیر معیاری ادویات سے پاک فصل میں ہے:میاں ظہور

عارفوالا(نامہ نگار)میاں ظہور احمد ڈائریکٹر زراعت پیسٹ وارننگ ساہیوال کی جانب سے ڈائریکٹر جنرل پیسٹ وارننگ ڈاکٹر عامر رسول کی ہدایت پر ڈویژن بھر میں سیمینار منعقد کیئے جارہے ہیں جس میں زمینداروں، پیسٹی سائیڈ ڈیلروں کو دھان کی فصل پر ممنوعہ ادویات افلاٹوکسن کے نقصانات پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی میاں ظہور احمد ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ ساہیوال نے ممنوعہ ادویات کے متبادل ادویات کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ہماری دھان کی فصل کی اہمیت صرف اور صرف ممنوعہ اور غیر معیاری ادویات سے پاک فصل میں ہے انہوں نے سیمینار کے شرکاء کو افلاٹوکسن کے نقصانات کے متعلق مکمل آگاہی دیتے ہوئے بہترین فصل کی پیداوار حاصل کرنے کیلئے اچھی اور نسلی ادویات کے استعمال کرنے کی ہدایت کی۔

حصول آزادی سے تحفظ آزادی تک،جشن آزادی اور معرکہ حق کے سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کے زیراہتمام 14 روزہ تقریبات جمعہ یکم اگست سے شروع ہورہی ہیں

چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر)حصول آزادی سے تحفظ آزادی تک، جشن آزادی اور معرکہ حق کے سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کے زیراہتمام 14 روزہ تقریبات جمعہ یکم اگست سے شروع ہورہی ہیں۔ اس ضمن میں یکم اگست سے سکولوں میں جشن آزادی تقریبات اور پودے لگائے جائیں گے۔ 11 اگست کو اسلامیہ کالج گراؤنڈ میں کھیلوں کے میگا مقابلے ہونگے۔ انہوں نے بتایا کہ 14 اگست کو پرچم کشائی کی مرکزی تقریب میونسپل کمیٹی اور شام کو میگا ایونٹ منعقد کیا جائے گا۔ 13 اگست کی رات 12 بجے آتش بازی کے شاندار مظاہرے ہونگے۔ بازاروں ومارکیٹوں کو سبز ہلالی پرچموں سے سجایا جائے گا۔ سرکاری عمارتوں پر لائٹنگ اور قومی پرچم لہرایا جائے گا۔ اہم چوکوں میں فلوٹس نصب ہونگے۔

ڈپٹی کمشنر صبا اصغر علی نے اسسٹنٹ ایجوکیشن افسران کے لیے اسکول انسپکشن کی ریئل ٹائم مانیٹرنگ ایپ لانچ کر دی

E-Governance / Effective
Monitoring Of Schools

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید)ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صبا اصغر علی نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے زیر نگرانی سکولوں کی انسپکشن کیلئے ایک نئی موبائل ایپلیکیشن لانچ کی، جس کے ذریعے اسسٹنٹ ایجوکیشن افسران اسکولوں کی انسپکشن ریئل ٹائم میں کرسکیں گے۔ ایپ کی افتتاحی تقریب میں چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی مجاہد حسین علوی، سسٹم نیٹ ورک ایڈمنسٹریٹر قذافی اسلم سمیت دیگر افسران بھی شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ اس موبائل ایپ کا مقصد ای-گورننس کے فروغ اور اسکولوں کی مؤثر اور بامقصد نگرانی کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے اسسٹنٹ ایجوکیشن افسران کو ہدایت دی کہ وہ فیلڈ میں متحرک کردار ادا کریں، دیئے گئے اہداف کو مکمل سنجیدگی سے پورا کریں اور سرکاری و پیف اسکولوں کی مساوی انسپکشن کریں۔ انہوں نے زور دیا کہ اسکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ مسنگ سہولیات، صفائی ستھرائی اور ماحول کی بہتری پر بھی خاص توجہ دی جائے تاکہ طلباء کو معیاری تعلیمی ماحول فراہم کیا جاسکے۔

چھانگا مانگا میں وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن گرین پنجاب کے تحت مون سون کی شجرکاری کا آغاز کر دیا گیا

چھانگا مانگا روڈ پر موجود جوڈیشل کمپلیکس میں 500 پودے لگائے گئے اور جنگل چھانگا مانگا میں 25 ہزار پودے لگائے جائیں گے

چھانگا مانگا(میاں شفیق احمد)چھانگا مانگا میں وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن گرین پنجاب کے تحت مون سون کی شجرکاری کا آغاز کر دیا گیا جس میں چھانگا مانگا روڈ پر موجود جوڈیشل کمپلیکس میں 500 پودے لگائے گئے اور جنگل چھانگا مانگا میں 25 ہزار پودے لگائے جائیں گے، ایس ڈی او جنگل چھانگا مانگا سہیل احمد ظفر، تفصیلات کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن گرین پنجاب کے تحت چھانگا مانگا روڈ پر موجود جوڈیشل کمپلیکس کالونی میں شجرکاری مہم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے ایڈیشنل سیشن جج نے جوڈیشل کمپلیکس کالونی میں مون سون شجرکاری مہم کا آغاز پودا لگا کر کیا گیا شجرکاری صدقہ جاریہ اور ہماری قومی ذمہ داری بھی ہے، ایڈیشنل سیشن جج وسیم احمد۔ شجرکاری ہماری نسلوں کو صاف، صحت مند اور آلودگی سے پاک ماحول فراہم کرنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ ایڈیشنل سیشن جج شجرکاری تقریب میں ایڈیشنل سیشن جج وسیم احمد اور عمر بن اکبر، سینئر سول ججز محمد دوگوندل، محمد جاوید خان، حارث صدیقی، کامران رسول کا سمیرا ظفر، مس سمیرا نواز وٹو، مس امبرین طارق اعوان ایس ڈی او جنگل چھانگا مانگا سہیل احمد ظفر محکمہ جنگلات کا عملہ اور عدالتی عملہ شریک ہوا

پتوکی:فرقان محمد خان اسسٹنٹ کمشنر تعینات ہوگے

پتوکی(نامہ نگار)پتوکی:فرقان محمد خان اسسٹنٹ کمشنر تعینات ہوگے۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب نے سعد بن خالد اے سی پتوکی کو تبدیل کر کے انکی جگہ فرقان محمد خان کو اسسٹنٹ کمشنر پتوکی تعینات کر دیا۔ شہری حلقوں نے نئے تعینات ہونے والے اے سی پتوکی کو شہر میں سیوریج جیسے سنگین مسائل کے حل کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور امید ظاہر کی نئے تعینات ہونے والے اے سی فرقان محمد خان سیوریج کے مسائل کے حل کے لئے ٹھوس لائحہ عمل اپنائیں گے۔

جہلم پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی جانب سے شہر کے بازاروں میں موجود تمام دوکاندار کو آگاہ کیا گیا

جہلم(بیورو پورٹ)جہلم پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی کی جانب سے شہر کے بازاروں میں موجود تمام دوکاندار کو آگاہ کیا گیا کہ گزشتہ ماہ کی مورخہ 28 جولائی 2025 بروز پیر سے کوئی بھی دوکاندار اپنی دوکان کے باہر کوئی ڈسپلے نہ لگائے اور تمام اشیاء صرف دوکان کے شٹر کی حدود کے اندر رکھیں، جبکہ دوکان کے شٹر سے باہر کوئی چیز بھی نہ لگائیں کیونکہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر "پیرا فورس پنجاب انفورسمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی (اینٹی انکروچمنٹ ٹیم) نے پنجاب بھر کے مختلف اضلاع میں باقاعدہ کارروائیوں کا آغاز کر دیا ہے، اس سلسلے میں اگر کسی بھی بازار میں پیرا فورس کی چیکنگ کے دوران کسی دوکاندار کی دکان ایک بار سیل کر دی گئی، اور جرمانہ یا گرفتاری ہوگئی تو پنجاب حکومت کی کوئی بھی سیاسی شخصیت ممبران پنجاب اسمبلی یا دیگر صوبائی وزراء میں سے کوئی بھی شخص آپکی مدد نہیں کرے گا، جبکہ سرکاری کارروائیوں میں مداخلت کرنے والے کے خلاف کار سرکار میں مداخلت پر سخت قانونی ایکشن لیا جائے گا، اس لیے ہر دوکاندار اپنی ذمہ داری خود لے گا

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کے افسران کا اجلاس

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کے افسران کا اجلاس، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد معین وسطرو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالجبار گجر، اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ رب نواز، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ مرغوب حسین ڈوگر، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید، ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد شہباز سکھیرا، ایس این اے افضال حسین بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوامی سہولت کے پیش نظر افسران فیلڈ وزٹس کا سلسلہ تسلسل سے جاری رکھیں، انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق عوامی مسائل کے حل اور عوامی بہتری کے لیے گڈ گورننس اقدامات پر ترجیحی بنیادوں پر عمل درآمد کیا جائے۔

کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کے زیر صدارت کمشنر آفس میں پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی ساہیوال کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا

ساہیوال(مہر اے ڈی نسیم سپرا سے)کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کے زیر صدارت کمشنر آفس میں پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی ساہیوال کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں پی ایچ اے کے دائرہ کار میں اضافے پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے راؤ ندیم اختر، ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، اے سی جنرل غلام حسین بھٹی، سٹی مینیجر پسپ اسجد علی خان نے شرکت کی۔ ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے راؤ ندیم اختر نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پی ایچ اے محدود وسائل کے باوجود 29 پارکوں، 20 گرین بیلٹس اور 11 چوکوں کی دیکھ بھال کر رہی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ شہر کے مزید 26 پارک، 9 گرین بیلٹس اور 11 چوک دائرہ کار میں لائے جارہے ہیں۔ کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی میں اضافے کے لئے پی ایچ اے مزید پارکوں، گرین بیلٹس اور چوراہوں کی ذمہ داری لے۔ انہوں نے کہا کہ ہائی سٹریٹ پر ایس ایم ڈیز لگانے کے لئے پرائیویٹ پارٹیوں سے رابطے کیا جائے اور نواز شریف پارک کو ماڈل پارک بنا کر وہاں تمام سہولیات فراہم کی جائیں۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے کہا کہ ایل بی ڈی سی کے دونوں کناروں پر پارک کی تعمیر کے لئے نجی کمپنیوں سے رابطہ کیا جائے۔

ڈپٹی کمشنر/چیئرمین پیرا بورڈ ساہیوال شاہد محمود کی ہدایت پر ایس ڈی ای او پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی نعمان قیصر کی سربراہی میں تجاوزات کے خلاف بھرپور مہم جاری

ساہیوال(مہر اے ڈی نسیم سپرا سے)ڈپٹی کمشنر/چیئرمین پیرا بورڈ ساہیوال شاہد محمود کی ہدایت

SAEED PHARMACY
سعید فارمیسی

پر ایس ڈی ای او پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی نعمان قیصر کی سربراہی میں تجاوزات کے خلاف بھرپور مہم جاری، ہائی سٹریٹ سے غیر قانونی طور پر دوکانداروں کی جانب سے سڑک پر رکھے سامان، ریڑھیوں اور کاؤنٹرز کے خلاف آپریشن کیا گیا اور ہائی سٹریٹ کو مشن چوک تک کلیئر کروایا گیا۔ اسی طرح بیرون لاری اڈے پر ہوٹل کے باہر غیر قانونی تعمیرات کو بھی گرایا گیا جبکہ گلستان روڈ، چرچ روڈ اور کھوکھا بازار کو بھی کلیئر کروایا گیا۔ اسی طرح ایس ڈی ای او پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی نعمان قیصر کی سربراہی میں پرائس کنٹرول کے حوالے سے بھی کارروائیاں کی گئیں۔ اس موقع پر انہوں نے دوکانداروں کو ہدایت کی کہ تجاوزات سے گریز کریں بصورت دیگر ان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور سامان بھی ضبط کرلیا جائے گا۔

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایچ کیو ہسپتال حافظ آباد میں مریضوں کو مفت ادویات کی دستیابی کا سلسلہ زور وشور سے جاری

حافظ آباد(نمائندہ خصوصی)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایچ کیو ہسپتال حافظ آباد میں مریضوں کو مفت ادویات کی دستیابی کا سلسلہ زور وشور سے جاری، ۔ڈی ایچ کیو ہسپتال کے شعبہ آوٹ ڈور، جنرل ایمرجنسی اور چلڈرن ایمرجنسی میں روزانہ تقریباً 36 سو مریضوں کو مفت ادویات اور علاج معالجہ کی بہتر سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ علاوہ ازیں 80 سے زائد شوگر کے مریضوں کو ایک ہی چھت تلے روزانہ کی بنیاد پر مفت ٹیسٹ اور انسولین بھی فراہم کی جارہی ہے۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال میں مریضوں کا رش اس بات کی دلیل ہے کہ انہیں یہاں اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کی زیرنگرانی علاج معالجہ کی بہتر سہولیات اور مفت ادویات فراہم کی جارہی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کا کہنا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر ڈی ایچ کیو ہسپتال میں مریضوں کو بہترین سہولیات کے ساتھ ساتھ مفت ادویات کی فراہمی کا عمل جاری وساری ہے اور نئی ادویات کی ایک بڑی کھیپ ہسپتال پہنچا دی گئی جس سے مریضوں کی ایک بڑی تعداد مستفید ہورہی ہے۔ انکا کہنا ہے کہ ہسپتال کے تمام ڈاکٹرز کو پابند کیا گیا ہے کہ مریضوں کو ہسپتال سے ہی تمام ادویات مفت فراہم کی جائیں۔

CRIME
& COURT

جرم وسزا

انسپکٹر رضیہ صابر کو اسپیشل برانچ میں سٹی سرکل کا انچارج تعینات کر دیا گیا

قابل پولیس آفیسر ایس ایچ او کوتوالی فرائض منصبی انجام کرچکی ہیں

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید

)انسپکٹر رضیہ صابر سیالکوٹ کی تاریخ میں ایس ایچ او کے عہدے پر تعیناتی کا اعزاز حاصل کرنے والی پہلی خاتون آفیسر بھی ہیں اور اسپیشل برانچ میں بطور انچارج سٹی سرکل کے عہدہ پر بھی اس سے قبل کوئی خاتون آفیسر تعینات نہیں رہی سرکل آفیسر رضیہ صابر نے بطور انوسٹی گیشن آفیسر متعدد مقدمات میں گرفتار اور تفتیش مکمل ہونے کے بعد متعدد ملزمان کو عدالتوں سے سزائیں سنائی جاچکی ہیں رواں سال تھانہ صدر سیالکوٹ کے علاقہ میں بارہ سالہ بچی سے گینگ ریپ کرنے والے دو ملزمان کو بھی انکی تفتیش کے بعد مقامی عدالت سے عمر قید کی سزا سنائی گئی تھی۔

تھانہ ایمن آباد پولیس کی بڑی کاروائی، عمر منشیات فروش پولیس کے شکنجے میں

ملزم کے قبضہ سے 11 کلوگرام چرس اور 1 کلو 100 گرام افیون برآمد، مقدمہ درج

IMTIAZ
DSP
BEHRAM
SHO

گوجرانوالہ(نویدہ بخاری قوت بیورو)ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی صدر شاہد نواز وڑائچ کی ہدایت پر ڈی ایس پی کامونکی حافظ امتیاز کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ ایمن آباد سب انسپکٹر بہرام فرید و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیموں نے دوران گشت وناکہ بندی اور تلاش بدرویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے عمر منشیات فروش کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے گیارہ کلو گرام چرس اور ایک کلو ایک سو گرام افیون برآمد کرلی۔ دوران تفتیش ملزم نے انکشاف کیا کہ وہ دوسرے اضلاع سے منشیات لاتا اور ضلع بھر میں فروخت کرتا تھا۔ ملزم سے مزید تفتیش جاری۔ سماجی وسیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ ایمن آباد اور انکی پولیس کی ٹیموں کو شاباش دی۔

قلعہ احمد آباد مسلم لیگ (ن) کے مقامی رہنماؤں کا مستعفی ہونے کا اعلان

مستعفی ہونے والوں میں سینئر نائب صدر مرزا محمد مالک، نائب صدر محمد ارشد مغل، اور جوائنٹ سیکرٹری محمد آصف مغل شامل ہیں

قلعہ احمد آباد(نمائندہ خصوصی)مسلم لیگ (ن) قلعہ احمد آباد پارٹی کے تین اہم مقامی رہنماؤں نے تنظیمی عہدوں سے استعفیٰ دے دیا۔ مستعفی ہونے والوں میں سینئر نائب صدر مرزا محمد مالک، نائب صدر محمد ارشد مغل، اور جوائنٹ سیکرٹری محمد آصف مغل شامل ہیں۔ انہوں نے باضابطہ طور پر مسلم لیگ (ن) قلعہ احمد آباد کی مقامی تنظیم سے مستعفی ہونے کا اعلان کیا۔ استعفوں کے موقع پر مغل برادری سے تعلق رکھنے والے سابقہ جنرل کونسلر مرزا شکیل احمد اور کسان کونسلر محمد یاسین مغل بھی موجود تھے، جنہوں نے اس فیصلے کی تائید کی۔ رہنماؤں نے اپنے استعفے جنرل سیکرٹری مسلم لیگ (ن) قلعہ احمد آباد، ملک محمد شہباز کے سپرد کر دیے۔ پارٹی ذرائع کے مطابق استعفوں کی وجوہات جلد منظر عام پر لائی جائیں گی۔



بھون علاقہ تھانہ کلرکہار میں شادی شدہ خاتون تشدد سے جانبحق ہونے کے واقعہ پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کا فوری نوٹس

چکوال(ایم ایوب سلطانی)بھون علاقہ تھانہ کلرکہار میں شادی شدہ خاتون تشدد سے جانبحق ہونے کے واقعہ پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کا فوری نوٹس۔ تفصیلات کے مطابق (ث) نامی خاتون جو کہ بھون میں شادی شدہ تھی جسکو شوہر نے تشدد کا نشانہ بنایا بعد ازاں راضی نامہ بھی ہوگیا گزشتہ دنوں طبیعت خراب ہونے پر والدین کے ہمراہ پمز ہسپتال اسلام آباد منتقل کیا گیا جو وہاں پر زیر علاج تھی اور دوران علاج وفات پاگئی۔ ڈاکٹر سارہ علی ہاشمی اے ایس پی صدر سرکل چکوال، ایس ایچ او تھانہ کلرکہار ہمراہ فورس ڈی ایچ کیو ہسپتال چکوال پہنچ گئے بعد میڈیکل و پوسٹمارٹم وجہ موت کا تعین کیا جائیگا پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بجلی کی ٹرانسفارمر مرمت کرنے والی پرائیویٹ ورکشاپ پر اچانک آگ بھڑک اٹھی

حافظ آباد(بیورو رپورٹ)حافظ آباد کی ہاؤسنگ کالونی میں بجلی کی ٹرانسفارمر مرمت کرنے والی پرائیویٹ ورکشاپ پر اچانک آگ بھڑک اٹھی جس سے ورکشاپ میں موجود قیمتی سامان جل گیا۔ ریسکیو 1122 کی ٹیم نے بروقت پہنچ کر آگ پر قابو پالیا۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر تحصیل انتظامیہ کا تجاوزات کے خلاف آپریشن 4 دکانیں سیل

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر تحصیل انتظامیہ کا تجاوزات کے خلاف آپریشن 4 دکانیں سیل، اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان کی زیرنگرانی صدر بازار میں اینٹی انکروچمنٹ ٹیموں نے تجاوزات کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دکانیں سیل کر دیں، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر انعم علی خان نے کہا کہ حکومت پنجاب کی ہدایات کی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کو کاروبار کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی اور ان کے خلاف بلاتفریق کاروائیاں جاری کرتے ہوئے ان کی دکانوں کو سیل کر دیا جائے گا، کاروباری سرگرمیوں کے دوران دکاندار سخت کارروائیوں سے بچنے کے لیے مقررہ حد تک محدود رہیں بصورت دیگر بھاری جرمانوں کے ساتھ ساتھ ان کی دکانوں کو سیل کر دیا جائے گا۔

پتوکی سیوریج کا گندا پانی ملک پورہ قبرستان میں داخل ہوگیا

متعدد قبریں سیوریج کے پانی کے باعث زمین بوس ہوگئی، انتظامیہ قبروں کی بے حرمتی بند کرے شہریوں کا مطالبہ

پتوکی(نامہ نگار)پتوکی سیوریج کا گندا پانی ملک پورہ قبرستان میں داخل ہوگیا متعدد قبریں سیوریج کے پانی کے باعث زمین بوس ہوگئی، انتظامیہ قبروں کی بے حرمتی بند کرے شہریوں کا مطالبہ۔ تفصیل کے مطابق پتوکی شہر میں سیوریج کے سنگین مسائل قبروں کے بے حرمتی تک پہنچ گے سیوریج کا گندا پانی محلہ ملک پورہ قبرستان میں داخل ہونے کے باعث متعدد قبریں گندے پانی کے باعث زمین بوس ہوگئی جس پر شہری سماجی نمائندگان سید سبط حسن نقوی، زمان گولڈن، مہر مبشر نوید، سردار آفتاب، آصف اکبر، شیخ محمد احمد، ملک محمد احسن و دیگر نے بتلایا کے اس بابت متعدد بار مقامی انتظامیہ کو آگاہ کیا جاچکا ہے مگر کوئی شنوائی نہیں ہورہی سیوریج کا گندا پانی نارو کی ماجھہ روڈ کی سیوریج لائن بند ہونے کے باعث اب اوور فلو ہو کر قبرستان میں داخل ہو رہا ہے۔ جس باعث قبروں کی بے حرمتی ہورہی ہے اس پانی میں نجی ہاؤسنگ سوسائٹیوں کا بھی گندا پانی شامل ہے تو وہیں بلدیہ کی بند سیوریج لائنوں کا بھی شامل ہے۔ جس پر انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف، چیف سیکرٹری پنجاب، ڈپٹی کمشنر قصور سے مطالبہ کیا ہے کہ قبرستان میں سیوریج کا گندا پانی داخل ہونے پر سخت نوٹس لیا جائے اور ملوث اہلکاروں کے خلاف پیڈا کاروائی کر کے نوکری سے برخاست کیا جائے۔

مختلف صنعتی یونٹس میں ورکرز کو فائر فائٹنگ کی عملی مشقیں کروائیں

شیخوپورہ(بیورو رپورٹ)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے محفوظ پنجاب ویژن کے تحت ڈائریکٹر سول ڈیفنس پنجاب ضیغم نواز، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ، اے ڈی سی جنرل نعمان ڈوگر اور ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس شیخوپورہ کی خصوصی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس کے چیف انسٹرکٹر چوہدری محمد حنیف ورک نے مختلف صنعتی یونٹس میں ورکرز کو فائر فائٹنگ کی عملی مشقیں کروائیں اور ہنگامی حالات سے نبرد آزما ہونے کی تربیت دی اس موقع پر فیکٹریز کے انتظامی افسران بھی موجود تھے جنہوں نے محکمہ سول ڈیفنس کی اقدام کو سراہا اور اسکی افادیت و اہمیت تسلیم کرتے ہوئے اپنے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کروائی، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چوہدری محمد حنیف ورک نے کہا کہ صنعتی یونٹس کے ورکرز کو سیفٹی اقدامات سے آگاہ کرنے کا مقصد انہیں ہنگامی حالات میں اپنی اور دیگر افراد کی جانوں کے تحفظ کیلئے سود مند کردار ادا کرنے کے قابل بنانا ہے محکمہ سول ڈیفنس کی ہمیشہ کوشش رہی ہے کہ شہری دفاع کی تربیت کیلئے ذہن سازی اور عملی مشقوں کے حوالے سے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں زمانہ امن و جنگ میں سول ڈیفنس کا کردار نمایاں اور ناقابل فراموش رہا ہے ان شاء اللہ آئندہ بھی اس کاز کی انجام دہی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے گی، علاوہ ازیں شہری دفاع کی اہمیت اجاگر کرنے کیلئے چوہدری محمد حنیف ورک کی قیادت میں آگاہی ریلی بھی نکالی گئی جس میں صنعتی ورکرز نے شرکت کی۔

تلہ گنگ:دوکان کی کچی چھت گرنے سے دو افراد جانبحق، ایک زخمی ریسکیو 1122 کی بروقت کارروائی

چکوال(ایم ایوب سلطانی)تفصیلات کے مطابق تلہ گنگ کے محلہ عیدگاہ میں واقع ایک دکان



کی کچی چھت اچانک منہدم ہوگئی، جس کے نتیجے میں تین افراد ملبے تلے دب گئے۔ ریسکیو 1122 کمانڈ اینڈ کنٹرول روم چکوال کو اطلاع موصول ہوتے ہی فوری طور پر سب اسٹیشن تلہ گنگ سے ریسکیو ٹیموں کو جائے حادثہ پر روانہ کر دیا گیا۔ ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر فوری طور پر سین اسیسمنٹ کی اور ریسکیو آپریشن شروع کیا۔ ملبے تلے دبے دو افراد کو نکال کر موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی جن میں سے ایک مریض جانبر نہ ہوسکا اور زخمی مریض فوری طور پر سٹی ہسپتال تلہ گنگ منتقل کیا گیا، جب کہ جانبحق شخص کو ٹی ایچ کیو ہسپتال تلہ گنگ شفٹ کیا گیا، جبکہ ایک شخص اپنی مدد آپ کے تحت پہلے ہی اسپتال منتقل کیا جاچکا تھا جو موقع پر ہی جانبحق ہوگیا۔

متعدد تھانوں کے ایس ایچ اوز کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیے

شکرگڑھ(عمران عارف سے)ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر نارووال ملک نوید نے ضلع بھر میں پولیس کی کارکردگی کو مزید موثر بنانے اور امن وامان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے متعدد تھانوں کے ایس ایچ اوز کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ سجاول نواز کو ایس ایچ او سٹی شکرگڑھ تعینات کیا گیا ہے۔ عمر واہلہ کو ایس ایچ او کوٹ نیناں مقرر کیا گیا ہے۔ اکرام الحق کو ایس ایچ او سٹی نارووال کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ واجد مہیس کو ایس ایچ او پٹیالہ تعینات کیا گیا ہے۔ احسن چٹھہ کو ایس ایچ او بدوملہی تعینات کیا گیا ہے۔ محمد جاوید کو ایس ایچ او اوندوکی کے طور پر تعینات کر دیا

اسسٹنٹ کمشنر چوہدری رب نواز کا رات کے پچھلے پہر ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال کا اچانک دورہ

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر چوہدری رب نواز کا رات کے پچھلے پہر ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال کا اچانک دورہ، انہوں نے ہسپتال کی ایمرجنسی سمیت مختلف شعبہ جات میں سٹاف کا ڈیوٹی روسٹر، ادویات کا سٹاک، ایئر کنڈیشنرز کی ورکنگ اور صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے میڈیکل سپرنٹینڈنٹ کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مفت ادویات کی لسٹیں فارمیسی کے باہر آویزاں کی جائیں، مختلف وارڈز اور ان سے ملحقہ واش رومز کی تواتر سے صفائی کی جائے مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں اور عوامی شکایات کے ازالہ کے لیے موثر میکانزم کے ذریعے انتظامات کیے جائیں، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر چوہدری رب نواز نے کہا کہ ڈی ایچ کیو سٹی ہسپتال میں مریضوں کو بہترین میڈیکل سروسز فراہم کرنے کے لیے نگرانی کا عمل جاری رکھا جائے گا اور عوامی خدمت کے عمل میں سستی کا مظاہرہ کرنے والوں کے ساتھ سختی سے نمٹا جائے گا۔

ایس ایچ او مراد پور اعجاز الحق کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن

ڈی پی او سیالکوٹ فیصل شہزاد کی ہدایات پر عمل پیرا ایس ایچ او تھانہ مراد پور اعجاز الحق کا قانون شکنوں کیخلاف کریک ڈاؤن

سیالکوٹ(ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید)چوروں، ڈکیتوں ومنشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا۔ موٹر سائیکل چور گینگ کو گرفتار کر کے لاکھوں روپے مالیتی مسروقہ موٹر سائیکلیں جبکہ خاتون سمیت دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے 20 کلوگرام سے زائد منشیات بھی برآمد کرلی گئی ہے۔ سیالکوٹ: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ فیصل شہزاد کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں جرائم کی روک تھام کے لیے جاری آپریشن کے دوران ایس ایچ او تھانہ مراد پور سب انسپکٹر اعجاز الحق نے اپنی ٹیم کے ہمراہ نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ تھانہ مراد پولیس نے علاقہ میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں کی روک تھام کے سلسلہ میں جدید ٹیکنالوجی اور موثر حکمت عملی کو بروئے کار لاتے ہوئے سیف سٹی کیمراز کی مدد سے موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ساغر گینگ کے سرغنہ سمیت دو ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کرلیا ہے۔ گرفتار ملزمان ماسٹر چابی کے ذریعے شہریوں کی موٹر سائیکلیں گھروں کے باہر اور رش والی جگہوں سے چوری کرتے تھے۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے چوری شدہ 6 عدد موٹر سائیکلیں برآمد کر لی ہیں۔ گرفتار ملزمان میں شامل: 1. فرحان ولد شہباز، سکنہ ہنٹر پورہ سیالکوٹ 2. ساغر ولد ویلڈن، سکنہ ہنٹر پورہ سیالکوٹ پولیس نے ابتدائی تفتیش کے دوران 06 مقدمات ٹریس کرتے ہوئے ملزمان کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھجوا دیا ہے۔

حقیقی خالہ کے گھر ڈپلیکیٹ چابیاں بنوا کر چوری کی واردات کرنے والے 02 بھانجے ساتھیوں سمیت گرفتار

ملزمان کی گرفتاری پر سماجی وسیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین

گوجرانوالہ(غلام شبیر ریذیڈنٹ ایڈیٹر)ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق نے ضلع بھر میں چوروں اور ڈکیتوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں انہی احکامات کے پیش نظر ایس ڈی پی سیٹلائٹ ٹاؤن محمود الحسن رانا کی زیرنگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر روز زیر آباد جناح روڈ انسپکٹر ابوبکر گوڑائیہ و دیگران نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے حقیقی خالہ کے گھر ڈپلیکیٹ چابیاں بنوا کر چوری کرنے والے 2 بھانجوں سمیت 4 ملزمان گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق گلزار کالونی کی رہائشی نبیلہ بی بی نے 18 جون 2025 کو تھانہ میں درخواست دی کہ نامعلوم چور سائلہ کے گھر سے طلائی زیورات اور نقدی چوری کر کے لے گے ہیں۔ جس پر جناح روڈ پولیس نے فوری مقدمہ درج کر کے نامعلوم ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ جناح روڈ پولیس نے ہیومن ریسورس، جدید سائنٹفک طریقے اور سی ٹی وی کیمروں کی مدد سے چوری کی واردات میں ملوث نامعلوم ملزمان کو ٹریس کر کے گرفتار کیا۔ دوران تفتیش یہ واضع ہوا کہ گرفتار 4 ملزمان میں سے 2 ملزمان مقدمہ کی مدعیہ کے بھانجے ہیں۔ جو چوری کی واردات کے ماسٹر مائنڈ بھی ہیں۔ پولیس نے ملزمان کے قبضہ سے 12 ہزار ریال، طلائی زیورات 10 تولہ برآمد کر لیے۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں فیضان، اویس، مدثر اور عدیل شامل ہیں۔ سماجی و سیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز رضوان طارق نے کہا ہے کہ چور وڈکیت معاشرے کا ناسور ہیں ان کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ ایس ایس پی آپریشنز نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ جناح روڈ انسپکٹر ابوبکر گوڑائیہ اور انکی پولیس کی ٹیموں کو شاباش دی۔

سی سی ڈی کے کی دبنگ کاروائیوں کے تحت اوکاڑہ میں منشیات فروش نسرین اختر، خالد، اور محمد نعیم کی منشیات فروشی سے توبہ، جامع مسجد میں حلف اٹھایا

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) سی سی ڈی کے کی دبنگ کاروائیوں کے تحت اوکاڑہ میں منشیات فروش نسرین اختر، خالد، اور محمد نعیم کی منشیات فروشی سے توبہ، جامع مسجد میں حلف اٹھایا، اوکاڑہ کے نواحی علاقہ تھانہ اے ڈویژن کی حدود صابری کالونی کے منشیات فروش نسرین اختر زوجہ خالد جاوید، خالد جاوید ولد محمد انور، اور محمد نعیم نے جامع مسجد میں امام مسجد اور دیگر اہلیان محلہ کے روبرو حلف اٹھا کر توبہ کر لی نسرین اختر زوجہ خالد جاوید، خالد جاوید ولد محمد انور، اور محمد نعیم نے مرکزی جامع مسجد میں امام مسجد قاری شاہد نورانی اور دیگر معززین علاقہ کے روبرو حلف اٹھاتے ہوئے منشیات فروشی سے ہمیشہ کیلئے توبہ کر لی انہوں نے کہا کہ ہم نے سچے دل سے منشیات فروشی سے توبہ کر لی ہے آئندہ ہم منشیات فروش نہیں کرے گے بلکہ محنت مزدوری کر کے اپنے گھر کا گزر بسر کرے گے۔ منشیات فروشوں نے اپنا بیان حلفی تھانہ اے ڈویژن سمیت تمام انتظامی اداروں میں بھیج دیا اہل علاقہ نے نسرین اختر زوجہ خالد جاوید، خالد جاوید ولد محمد انور، اور محمد نعیم کی منشیات فروشی سے توبہ کو سراہا اور اسکی حوصلہ افزائی بھی کی

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

185 ملزمان میں سے 108 ملزمان کو مجرم قرار دیتے ہوئے سزائیں سنائیں اور 77 ملزمان کو شک کا فائدہ دیتے ہوئے بری کر دیا۔ عدالت نے تھانہ غلام محمد آباد کے مقدمہ نمبر 1277 کے فیصلہ میں 66 ملزمان میں سے 60 ملزمان کو مجرم قرار دیتے ہوئے سزا سنائی جبکہ 6 ملزمان کو بری کر دیا۔ اس موقع پر عدالت کے اندر اور باہر سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے تھے۔ عدالت کی طرف سے سنائے گئے فیصلے میں قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب، قومی اسمبلی میں پاکستان تحریک انصاف کی پارلیمانی لیڈر زرتاج گل اور سینیٹ میں پاکستان تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر شبلی فراز کو دس دس سال قید کی سزا سنائی گئی ہے۔ سنی اتحاد کونسل کے چیئرمین حامد رضا کو بھی 10 سال قید کی سزا سنائی گئی ہے، علی افضل ساہی کو 3 سال قید کی سزا سنائی گئی ہے جبکہ سابق وفاقی وزیر فواد چودھری اور رکن قومی اسمبلی زین قریشی اور خیال کاسترو کو بری کر دیا گیا ہے۔ عدالت نے پولیس وین نذر آتش کرنے کے کیس کا بھی فیصلہ سنا دیا، 32 میں سے 28 ملزمان کو مجرم قرار دیتے ہوئے 10، 10 سال قید کی سزا سنائی گئی جبکہ 4 ملزمان کو بری کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ سپریم کورٹ نے انسداد دہشت گردی کی عدالتوں کو حکم دیا تھا کہ وہ 9 مئی کے مقدمات میں عدالتی کارروائی مکمل کرتے ہوئے ان پر فیصلہ سنائیں اور سپریم کورٹ کی طرف سے دی جانے والی ڈیڈ لائن اگلے ماہ ختم ہو رہی ہے۔ یاد رہے کہ 9 مئی کو پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کی گرفتاری کے بعد ملک بھر میں پرتشدد مظاہرے ہوئے تھے جن میں سرکاری اور عسکری عمارتوں کو نقصان پہنچایا گیا تھا، ان واقعات پر مختلف شہروں میں انسداد دہشت گردی کے مقدمات درج کیے گئے تھے، فیصل آباد میں یہ مقدمات پولیس کی مدعیت میں درج ہوئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 2

کی ویڈیو ٹوئیٹر کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ جدید، مؤثر اور ماحول دوست سفری سہولت ہے، جو سرمایہ کاری کے مؤثر استعمال اور ماحولیاتی تحفظ کو یقینی بناتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے بتایا کہ یہ بس ایک وقت میں 300 مسافروں کو لے جانے کی صلاحیت رکھتی ہے اور اسے جلد لاہور کی کینال روڈ پر ٹیسٹ رن کے لیے چلایا جائے گا تاکہ اس کی فعالیت اور کارکردگی کو جانچا جا سکے۔ مریم نواز نے مزید بتایا کہ چین میں پنجاب کے لیے 1100 الیکٹرک بسیں تیار کی جا رہی ہیں، جن میں سے 240 بسوں پر مشتمل پہلا بیڑا 22 اگست کو پاکستان پہنچے گا۔ یہ بسیں اُن اضلاع میں بھیجی جائیں گی جہاں پبلک ٹرانسپورٹ کی سہولت موجود نہیں۔ وزیراعلیٰ نے اس اقدام کو "روایت سے ہٹ کر ایک نیا ماڈل" قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ منصوبہ نہ صرف شہریوں کو بہترین سفری سہولیات فراہم کرے گا بلکہ ماحولیاتی بہتری میں بھی معاون ثابت ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 3

اور اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقاتیں کریں گے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ڈاکٹر مسعود پزشکیان وزیراعظم شہباز شریف کی دعوت پر پاکستان کا دورہ کریں گے، دورے کا مقصد دونوں ممالک کے درمیان سیاسی، معاشی، مذہبی اور ثقافتی تعلقات کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس دورے کا مقصد صوبائی اور سرحدی تعاون کو مزید بڑھانا اور تجارتی تبادلے کو موجودہ 3 ارب ڈالر سے آگے لے جانا بھی ایجنڈے کا حصہ ہے۔ واضح رہے کہ مسعود پزشکیان گزشتہ دو برسوں میں پاکستان کا دورہ کرنے والے دوسرے ایرانی صدر ہوں گے، اپریل 2024 میں سابق ایرانی صدر ابراہیم رئیسی نے پاکستان کا تین روزہ سرکاری دورہ کیا تھا۔ دوسری جانب پاکستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بھی کچھ روز قبل تصدیق کی تھی کہ ایرانی صدر جلد پاکستان کا سرکاری دورہ کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 4

دی جا سکے گی۔ معاہدے کی تفصیلات آئندہ دنوں میں جاری کی جائیں گی تاہم حکومتی ذرائع کے مطابق یہ شراکت داری توانائی، بنیادی ڈھانچے اور برآمدی مواقع کی وسعت میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 5

کی نگرانی کرے گا۔ یہ سیٹلائٹ نقل و حمل کے نیٹ ورکس اور جغرافیائی خطرات کی نشاندہی بھی کرے گا۔ یہ پاکستان کا دوسرا ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ ہے۔ پہلا ریموٹ سینسنگ سیٹلائٹ 2018 میں چین کے سیٹلائٹ لانچ سینٹر سے بھیجا گیا تھا۔ ترجمان سپارکو کے مطابق اس وقت پاکستان کے 5 سیٹلائٹ خلاء میں موجود ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 6

ت بے نتیجہ ختم ہوئی، ملاقات میں بلا مقابلہ انتخاب پر کوئی اتفاق نہ ہو سکا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ اب سینیٹ کی خالی نشست پر پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور اپوزیشن کے امیدواروں کے درمیان براہ راست مقابلہ ہوگا، اپوزیشن لیڈر کی جانب سے کوشش کی گئی کہ ن لیگ کی امیدوار صوبیہ شاہد کے حق میں دیگر امیدواروں کو دستبردار کرایا جائے تاہم یہ کوشش تاحال کامیاب نہیں ہو سکی۔ ذرائع کے مطابق اگر دیگر اپوزیشن جماعتوں کے امیدوار دستبردار ہو جاتے ہیں تو میدان پی ٹی آئی کی مشال یوسفزئی اور مسلم لیگ (ن) کی صوبیہ شاہد کے درمیان لگے گا، خیبر پختونخوا اسمبلی میں اس وقت پی ٹی آئی کو عددی برتری حاصل

بقیہ بقیہ جات 7

مت کی طرف سے 5 اگست 2019 کو علاقے کی خصوصی حیثیت چھیننے کے غیر قانونی اقدام کے خلاف اپنا احتجاج ریکارڈ کرانے کیلئے پانچ اگست بروز منگل مکمل ہڑتال کریں اور اس دن کو "یوم استحصال" کشمیر کے طور پر منائیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق نریندر مودی کی سربراہی میں قائم بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کی بھارتی حکومت نے 5 اگست 2019 کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی کرتے ہوئے بھارتی آئین کی 370 اور 35 اے دفعات ختم کر دی تھیں جن کے تحت بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر کو خصوصی حیثیت حاصل تھی۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں لوگوں پر زور دیا کہ وہ 5 اگست کو مکمل ہڑتال کریں تاکہ دنیا کو یہ واضح پیغام دیا جا سکے کہ کشمیری بھارت کے غیر قانونی اقدامات اور بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کو تسلیم نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست کشمیریوں کیلئے سیاہ ترین دنوں میں سے ایک ہے جب بھارت نے انکی منفرد حیثیت اور شناخت چھین لی۔ انہوں نے کہا کہ مودی حکومت نے مقبوضہ علاقے کو ایک بڑی جیل میں تبدیل کر کے کشمیریوں کے تمام بنیادی حقوق چھین لیے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ بھارتی فورسز محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کے دوران نوجوانوں کو جعلی مقابلوں میں مسلسل شہید کر رہی ہیں جسکا عالمی برادری کو نوٹس لینا چاہیے۔ دریں اثناء کل جماعتی حریت کانفرنس اور مختلف آزادی پسند تنظیموں نے سرینگر اور مقبوضہ وادی کشمیر کے دیگر علاقوں میں پوسٹر چسپاں کیے ہیں جن میں درج تحریر میں اگست 2019 کے غیر قانونی بھارتی اقدامات کو مسترد کرتے ہوئے انہیں واپس لینے، سیاسی نظر بندوں کی رہائی اور مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ پوسٹروں میں لکھا ہے کہ کشمیری بھارت کے نوآبادیاتی اقدامات کے خلاف اپنی مزاحمت جاری رکھیں گے۔ پوسٹر سماجی رابطوں کی سائٹوں، فیس بک، ایکس اور وٹس ایپ وغیرہ پر بھی اپ لوڈ کیے گئے

بقیہ بقیہ جات 8

ئے بلال اظہر کیانی نے کہا کہ محمد اورنگزیب کی واشنگٹن میں امریکی وزیر تجارت اور ٹریڈری پریزنٹیٹو ایمبسڈر سے ملاقات ہوئی، ہماری ٹیم کے مستقل مذاکرات ہوتے رہے، جس کے نتیجے میں یہ ڈیل سائن ہوئی۔ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ اس ڈیل کے نتیجے میں پاکستان سے امریکا جانے والی اشیاء کے ٹیرف میں کمی ہو گی، اس ٹیرف میں کمی سے بہت بڑا اثر آئے گا۔ انہوں نے کہا ہے کہ گزشتہ مالی سال میں 32 ارب ڈالر کی ایکسپورٹ میں سے 6 ارب ڈالر امریکا کی تھیں، پاکستان کی سنگل لارجسٹ ایکسپورٹ ڈیسٹی نیشن امریکا ہے، ٹیرف میں کمی کے ساتھ ساتھ پاکستان میں یو ایس انویسٹمنٹ اینڈ ڈیولپمنٹ پروجیکٹ بڑھیں گے۔ وزیر مملکت برائے خزانہ نے مزید کہا ہے کہ پاکستان میں امریکی انویسٹمنٹ میں اضافہ دیکھا جائے گا، ہماری حکومت کی یہ ایک بڑی کامیابی ہے، اس کامیابی سے پاکستان کو معاشی طور پر فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا ہے کہ یہ ڈیل ہماری کامیاب سفارتکاری کی عکاسی کرتی ہے، اپنی اسٹریٹجک پارٹنرشپ کو ہم نے مضبوط کیا ہے، بھارت پر 25 فیصد ٹیرف کی بات ہوئی ہے یقیناً ہمیں اس کا اپنے ریجن کے اندر فائدہ ہوگا۔ بلال اظہر کیانی نے یہ بھی کہا ہے کہ حال ہی میں نائب وزیراعظم کی امریکی وزیر خارجہ سے ملاقات ہوئی، اس سے پہلے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی امریکی صدر سے ملاقات ہوئی، یہ ٹریڈ ڈیل ایک مضبوط سفارتکاری کا نتیجہ ہے، ہماری کامیاب سفارتکاری جاری رہے

بقیہ بقیہ جات 9

نے کا مقصد جنگلات کے تحفظ اور ماحولیاتی بہتری کیلئے عوامی شعور اجاگر کرنا ہے۔ اپنے خصوصی پیغام میں انہوں نے کہا کہ پنجاب میں فارسٹ رینجرز جنگلات کے تحفظ میں قابل قدر کردار ادا کر رہے ہیں۔ قدرتی وسائل کے تحفظ اور ماحولیاتی توازن کی بحالی میں ان کی خدمات ناقابل فراموش ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ جنگلات کا تحفظ قومی مفاد کا معاملہ ہے اور عوام کو رینجرز سے بھرپور تعاون کرنا چاہیے تاکہ سرسبز پاکستان کی منزل حاصل کی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ فارسٹ رینجرز کی تربیت، صلاحیت اور کارکردگی میں مزید بہتری کے لیے پنجاب حکومت پرعزم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت، عوام اور رینجرز مل کر قدرتی ماحول کے تحفظ اور ماحولیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہے

بقیہ بقیہ جات 10

کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے جس کے نتیجے میں مزید 52 فلسطینی شہید ہو گئے۔ دوسری جانب شمالی غزہ میں فلسطینی مزاحمت کاروں نے کارروائی کرتے ہوئے 5 اسرائیلی فوجیوں کو ہلاک کر دیا جب کہ 14 اسرائیلی فوجی زخمی بھی ہوئے جس کی اسرائیلی فوج کی جانب سے بھی تصدیق کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ 7 اکتوبر 2023 کے بعد سے اسرائیلی حملوں میں 60 ہزار سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، شہدا میں 18 ہزار 500 فلسطینی بچے بھی شامل ہیں۔ فلسطینی وزارت صحت کے مطابق اسرائیلی حملوں میں اب تک ایک لاکھ 46 ہزار 269 افراد سے زائد زخمی ہوئے۔ امریکی اخبار نے غزہ پر اسرائیلی حملوں میں شہید بچوں کے نام جاری کر دیے جس کے مطابق 900 سے زائد بچے اپنی پہلی سالگرہ سے پہلے شہید کیے

بقیہ بقیہ جات 11

پی ٹی آئی کے 50 رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری جاری کر دیے۔ 26 نومبر احتجاج کے سلسلے میں تھانہ کراچی کمپنی میں درج مقدمے کی سماعت کے بعد پی ٹی آئی کے 41 رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری عدالت نے جاری کیے جبکہ 9 پی ٹی آئی رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری پہلے ہی جاری ہو چکے ہیں، اس طرح مجموعی طور پر 50 پی ٹی آئی رہنماؤں کے وارنٹ گرفتاری جاری ہو گئے ہیں۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے وارنٹ تھانہ کراچی کمپنی میں درج مقدمہ نمبر 1193 میں جاری کیے گئے، ان ملزمان میں عارف علوی، عبدالقیوم نیازی، شبلی فراز، فیصل جاوید، سلمان اکرم راجا، رؤف حسن، مراد سعید، احمد نیازی بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور، اسد قیصر، حماد اظہر، عاطف خان، شعیب شاہین، اعظم خان سواتی، عمر ایوب، صاحبزادہ حامد رضا، علیمہ خانم، شیخ وقاص اکرم، کنول شوزب، شاندانہ گلزار، شیر افضل مروت کے وارنٹ گرفتاری بھی جاری کیے گئے ہیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے ملزمان کے پیش نہ ہونے پر وارنٹ جاری جاری کیے، عدالت نے ملزمان کو فوری گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ واضح رہے کہ راولپنڈی ڈویژن میں 24 اور 26 نومبر کے 32 مقدمات درج ہیں، جس میں بشریٰ بی بی تھانہ ٹیکسلا میں 26 نومبر کانسٹیبل قتل کیس میں بھی نامزد ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

سینسنگ سیٹلائٹ کی کامیاب لانچنگ پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئندہ سال آسٹرونانٹ خلا میں بھیجا جائے گا، 2035ء تک ہم چاند پر پہنچنے کے پروگرام کو بھی کامیابی سے مکمل کریں گے۔ احسن اقبال نے سپارکو کی پوری ٹیم، انجینئرز، سائنسدانوں کو بھی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے چین کے تعاون پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ چین کے بھرپور تعاون پر شکر گزار ہیں۔ سیٹلائٹ کامیابی سے اپنے مدار میں پہنچ گیا۔ وزیر منصوبہ بندی نے اعادہ کیا کہ پاکستان کو اسپیس ٹیکنالوجی میں دوبارہ قائدانہ کردار دلائیں گے۔ ان کا کہنا ہے کہ آئندہ سال چین کی مدد سے آسٹرونانٹ خلا میں بھیجا جائے گا، 2035ء تک ہم چاند پر پہنچنے کے پروگرام کو بھی کامیابی سے مکمل کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 13

عظم شہباز شریف نے اپنے تہنیتی خط میں کہا ہے کہ اویس لغاری نے 780 ارب روپے کا گردشی قرضہ ختم کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا، 6 انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسرز سے معاہدے ختم کرنے اور اصلاحات سے قوم کو 3 کھرب روپے سے زائد کا فائدہ ہوا۔ وزیراعظم نے خط میں ذکر کیا کہ 8 روپے 35 پیسے فی یونٹ کی سے بجلی صارفین کو تاریخی ریلیف ملا، امید ہے کہ اویس لغاری اور ان کی ٹیم مزید اچھا کام کرے گی جس سے توانائی سیکٹر میں بہتری اور معاشی صورتحال بہتر ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 14

ئب ناظم زراعت توسیع ضلع مظفرآباد میں جنگلی کھو پر اعلیٰ اقسام کے زیتون کی پیوندکاری کے سلسلہ میں ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا، تربیتی ورکشاپ میں اسسٹنٹ ہارٹیکلچر آفیسر سید مرتضیٰ گیلانی نے سرکل مظفرآباد کے فیلڈ سٹاف (فیلڈ معاونین، بیلداران اور بڈرز) کو زبانی و عملی طور پر زیتون کی پیوندکاری کی تربیت فراہم کی۔ اس موقع پر نائب ناظم زراعت ضلع مظفرآباد راجہ ظہیر اقبال نے فیلڈ سٹاف کو ہدایت کی کہ وہ زیتون کی پیوندکاری مہم میں بھرپور لگن اور دلچسپی سے حصہ لیتے ہوئے اسے کامیاب بنائیں۔ علاوہ ازیں ضلع بھر میں موضع کی سطح پر انجمن دہقاں کا قیام عمل میں لایا جائے جس میں صرف اور صرف زمینداران کی نمائندگی کو یقینی بنایا جائے تاکہ علاقے میں زراعت کو فروغ دیا جا سکے۔ شجر کاری کی مہم کو کامیاب بنانے کے لیے کردار سے ہی عوام دوست ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ معاشی ذرائع آمدن کے لیے اسباب پیدا کیے جائیں، تربیتی ورکشاپ کے بعد ڈاکٹر اعجاز خان ناظم اعلیٰ زراعت نے موضع سہڑی میں زیتون کی پیوندکاری مہم کا آغاز کرتے ہوئے فیلڈ سٹاف کو پیوندکاری مہم کو کامیاب بنانے نیز انجمن دہقاں کے قیام کے سلسلہ میں ضروری ہدایات دیں اور موضع سہڑی میں زمیندار محمد رفیق کے فیلڈ میں موجود جنگلی کھو کے درخت پر زیتون کی پیوندکاری کرتے ہوئے علاقے میں پیوندکاری مہم کا آغاز کیا۔ اس کے بعد فیلڈ عملہ نے 315 جنگلی کھو کے درختوں پر زیتون کی پیوندکاری مکمل

بقیہ بقیہ جات 15

ہوئے انہیں عہدے سے ہٹانے کا حکم دے دیا۔ صوبائی محتسب نے کراچی کی رہائشی صارف مہرین زہرہ کی درخواست پر سی ای او کے الیکٹرک کو برطرفی اور جرمانے کی سزا سنا دی۔ صوبائی محتسب نے اپنے فیصلے میں قرار دیا ہے کہ سی ای او کے الیکٹرک پر الزام ثابت ہوتا ہے، انہیں عہدے سے ہٹایا جائے، صوبائی محتسب نے مونس علوی پر 25 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کر دیا۔ یاد رہے کہ کے الیکٹرک کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے رواں ماہ ہی مونس علوی کو دوبارہ چیف ایگزیکٹو آفیسر (سی ای او) مقرر کیا تھا۔ کے الیکٹرک کی جانب سے جاری کی گئی پریس ریلیز میں بتایا گیا تھا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے 7 جولائی کے اجلاس میں سید مونس عبداللہ علوی کو 30 جولائی 2025 سے کے الیکٹرک کا دوبارہ چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کر دیا ہے۔ کے الیکٹرک کے مطابق مونس علوی 2008 میں کے الیکٹرک میں شامل ہوئے تھے اور سی ای او بننے سے پہلے وہ کمپنی میں چیف فنانشل آفیسر، کمپنی سیکرٹری اور ہیڈ آف ٹریژری جیسے اہم عہدوں پر فائز رہ چکے

بقیہ بقیہ جات 16

ہونے کا الزام لگایا گیا۔ ہمارا موقف تھا کہ پاکستان تا حال دہشتگردی کا شکار رہا ہے وہ کیسے کسی اور ملک میں دہشتگردی کر سکتا ہے۔ بھارتی اقدامات خطے کا امن تباہ کر سکتے ہیں۔ عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ وزیراعظم نے کاکول میں خطاب میں پہلگام واقعے کی تحقیقات کی پیش کش بھی کی لیکن بھارت پر جنگی جنون سوار تھا۔ مودی اپنے ملک میں کبھی اتنا سیاسی طور پر کمزور نہیں تھا جتنا آج ہے۔ ہم نے پہلگام واقعے کے بعد صحافیوں کو وہ جگہیں دکھائیں جن کے بارے میں بھارت الزام لگاتا ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ امن کے خواہاں ہونے کے ساتھ ہم نے یہ یقینی بنایا کہ ہماری امن کی خواہش کو کمزوری نہ سمجھا جائے۔ بھارت پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا چاہتا تھا۔ ایک بین الاقوامی معاہدے کو ایک ملک یکطرفہ طور پر کیسے ختم کر سکتا ہے؟ انہوں نے کہا کہ ہم آج بھی امن کے خواہاں ہیں، کشمیر سمیت تمام معاملات کا پرامن حل چاہتے ہیں۔ صدر ٹرمپ نے بھی کہا ہے کہ کشمیر ایک حل طلب تنازع ہے۔ پاکستان نے دنیا میں یہ ثابت کیا ہے کہ ہم پرامن ملک ہیں۔ اللہ اس خطے میں امن کو قائم رکھے۔ قبل ازیں انسٹی ٹیوٹ آف ریجنل اسٹڈیز اور نجی یونیورسٹی کے تعاون سے منعقدہ پالیسی ڈائیلاگ میں سابق سیکرٹری خارجہ جوہر سلیم نے ابتدائی کلمات میں کہا کہ جموں کشمیر میں بھارتی افواج نے اگست 2019 سے جارحیت میں اضافہ کیا۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی ڈائیلاگ اور مذاکرات پر مبنی ہے۔ بھارت خطے میں جارحیت اور کشیدگی پھیلا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے آپریشن سندور کے ذریعے خطے کو آگ کی طرف دھکیلنے کی کوشش کی۔ پاکستان نے ذمہ دار ملک کی حیثیت سے ملکی سالمیت کی حفاظت کرتے ہوئے بھارت کو بھرپور جواب دیا۔ تقریب سے سابق ایڈوائزر نیشنل سکیورٹی ڈاکٹر معید یوسف نے بھی خطاب کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مشاہد حسین سید نے کہا کہ حالیہ دور میں بھارت نے اپنی مس کیلکولیشن کے باعث، عسکری، سیاسی اور سفارتی محاذوں پر نقصان اٹھایا۔ ڈونلڈ ٹرمپ وہ امریکی صدر ہیں جو امریکی ملٹری اسٹیبلشمنٹ کی نمائندگی نہیں کرتے۔ وہ جنگوں کے خلاف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس دور کا تیسرا سب سے بڑا فیکٹر چین ہے۔ موجودہ دور میں 3 سہ فریقی اتحاد بنے ہیں۔ پاکستان، افغانستان چین، دوسرا پاکستان بنگلا دیش اور چین ہے جب کہ تیسرا سب سے اہم کام ترکمانستان، افغانستان اور پاکستان کے مابین ریل نیٹ ورک پر معاہدہ ہونا ہے۔ جنوبی ایشیا ایک نئی طاقت بنتے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت صرف مودی اور آر ایس ایس کا نام نہیں ایک ملک ہے۔ بھارت کو سفارتی، سیاسی اور میڈیا کے ذریعے اپنی طاقت کا خمیازہ بھگتنا پڑا۔ امریکی سسٹم بھارت کی حمایت میں ہے لیکن ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے بھارت کو مزاحمت کا سامنا ہے۔ صدر ٹرمپ نے پاکستان کے لیے ٹیرف ختم کر کے پاکستان کے ساتھ تجارت روابط مضبوط کیے۔ مشاہد حسین سید کا کہنا تھا کہ مودی اور آر ایس ایس کی پاکستان مخالف آئیڈیا لوجیکل خارجہ پالیسی ہے۔ پاکستان موجودہ حالات میں اسٹریٹیجک اسپیس فائدہ اٹھائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 17

صدائے روس کے چیف ایڈیٹر اور تحریک کشمیر روس کے کوآرڈینیٹر اشتیاق ہمدانی نے کی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق تحریک کشمیر ناروے کے جنرل سیکرٹری میاں طیب نے تلاوت کلام پاک سے کانفرنس کا آغاز کیا۔ یورپ، جنوبی افریقہ اور پاکستان سمیت مختلف ممالک کے مقررین نے کشمیر پر عالمی اقدام کے لیے ٹھوس تجاویز پیش کیں۔ اشتیاق ہمدانی نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ دنیا بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں بگڑتی ہوئی صورتحال کا نوٹس لے۔ صدر تحریک کشمیر یورپ محمد غالب نے پاکستان کے وفود میں کشمیری علماء کو شامل کرنے پر زور دیا۔ ڈاکٹر غلام نبی فائی نے خبردار کیا کہ بھارت عالمی رائے عامہ کو گمراہ کرنے اور ثالثی سے بچنے کے لیے مزاحمت کو دہشت گردی کا نام دیتا ہے۔ محمود احمد ساغر نے پاکستان سے سفارتی رابطے کو تیز کرنے کا مطالبہ کیا جبکہ سلمان خان نے تارکین وطن کے اتحاد پر زور دیا۔ ایڈووکیٹ ریحانی علی اور ڈاکٹر عابدہ رفیق نے اختلاف رائے کو دبانے کے لیے بھارت کی طرف سے کالے قوانین کے بے دریغ استعمال کو بے نقاب کیا۔ کشمیر کونسل یورپ کے چیئرمین علی رضا سید نے کہا کہ یورپی پارلیمنٹ ایک بہت اہم عالمی فورم ہے، اگر ہم مسئلہ کشمیر پر ٹھوس پیش رفت چاہتے ہیں تو کشمیری وفود کو برسلز سمیت دنیا کے اہم دارالحکومتوں میں اپنی کوششیں تیز کرنا ہوں گی۔ الطاف احمد بٹ نے کہا کہ کشمیر میں آزادی اظہار رائے خطرے میں ہے۔ ٹریول بلاگر منان راجہ نے دیگر قومیتوں اور مختلف پس منظر کے لوگوں سے ملاقات کے دوران اپنے تجربات بیان کیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں ہر فورم پر کشمیر کے بارے میں شعور اجاگر کرنے کی ضرورت ہے۔ اگر سکاٹ لینڈ میں ریفرنڈم ہو سکتا ہے تو کشمیر میں کیوں نہیں۔ شیخ عبدالمتین نے کشمیر پر سیمینار، کانفرنسز اور دیگر پروگرام منعقد کرنے کے لیے علمی اداروں اور تھنک ٹینکس سے رابطہ کرنے کا مشورہ دیا۔ سردار تیمور، زبیر حسین، محترمہ ثمینہ ناز گل، راجہ پرویز اور راجہ خان سمیت دیگر مقررین نے کشمیریوں کے حق خودارادیت کے لیے عالمی لابنگ، بین الاقوامی سیمینارز اور آگاہی مہم پر زور دیا۔

بقیہ بقیہ جات 18

کر دیا گیا، نیلامی میں حصہ لینے والے جملہ ٹھیکیداران نے محکمہ جنگلات کے اس اقدام کو منفرد قرار دیا، شہریوں کی جانب سے محکمہ جنگلات کو اس تاریخ ساز نیلامی پر خراج تحسین پیش کیا گیا، کامیاب نیلامی کا کریڈٹ سیکرٹری جنگلات سردار انصر یعقوب خان اور ناظم جنگلات مظفرآباد سرکل میر نصیر احمد کو جاتا ہے، مظفرآباد کی تاریخ میں محکمہ جنگلات لکڑی کی شفاف نیلامی کا انعقاد کر کے محکمہ کی کارکردگی کو چار چاند لگا رہا ہے گزشتہ روز یوٹی ڈویژن کے زیر اہتمام ناظم جنگلات میر نصیر مہمانوں اور ٹھیکیداران سمیت شرکاء نیلامی کے لئے گرمی کی شدت سے بچنے کیلئے پنکھوں کے ساتھ مشروبات سے تواضع کی گئی شرکاء نے ان انتظامات پر محکمہ جنگلات کے اقدامات کو شاندار الفاظ میں سراہتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز محکمہ جنگلات یوٹی فاریسٹ ڈویژن مظفرآباد کے زیر اہتمام ہونے والی 74 ہزار مکعب فٹ لکڑی کو نیلام کر دیا گیا۔ نیلامی میں از قسم دیودار، کائل، فرکی ناکارہ اور سگلنگ میں ضبط شدہ لکڑی کو نیلام کرتے ہوئے کروڑوں مالیت کا ریونیو اکٹھا کر لیا، جس سے سرکاری خزانہ کو خاطر خواہ فائدہ پہنچا ہے ناکارہ اور غیر معیاری لکڑی کی نیلامی کی نگرانی ناظم جنگلات مظفرآباد سرکل میر نصیر احمد نے کی، مہتمم جنگلات یوٹی فاریسٹ ڈویژن سید عصمت حسین شاہ سبزواری، رینج آفیسر یوٹی ڈویژن محمد سلیم اعوان نے جملہ امور کی نگرانی کی۔ نیلامی کی نگرانی ناظم جنگلات مظفرآباد سرکل نے کی، اس موقع پر مہتمم جنگلات عصمت شاہ نے کہا کہ شہر مظفرآباد اور اس کے گردونواح میں زیر تعمیر مکانوں کی تعمیر کے لئے شہریوں کو آسان شرائط پر لکڑی فراہم کی جا رہی ہے، تاہم شہریوں کی ضرورت سے زائد اور منڈیوں میں پڑے پڑے گلنے سڑنے سے لکڑ بوسیدہ ہونے سے محکمہ جنگلات کو نقصان پہنچتا ہے جس کی وجہ سے بروقت لکڑی کو گلنے سڑنے سے قبل ہی نیلام کر کے محکمہ کو نقصان سے بچایا جا رہا ہے، اور اس نیلامی سے شہری بھی مستفید ہو رہے ہیں، شہری تعاون کریں تو محکمہ جنگلات سہولیات کے لئے ہر ممکن اقدام اٹھا رہا ہے اگر محکمہ مذید حکمت عملی اختیار کرے تو آنے والے وقت میں اس سے بھی بڑھ کر ریاستی خزانہ کو فائدہ پہنچایا جا سکتا ہے، ہونا یہ چاہیے کہ جب بھی پچاس ہزار کے قریب لکڑی منڈی میں موجود ہو تو نیلامی کا اہتمام کر دیا جائے تاکہ لکڑی بروقت نیلام ہو اور اچھی قیمت میں فروخت ہونے سے ریاستی خزانہ کو بھاری ریونیو مل سکتا ہے سال ہا سال پڑے رہنے کے باعث لکڑی کے گل سڑنے کی وجہ سے محکمہ کو کروڑوں کا نقصان ہوتا ہے ووڈ انڈسٹریز مالکان کو کمرشل بنیادوں پر مختص کوٹہ مہیا کیا جا رہا ہے۔ شرکاء نیلامی نے پہلی بار انتہائی خوشگوار ماحول میں نیلامی کا انعقاد کرنے پر بالخصوص سیکرٹری جنگلات سردار انصر یعقوب خان، ناظم جنگلات میر نصیر احمد و دیگر سٹاف کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ جنگلات میں اصلاحات کے نتائج سامنے آنا شروع ہو چکے ہیں، محکمہ اپنی استطاعت کے مطابق جیسے بھی اقدامات کر رہا ہے وہ خراج تحسین ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 19

حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ بھارتی فوج نے اگست میں ہماچل پردیش کی وادی اسپتی میں ڈرون مقابلے کا اعلان کر دیا، مقابلہ 10 سے 24 اگست تک جاری رہے گا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہماچل اور اتراکھنڈ میں چین کے ساتھ لائن آف ایکچوئل کنٹرول کی نگرانی سینٹرل کمانڈ کے سپرد کر دی گئی ہے، فوج کے ساتھ ڈرون فیڈریشن آف انڈیا بھی شراکت دار ہوگی۔ ڈرون مقابلے کا مقصد آپریشن سندور کے بعد اونچے مقامات پر جنگی حالات میں ڈرونز کی کارکردگی کا جائزہ لینا ہے۔ مقابلے میں حصہ لینے والے ڈرون ساز ادارے کسی بھی چینی پرزے کا استعمال نہیں کر سکتے، ان اداروں کو 10700 فٹ کی بلندی پر قدرتی رکاوٹوں کے اوپر اپنے ڈرونز کی کارکردگی کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ بھارتی ناقدین کا کہنا تھا کہ ان ڈرون مقابلوں کی تشہیر میں بھارتی فوج کو اشتہاری مہم کا حصہ بنا کر بی جے پی نے قومی اداروں کو سیاسی ہتھیار میں بدل دیا ہے، ملکی مفاد کے نام پر عوامی فلاح کا بجٹ جنگی سرمایہ کاری اور دفاعی تماشوں کی نذر کی جا رہا ہے۔ ناقدین کا کہنا تھا کہ ایسے اقدامات سے مودی حکومت خطے کو جنگ کی طرف دھکیل رہی ہے، آپریشن سندور کی ناکامی پر پردہ ڈالنے کے لیے فوج کو سکیورٹی کے بجائے سیاسی فائدے کے لیے استعمال کر رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

منائی گئی۔ اسسٹنٹ کمشنر چوہدری بشارت کی قیادت میں ڈپٹی کمشنر آفس میں سادہ مگر پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ سردار محمد ابراہیم خان کی جدوجہد آزادی اور آزاد کشمیر کی تعمیروترقی کی گرانقدر خدمات کے اعتراف میں خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ مقبوضہ کشمیر، فلسطین کے مظلوم مسلمانوں کی آزادی پاکستان وآزادکشمیر کی سلامتی واستحکام کیلئے دعائیں مانگی گئیں۔ اسسٹنٹ کمشنر ہیڈکوارٹر چوہدری بشارت نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 24 اکتوبر 1947 کو سردار محمد ابراہیم خان نے آزادکشمیر میں حکومت قائم کی اور پہلے صدر منتخب ہوئے، غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی جدوجہد آزادی عوام کے لیے مشعل راہ ہے، آزاد ریاست جموں وکشمیر میں میگا پراجیکٹس کا سہرا بھی غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کو جاتا ہے، غازی ملت کا مشن کشمیری مسلمانوں کو ڈوگرہ راج کی غلامی سے نجات دلانا اور ان کی امنگوں کے مطابق ریاست جموں وکشمیر کو پاکستان کا حصہ بنانا تھا، غازی ملت نے اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا اپنے موقف پر ہمیشہ قائم رہے، غازی ملت کا مشن مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کی آزادی اور آزادکشمیر کے شہریوں کا بلند معیار زندگی تھا۔ اس موقع پر بوائز ڈگری کالج آٹھ مقام کے پرنسپل خورشید انور نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریاست جموں وکشمیر کی تاریخ عظیم لیڈروں کی داستانوں سے بھری ہے، غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان ہوں یا مجاہد اول ملک وملت کے عظیم راہنما تھے، غازی ملت 31 جولائی 2003 میں ہم سے جدا ہوئے، کشمیری قوم نے 22 ویں برسی منا کر سلام عقیدت پیش کیا ہے، 1946 میں غازی ملت نے مسلم کانفرنس کے پلیٹ فارم سے تحریک آزادی میں سرگرم حصہ لینا شروع کر دیا۔ انجمن تاجران کے ایڈیشنل سیکرٹری جنرل ملک شرافت نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری قوم اپنے بہادر لیڈر اور بانی صدر ریاست غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان کی مقبوضہ کشمیر کی آزادی، آزاد کشمیر کی تعمیروترقی اور پاکستان کے استحکام کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے تاجران اور سول سوسائٹی کی جانب سے خراج عقیدت پیش کیا، انسٹرکٹر شہری دفاع رانا مشکور نے کہا کہ غازی ملت سردار محمد ابراہیم خان ہر کشمیری کے لیے مشعل راہ ہیں، کشمیری آزادی اور پاکستان کے استحکام وآزادکشمیر کی تعمیروترقی کیلئے سردار محمد ابراہیم خان جیسے لیڈر کے ویژن کی ضرورت ہے۔ تقریب میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر غلام نبی مغل، ایم ایس ڈاکٹر سردار سجاد مغل، ایس ایچ او سٹی تھانہ سردار محمد صدیق کے علاوہ مختلف محکمہ جات کے نمائندگان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ملک وملت کی سلامتی اور سردار محمد ابراہیم خان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا مانگی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 21

ری اور شیعہ علماء کے درمیان ملاقات آج جمعہ کو اسلام آباد میں ہوگی۔ ایم ڈبلیو ایم اور شیعہ علماء کونسل نے اربعین پر زائرین کے زمینی سفر میں پابندی کے خلاف ملک گیر احتجاج کا اعلان کر رکھا ہے۔ دوسری جانب سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے مذہبی امور کے اجلاس میں علامہ ناصر عباس نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کربلا میں اربعین کے لیے زمینی راستے سے جانے پر پابندی برقرار رہی تو 50 ارب روپے کا نقصان ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اگر متبادل ذرائع استعمال کیے تو 48 ارب روپے اضافی خرچ ہوں گے، عبادات کے مسائل وزارت مذہبی امور زیادہ بہتر سمجھتی ہے، یہ داخلہ کمیٹی کا اختیار نہیں ہے۔ واضح رہے کہ مجلس وحدت المسلمین کے رہنماؤں نے اپنے ایک بیان میں کہا تھا کہ وفاقی حکومت کی جانب سے اچانک زمینی راستوں کو بند کرنا اور زائرین پر پابندی لگانا کسی صورت قبول نہیں، ملک گیر احتجاج کا اعلان کرتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 22

میں نصب کیے جائیں گے۔ وزیر ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین کی زیر صدارت صاف پانی اتھارٹی کے تحت نئے فلٹریشن پلانٹس سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں سیکرٹری ہاؤسنگ نورالامین مینگل، سی ای او صاف پانی اتھارٹی نوید احمد اور دیگر اعلیٰ افسران شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران بلال یاسین نے کہا کہ فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب زیادہ آبادی والے علاقوں کے قریبی مقامات پر یقینی بنائی جائے گی تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ صاف پانی کی سہولت سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ تمام فلٹریشن پلانٹس کی نگرانی کے لیے جدید سکیورٹی اور مانیٹرنگ سسٹم نصب کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید بتایا کہ واٹر فلٹریشن پلانٹس کو مرحلہ وار شمسی توانائی پر منتقل کیا جائے گا تاکہ توانائی کی بچت ہو اور ماحول دوست نظام قائم کیا جا سکے۔ زیر زمین پانی کے معیار کو مدنظر رکھتے ہوئے فلٹریشن پلانٹس کے مقامات کا انتخاب کیا جائے گا تاکہ مؤثر اور محفوظ فلٹریشن یقینی بنائی جا

بقیہ بقیہ جات 23

مقابلے میں سندھ میں یہ قانون سختی سے نافذ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے آرٹس کونسل کراچی میں کم عمری اور جبری شادی کے حوالے سے صوبائی سطح پر آگاہی پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے اپنے خطاب میں کیا۔ تقریب کا انعقاد ایس پی او اور خیرپور، جیکب آباد کی سول سوسائٹی تنظیموں نے کیا تھا۔ جمیل اصغر بھٹی منیجر پروجیکٹس اور گرانٹس (SPO)، منزہ علی صاحبہ کنٹری منیجر (Save the Children)، صائمہ آغا پارلیمانی سیکرٹری برائے اسپورٹس اینڈ یوتھ افیئرز سمیت دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ تقریب میں روایتی اور ثقافتی اشیا کے اسٹال نمائش کے لئے لگائے گئے تھے۔ وزیر توانائی سید ناصر حسین شاہ نے لگائے گئے اسٹالز پر رکھی گئی مصنوعات کو دیکھا اور کام کو سراہا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سید ناصر حسین شاہ نے کہا کہ ایک بہت اہم موضوع کا یہ پروگرام ہے، جس کے تحت شعور و آگاہی دی جا رہی ہے۔ سول سوسائٹی کی اس کاوش کو سراہتے ہیں اور سندھ حکومت کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہیں۔ صوبائی وزیر کا مزید کہنا تھا کہ ہماری خواہش ہے کہ سکھر میں بھی یہ پروگرام شروع کیا جانا چاہئے۔ خیرپور اور جیکب آباد کے پسماندہ علاقوں میں یہ پروگرام بہت اچھے انداز میں جاری ہے۔ سندھ حکومت اس پر پہلے ہی قانون سازی کر چکے ہیں۔ اس دفعہ بلوچستان میں بھی پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت ہے۔ یہ قانون بلاول بھٹو کے وژن کے مطابق ہے اور ہم پرامید ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان بھی اس قانون میں ضرور معاونت کریں گے۔ اس قانون سازی پر سب سے زیادہ عملدرآمد سندھ میں ہوا ہے۔ قانون سازی دیگر صوبوں میں بھی ہوئی ہے امید ہے اس پر عمل ہوگا۔ قانون کو سمجھنے کے لئے شعور اور سمجھ بھی ضروری ہے۔ شعور و آگاہی کا نا ہونا بھی قانون پر عملدرآمد کرانے میں اہم رکاوٹ ہے۔ اس پلیٹ فارم کی خدمات سب کے سامنے ہے ایسے سیشنز سے پورے سندھ میں لوگوں میں شعور و آگاہی آ رہی ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو جب وزیر اعظم ہونگے تو اس قانون کو پورے ملک میں نافذ کیا جائے گا۔ چودہ اگست کے حوالے سے بہترین تقریبات کا انعقاد کریں اور اس میں بھرپور شرکت کریں۔ تقریب کے اختتام پر سید ناصر حسین شاہ کو اعزازی شیلڈ دی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 24

ترامیم کر کے پرائس کنٹرول کے نظام کو مزید فعال بنانا ہے۔ ترمیمی بل کے تحت ایک نئی پرائس کنٹرول کونسل تشکیل دی جائے گی جس کی صدارت وزیر برائے پرائس کنٹرول یا وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے نامزد کردہ کسی عوامی نمائندے کے سپرد ہوگی۔ بل کے متن کے مطابق کونسل میں ماہرین اور سٹیک ہولڈرز کی مساوی نمائندگی دی جائے گی جن کی تعداد تین تین رکھی گئی ہے تاکہ فیصلہ سازی میں توازن اور مشاورت کو فروغ دیا جا سکے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق ترمیمی بل کی حتمی منظوری گورنر پنجاب دیں گے جس کے بعد اسے نافذ العمل قرار دے دیا جائے گا، اس اقدام کا مقصد مہنگائی پر قابو پانا، مصنوعی قیمتوں میں اضافے کو روکنا اور عوام کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 25

بلوچ نے کہا کہ ہم پرامن احتجاج کرتے ہیں، مگر ہمیں اسلام آباد جانے کی اجازت نہیں دی جاتی، ہمیں کہا جاتا ہے کہ آپ کا جانا بلوچستان کے لیے اچھا پیغام نہیں ہوگا۔ حکومت نے لاہور پریس کلب کے باہر احتجاج کی اجازت دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں سونا، چاندی، گیس اور دیگر 125 سے زائد قدرتی ذخائر موجود ہیں، مگر وہاں کے لوگ اب بھی لکڑیاں جلا کر گزارا کرتے ہیں۔ سوئی گیس جہاں سے نکلتی ہے، وہیں کے شہری اس سہولت سے محروم ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ ہمیں کلاشنکوف کی نہیں، پیناڈول کی گولی دو، ہمیں قلم اور کتاب دو۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی مائیں مطالبہ کر رہی ہیں کہ ان کے بچوں کو لاپتہ نہ کیا جائے، اگر انہوں نے جرم کیا ہے تو قانون کے مطابق سزا دی جائے، لاشیں جنگلوں سے نہ ملیں۔ بلوچستان میں حکومتی رٹ 20 گھنٹے بھی قائم نہیں رہتی۔ ہدایت بلوچ کا کہنا تھا کہ ایٹم بم جاغی میں ہماری چھاتی پر پھٹا اور تم فخر سے خود کو ایٹمی طاقت کہتے ہو، مگر ہمیں تذلیل دی جاتی ہے۔ بار بار شناخت کروانا، چیک پوسٹس پر بے عزتی، یہ سب بلوچستان کی روزمرہ حقیقت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم اسلام آباد جا کر ان سے سوال کرنا چاہتے ہیں کہ ہماری جانیں کیوں محفوظ نہیں، تعلیم، صحت، روزگار کیوں نہیں؟ سی پیک کا فائدہ بلوچستان کو کیوں نہیں ملا؟ بلوچستان میں ایک انٹرنیشنل ایئرپورٹ ہے مگر ہم وہاں جا بھی نہیں سکتے۔ ہدایت بلوچ نے کہا کہ پاکستان میں جمہوریت اور عسکریت کی جنگ جاری ہے۔ فاطمہ جناح کو غدار کہا گیا، ایوب خان کو محب وطن قرار دیا گیا، یہاں جو حقوق کی بات کرے وہی غدار کہلاتا ہے۔ ہم بی ایل اے کو سپورٹ نہیں کرتے اور پارلیمنٹ میں بھی اس کی مذمت کی ہے۔ آخر میں انہوں نے کہا کہ ہمارے پاؤں کے نیچے سونا ہے، مگر گھروں میں بھوک ہے، یہ کیسا انصاف ہے؟

بقیہ بقیہ جات 26

جوع کرنے کا حتمی فیصلہ کر لیا۔ ذرائع نے بتایا کہ سابق وزیر خزانہ حماد اظہر نے لیگل ٹیم سے مشاورت کے بعد حکمت عملی تیار کر لی، ان پر لاہور، فیصل آباد اور اسلام آباد میں پچاس سے زائد ایف آئی آرز درج ہیں، وہ تمام کیسز میں پہلے پشاور ہائیکورٹ سے حفاظتی ضمانت لیں گے۔ ذرائع نے یہ بھی بتایا کہ حماد اظہر حفاظتی ضمانت کے لیے پشاور ہائیکورٹ کے سامنے پیش ہوں گے، حفاظتی ضمانت ملنے پر متعلقہ عدالتوں سے ضمانتوں کے لیے رجوع کیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ حماد اظہر کی لیگل ٹیم نے تمام مقدمات کا ریکارڈ اکٹھا کر لیا، حماد اظہر نو مئی کے متعدد مقدمات میں اشتہاری اور پولیس کو مطلوب ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 27

ئی خواتین ونگ آزاد جموں وکشمیر شگفتہ نورین کاظمی اور امیدوار قانون ساز اسمبلی حلقہ تین سردار مبارک حیدر نے ملاقات کی، اس موقع پر شگفتہ نورین کاظمی نے سردار تنویر الیاس خان کو پیپلز پارٹی میں شمولیت پر پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے شگفتہ نورین کاظمی نے کہا کہ سردار تنویر الیاس خان کی اپنے ساتھیوں کے ہمراہ پیپلز پارٹی میں شمولیت خوش آئند ہے، پیپلز پارٹی عوامی جماعت ہے اور عوام کے مسائل حل کرنا جانتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی آمدہ الیکشن کے اندر آزاد جموں وکشمیر بھر میں کلین سویپ کرے گی مرکزی صدر پیپلز پارٹی خواتین ونگ ورکن سندھ اسمبلی فریال تالپور اور سابق سینئر مشیر حکومت ومرکزی رہنما پیپلز پارٹی چوہدری ریاض کی کامیاب سیاسی حکمت کی بدولت آئے روز آزاد جموں وکشمیر بھر سے نامور سیاسی رہنماؤں کی شمولیت اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ آنے والا دور پیپلز پارٹی کا ہے۔ عوام صرف اور صرف پیپلز پارٹی کو اپنا نجات دہندہ سمجھتی ہے پیپلز پارٹی نے اپنے دور حکومت میں آزاد جموں وکشمیر بھر کے اندر تعمیر وترقی کا جال بچھایا اور نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار دیا ان شاء اللہ آنے والا وقت پیپلز پارٹی کا ہے الیکشن میں فتح تیر کی ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 28

پہلے بانی صدر تھے، انہوں 24 اکتوبر 1947 کو آزاد کشمیر میں بننے والی حکومت کی بنیاد رکھی، سردار محمد ابراہیم خان کا مقصد کشمیری مسلمانوں کو ڈوگرہ کی غلامی سے نجات دلانا اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق کشمیر کو پاکستان کا حصہ بنانا تھا۔ 19 جولائی 1947 کو غازی ملت کی رہائش گاہ پر قرارداد الحاق پاکستان بھی منظور ہوئی تھی۔ وزیراعظم آزاد جموں وکشمیر چوہدری انوار الحق نے اپنے پیغام میں کہا کہ سردار ابراہیم خان نے 1915 سے 2003 تک نشیب وفراز سے بھرپور اور اصولوں پر استوار زندگی گزاری، بانی صدر نے کبھی اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ سردار محمد ابراہیم خان ہمیشہ اپنے مؤقف پر قائم رہے، اُن کی شخصیت تحریک آزادی کشمیر کا ایک ناقابل تنسیخ حصہ ہے۔ چوہدری انوار الحق نے کہا کہ قومی تحریکوں میں عسکری و پارلیمانی قیادت دونوں کی اہمیت ہوتی ہے، غازی ملت نے دونوں میدانوں میں اپنا قائدانہ کردار بھرپور انداز میں ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 29

دروازے بند کیے گئے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم نے ہر ممکن کوشش کی کہ جمہوریت چلے، ایوان چلے، لیکن ظلم، ناانصافی اور غیر مساوی سلوک کی انتہا ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی، ہمارے 6 ایم این ایز، 3 ایم پی ایز، ایک سینیٹر، اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی اور سینیٹ کو سزائیں دی گئیں، حتیٰ کہ سنی اتحاد کونسل کے سربراہ حامد رضا اور زرتاج گل کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہماری قیادت نے ہمیشہ سسٹم کو بچانے کی بات کی، دھرنا نہیں دیا، ایوان میں رہے، لیکن اس کے باوجود پی ٹی آئی کو مسلسل دیوار سے لگایا جا رہا ہے، ہم نے چیف جسٹس سے صرف انصاف مانگا کچھ اور نہیں، لیکن آج بھی 2023 سے دائر پٹیشنز پر فیصلے نہیں ہو پا رہے جبکہ عدالتوں میں رات 2 بجے تک ٹرائلز چلائے جا رہے ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے الیکشن کمیشن کو بھی شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ یہ وہی الیکشن کمیشن ہے جس کی مدت پوری ہو چکی ہے، لیکن ہمارے منتخب نمائندوں کو مسلسل نااہل کیا جا رہا ہے، اگر پی ٹی آئی کو سسٹم سے نکالا جا رہا ہے تو سوال یہ ہے کہ اس کے پیچھے کون لوگ ہیں؟ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سسٹم اور جمہوریت پر یقین رکھتی ہے، انتشار یا تصادم کی سیاست پر نہیں، لیکن حالات یہاں تک آ گئے ہیں کہ ہمیں اپنے قائد عمران خان کے سامنے یہ بات رکھنی پڑے گی کہ آیا ہمیں ایوان کا بائیکاٹ کرنا چاہیے یا کوئی تحریک چلانی چاہیے، اس کا حتمی فیصلہ پارٹی قیادت بہت جلد کرے گی۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ جب دو فریق آپس میں الجھتے ہیں تو سب کی نگاہیں عدلیہ کی طرف ہوتی ہیں، ہم عدلیہ سے انصاف چاہتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 30

کی اس موقع پر تائیکوانڈو بیلٹ اور اسناد کی بھی تقسیم بھی کی گئی تفصیلات کے مطابق سٹار کالج گوجرہ میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں چیف گیسٹ سپریم کورٹ کے سٹاف افسر تیمور میر خصوصی طور پر شرکت کی جب کہ طلبہ اور طالبات کے والدین کے علاوہ سینئر صحافی اور بلیک بیلٹر مشہور جوڈو گراڈے ماسٹر اشرف تائی کی شاگرد نور الحسن گیلانی نے بھی شرکت کی جس پر نورالحسن گیلانی نے بھی بچوں کو اسناد دی۔ تقریب میں ممتاز میر نے خطاب بھی کیا کہ کھیل نوجوانوں کی شخصیت سازی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ کراٹے جیسے مارشل آرٹس نوجوانوں کو نہ صرف جسمانی مضبوطی بلکہ نظم وضبط، خوداعتمادی اور صبر کا درس دیتے ہیں جب کہ سینیئر صحافی نورالحسن گیلانی نے کہا کہ راجہ احسن الحق جو گزشتہ 27،26 سالوں سے آزاد کشمیر بھر سمیت مظفرآباد میں اپنی مدد آپ کے تحت بچوں کو تربیت دے رہے ہیں انہیں مبارکباد دیتے ہوئے افسوس کا اظہار کیا کہ اس وقت سپورٹس کا وجود آزاد کشمیر میں نہیں ہے اور جو کچھ ہے تو وہ اپنی مدد آپ کر رہے ہیں جبکہ مارشل ارٹ جوڈو کراٹے ایک واحد ارٹ ہے کہ جسے نوجوان نسل کی نشوونما اور ان کی ذہنی کیفیت درست سمت جاتی ہے جس سے منشیات کا استعمال جرائم اور کرائم سے ہمیشہ دور رہتے ہیں اس میں حکومت ازاد کشمیر اور وزارت سپورٹس کو راجہ احسان الحق کی مدد کرنی چاہیے تاکہ جو ہمارا انے والا روشن مستقبل ہے وہ منشیات اور جرائم کرائم سے بچ سکیں بلکہ انہیں حکومتی سطح پر جگہ میسر کی جائے اور جو گرانٹ ہوتا ہے وزارت سپورٹس کا وہ انہیں دیا جائے تاکہ یہ سکولوں کی سطح پر بچوں کو تربیت دیں یہ جدید دور ہے اور یہ بچے اپنا سیلو ڈیفنس کر سکے اور جرائم کی روک تھام ہو سکے انہوں نے کہا کہ وہ وقت بڑا قلیل تھا جب ہم نے کراچی میں اٹھ سال کی عمر میں شروع کیا اور بڑے کٹھن دور سے گزرے مگر اس کی سب سے بڑی وجہ تھی کہ ہمارے استاد اشرف تائی جن کے شاگرد اس وقت دنیا بھر سمیت پاکستان میں بھی موجود ہیں اور ہمیں تو فخر ہونا چاہیے کہ ازاد کشمیر میں مارشل ارٹ کا وجود راجہ احسان الحق کی شکل میں موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ والدین اگر اپنی بچوں کی اچھی تربیت چاہتے ہیں تو ان کے ہاتھوں میں موبائل زاور موٹر سائیکل دینے کے بجائے مارشل ارٹ کی تربیت دلائیں، جس سے بچوں کی جو ذہنی ورزش ہوگی وہ خوش ائین ہوگی اور بچے اس سے دور ہو جائیں گے کیونکہ مارشل ارٹ صرف سیکھنے کا نام نہیں ہے اس کے اندر قانون اور رولز بھی ہوتے ہیں کہ بلاوجہ کسی پر اس ارٹ کا استعمال نہ کیا جائے ہاں اس جگہ پر اپ استعمال کر سکتے ہیں کہ اپ سمجھتے ہیں کہ اس سے اگے ہماری بچنے کا کوئی امکان نہیں ہے تو پھر وہ اس ارٹ کا استعمال کر سکتے ہیں اور سول ڈیفنس کے طور پر استعمال کرنا کوئی جرم نہیں ہے اخر میں سپریم کورٹ سٹاف افسر تیمور ممتاز نے بچوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ صرف آغاز ہے، اپنی محنت، لگن اور مثبت سوچ سے آگے بڑھیں تاکہ آپ کل ملک وقوم کا نام روشن کریں۔ انہوں نے والدین اور کوچ کی کوششوں کو بھی سراہا اور خاص طور پر کوچ راجہ احسن الحق کی تربیتی خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔

بقیہ بقیہ جات 31

سیمینار کے مہمان خصوصی ایڈوائزر محتسب پنجاب عارف انور بلوچ تھے، جنہوں نے ادارے کے نظام، اختیارات اور بلا معاوضہ شکایات کے ازالے کے طریقہ کار پر تفصیلی پریزنٹیشن دی۔ انہوں نے بتایا کہ شہری صرف 10 منٹ میں اپنی شکایت درج کرا سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے دفتر محتسب نے ہیلپ لائن 1050، موبائل ایپ (OPMIS)، ویب سائٹ اور قریبی ریجنل دفاتر کی سہولتیں فراہم کی ہیں۔ عارف انور بلوچ نے بتایا کہ پنجاب بھر میں ادارے کو موصول ہونے والی 98 فیصد شکایات کا کامیابی سے ازالہ کیا جا چکا ہے، جن میں زمینوں کے تنازعات جیسے پیچیدہ کیسز بھی شامل ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ جلد ہی موبائل آؤٹ ریچ وین مہم کا آغاز کیا جائے گا تاکہ شکایت کنندگان کو ان کے دروازے پر سہولت فراہم کی جا سکے۔ سیمینار میں لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر میاں ابوذر شاد، ایل سی سی آئی ایگزیکٹو کمیٹی کی رکن و کنوینر محترمہ فردوس نثار، شاہد نذیر چوہدری (نائب صدر لاہور چیمبر) اور متعدد ممتاز کاروباری شخصیات نے شرکت کی۔ شرکاء نے دفتر محتسب پنجاب کی جانب سے شفاف، تیز رفتار اور مؤثر شکایات کے ازالے کے نظام کو سراہا اور کہا کہ ادارے کی رسائی عام شہری اور کاروباری طبقے کے لیے ایک مثبت پیش رفت

بقیہ بقیہ جات 32

اور غیر ارادی قتل کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق، ملزم عباس کو لاک اپ سے نکال کر ڈیوٹی افسر کے کمرے میں منتقل کیا جا رہا تھا کہ اسی دوران وہ پولیس کو چکمہ دے کر تھانے سے باہر نکل گیا۔ سنتری اظہار الحق اور اہلکار خادم حسین نے ملزم کا تعاقب کیا اور اسے ریلوے پل کے قریب پکڑا۔ مقدمے کے متن میں کہا گیا ہے کہ ملزم عباس نے سنتری اظہار سے سرکاری رائفل چھیننے کی کوشش کی، جس کے دوران دونوں کے درمیان ہاتھا پائی ہوئی۔ اسی دوران بندوق سے گولی چل گئی جو سیدھی ملزم کی کمر میں لگی۔ واقعے کے بعد زخمی ملزم کو فوری طور پر ایمبولینس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا، تاہم راستے میں ہی ملزم دم توڑ گیا۔

بقیہ بقیہ جات 33

اور غیر ارادی قتل کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔ ایف آئی آر کے متن کے مطابق، ملزم عباس کو لاک اپ سے نکال کر ڈیوٹی افسر کے کمرے میں منتقل کیا جا رہا تھا کہ اسی دوران وہ پولیس کو چکمہ دے کر تھانے سے باہر نکل گیا۔ سنتری اظہار الحق اور اہلکار خادم حسین نے ملزم کا تعاقب کیا اور اسے ریلوے پل کے قریب پکڑا۔ مقدمے کے متن میں کہا گیا ہے کہ ملزم عباس نے سنتری اظہار سے سرکاری رائفل چھیننے کی کوشش کی، جس کے دوران دونوں کے درمیان ہاتھا پائی ہوئی۔ اسی دوران بندوق سے گولی چل گئی جو سیدھی ملزم کی کمر میں لگی۔ واقعے کے بعد زخمی ملزم کو فوری طور پر ایمبولینس کے ذریعے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا، تاہم راستے میں ہی ملزم دم توڑ

بقیہ بقیہ جات 34

155 اور امرود 75 روپے فی کلو کے حساب سے دستیاب رہے۔ شہریوں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ روزمرہ اشیاء کی قیمتوں میں کمی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں تاکہ مہنگائی کے بوجھ تلے دبی عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ بقیہ جات 35

کے مطابق امریکی ڈالر کی قیمت خرید 282.95 روپے جبکہ قیمت فروخت 283.45 روپے ریکارڈ کی گئی۔ یورو کی خرید 327.03 اور فروخت 327.61 روپے رہی۔ برطانوی پاؤنڈ 377.94 روپے میں خریدا اور 378.61 روپے میں فروخت ہوا، جبکہ آسٹریلین ڈالر 184.42 خرید اور 184.74 فروخت پر دستیاب ہے۔ کینیڈین ڈالر کی خرید 205.59 اور فروخت 205.95 روپے رہی، جاپانی ین کی قیمت میں کوئی تبدیلی نہیں آئی اور وہ بدستور 1.91 روپے میں خریدا اور فروخت کیا جا رہا ہے۔ سعودی ریال 75.43 خریدا اور 75.57 روپے فروخت پر، جبکہ اماراتی درہم 77.04 خرید اور 77.17 روپے میں فروخت ہو رہا ہے۔ کویتی دینار، جو کرنسی مارکیٹ میں سب سے مہنگی کرنسی شمار ہوتا ہے، 926.4 روپے میں خریدا اور 928.04 روپے میں فروخت کیا جا رہا تاجروں اور کرنسی ڈیلرز کے مطابق کرنسی مارکیٹ میں حالیہ اتار چڑھاؤ عالمی سطح پر مہنگائی، تیل کی قیمتوں، اور مقامی سیاسی و معاشی صورتحال کے اثرات کا نتیجہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 36

احتجاج کے آئینی حق کی ضمانت فراہم کی

بقیہ بقیہ جات 37

کے ماتحت کام کر رہی ہے۔ کمانڈنٹ فیڈرل کانسٹیبلری محمد ریاض نذیر گاڑا نے کہا ہے کہ ایف سی پہلے کی طرح قائم رہے گی صرف ایک نیا یونٹ قائم کیا جا رہا ہے۔ 3 ہزار 900 جوانوں پر مشتمل نیا یونٹ کسی بھی نئی ذمے داری کے لئے دستیاب ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ نئے یونٹ میں چاروں صوبوں سے نفری لی جائے گی، ایف سی کی 140 پلٹونز دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاک فوج کے شانہ بشانہ مسلسل لڑ رہی ہیں۔ محمد ریاض نذیر گاڑا نے مزید کہا کہ ایف سی کی ری آرگنائزیشن کا مقصد کمانڈ اسٹرکچر کو بہتر بنانا ہے، اب فورس کا کمانڈ اسٹرکچر بہتر اور اس کی پیشہ ورانہ تنظیم نو ہوگی، ہم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مسلسل اپنا حصہ ڈال رہے

بقیہ بقیہ جات 38

ی بیرا کے نام سے ہوتی ہے۔ لاشوں کو فوری طور پر قبضے میں لے کر سول ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ فیض نے پوسٹ مارٹم کیا۔ ابتدائی رپورٹ میں بچیوں کی موت دم گھٹنے سے ہونے کی تصدیق کی گئی ہے۔ پولیس نے واقعے کی ایف آئی آر درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا ہے۔ حکام کے مطابق بچیوں کے والدین کے درمیان ڈیڑھ سال قبل علیحدگی ہو چکی تھی، جسے ممکنہ محرک کے طور پر بھی زیر تفتیش لایا جا رہا ہے۔ پولیس نے والدین سمیت قریبی رشتہ داروں سے پوچھ گچھ شروع کر دی ہے۔ سینئر پولیس افسر کے مطابق، جائے وقوعہ سے اہم شواہد اکٹھے کر لیے گئے ہیں جبکہ مختلف مقامات پر چھاپے مارے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس تمام زاویوں سے تحقیقات کر رہی ہے اور اس کیس کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ اس دلخراش واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و غصے کی لہر دوڑ گئی ہے۔ مقامی شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ معصوم بچیوں کے قاتلوں کو فی الفور گرفتار کر کے نشان عبرت بنایا

بقیہ بقیہ جات 39

تحصیل رائے ونڈ میں قائم سینکڑوں صنعتی اداروں میں کام کرنیوالے لاکھوں مزدور ان دنوں سرکاری سطح پر علاج معالجہ کی سہولت سے یکسر محروم ہیں جسکی وجہ سے وہ نجی ہسپتالوں اور کلینک سے مہنگا علاج کروانے پر مجبور ہیں سروے میں معلوم ہوا ہے کہ صنعتی اداروں میں کام کرنیوالے ملازمین کی صحت کیلئے حکومت پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن کا محکمہ سفید ہاتھی بن کر رہ گیا ہے جو صنعتی کارکنان کی جان اور صحت کے تحفظ کی بجائے بااثر فیکٹری مالکان کو تحفظ فراہم کر کے اپنا نمک حق ادا کر رہے ہیں قانونی ضابطے کے مطابق ہر فیکٹری مالک ماہانہ تنخواہ حاصل کرنیوالے اپنے ملازم کی تنخواہ کا 6 فی صد کنٹری بیوشن (پیسی) پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن کو ادا کرنے کا پابند ہے لیکن وہ محض چند ملازمین کا کنٹری بیوشن ادا کر کے سرکاری خزانے کو نقصان پہنچا رہے ہیں سروے میں مزید معلوم ہوا ہے کہ جن فیکٹریوں میں ایک ہزار کے قریب ملازمین کام کرتے ہیں اس فیکٹری کی انتظامیہ پیسی افسران کی ملی بھگت سے چند سو افراد کا کنٹری بیوشن ادا کر رہے ہیں سروے میں مزید انکشاف ہوا ہے کہ متعدد ایسے ادارے بھی قائم ہیں جہاں پیسی اور ای او بی آئی جیسے اداروں کا وجود نہیں مزدور طبقہ کی زندگیوں اور صحت سے کھیلنے والے ایسے صنعتی اداروں کے خلاف آج تک کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی ذرائع کے مطابق فیکٹری مالک کنٹری بیوشن کیلئے بوگس لسٹیں الگ تیار کرواتے ہیں جبکہ سیلری شیٹ الگ بناتے ہیں ایک محتاط اندازے کے مطابق صرف تحصیل رائے ونڈ میں کنٹری بیوشن کی مد میں کروڑوں روپے سے ماہانہ کنٹری بیوشن چوری ہو رہا ہے، کنٹری بیوشن چوری کروانے میں پیسی افسران کا کردار انتہائی شرمناک ہے جو فیکٹری مالکان کو "چور دروازے" دکھا کر سرکاری خزانے کو ٹیکہ لگا رہے ہیں ذرائع کا دعویٰ ہے کہ پیسی افسران نے فیکٹریوں سے منتھلی طے کر رکھی ہے جسکی وجہ سے کسی بھی فیکٹری کے خلاف کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی جا رہی اچانک حادثہ کا شکار ہونیوالے ملازم کو چند ہزار تھما کر سفید کاغذوں پر انگوٹھے لگوا جاتے ہیں فیکٹری ملازمین نے احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ صنعتی اداروں کو کنٹری بیوشن ادا کرنے کا پابند کیا جائے تاکہ وہ اپنے علاج معالجہ کی سہولیات حاصل کر سکیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

چ بچوں کی ماں ہے اور مقتول کے والد نے گھریلو رنجش کی بنیاد پر ملزمہ کو جھوٹا ملوث کیا ہے، جبکہ بچوں کی کفالت کرنے والا بھی کوئی موجود نہیں۔ دوسری جانب مدعی کے وکیل نے عدالت میں مؤقف اپنایا کہ ملزمہ نے اپنے مبینہ آشنا علی اصغر کے ساتھ مل کر اپنے خاوند کو قتل کیا۔ مقدمہ 26 جنوری کو تھانہ علی پور چٹھہ ضلع وزیر آباد میں درج ہوا، اور اس کیس کا ٹرائل ماتحت عدالت میں جاری ہے۔ مدعی کے وکیل نے مزید کہا کہ ملزمہ کا وکیل ٹرائل میں پیش نہیں ہو رہا، اور خاتون سنگین جرم کی مرتکب ہے لہٰذا وہ کسی رعایت کی مستحق نہیں۔ فریقین کے دلائل سننے کے بعد عدالت نے شواہد کی عدم موجودگی، بچوں کی کفالت اور دیگر عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے ملزمہ فائزہ کی بعد از گرفتاری درخواست ضمانت منظور کر لی اور فوری رہائی کا حکم جاری کر

بقیہ بقیہ جات 41

ہے ہیں، وفاقی حکومت پر شدید دباؤ کے پیش نظر اس کی تشکیل نو ضروری ہے۔ انہوں نے پانی اور موسمیاتی خطرات سمیت دیگر اشاریے بھی منجمد کرنے کی سفارش کی۔ وفاقی وزیر احسن اقبال نے یہ سفارش ایسے وقت کی ہے جب 10 ویں قومی مالیاتی کمیشن 21 جولائی کو ختم ہو چکا، اور وزارت خزانہ نیا کمیشن تشکیل دے رہی ہے 11 ویں کمیشن کیلئے سندھ نے اسد سعید کو برقرار، بلوچستان نے جناب فرمان کو نامزد، جبکہ مشرف رسول سیاں خیبر پختونخوا کی دوبارہ نمائندگی، ناصر کھوسہ پنجاب کی نمائندگی کر سکتے ہیں۔ وزیر منصوبہ بندی نے وسائل کی تقسیم کیلئے محض آبادی کے بجائے ترقی پر مبنی نیا کثیر جہتی فارمولا تجویز کیا ہے۔ اس وقت صوبوں میں 82 فیصد وسائل کی تقسیم آبادی کی بنیاد پر ہے، جو بڑھتی آبادی پر قابو پانے کی کوششوں کے منافی اور آبادی بڑھا چڑھا کر پیش کرنے کا ذریعہ بن چکی ہے۔ وزیر منصوبہ بندی نے صوبائی محاصل کو ایک نیا معیار بنانے کی سفارش کرتے ہوئے کہا کہ صوبوں میں زیادہ ٹیکس جی ڈی پی تناسب اور مضبوط ڈیجیٹل ٹیکس انفرااسٹرکچر کے مطابق وسائل تقسیم کرنے کی ضرورت ہے، این ایف سی ایوارڈ میں شیئر پر بہت زیادہ انحصار کی وجہ صوبے مقامی ٹیکس بیس کو توسیع دینے سے گریزاں ہیں۔ انہوں نے جنگلات کا رقبہ بڑھانے، ان کی بحالی اور موسمیاتی موافقت کیلئے سرمایہ کاری، انسانی وسائل کی ترقی کے نتائج کے تحت بھی وسائل کی تقسیم کی جوڑنے کی سفارش کی جس میں تعلیم، صحت اور صنفی مساوات ترجیح ہوں، آبی خطرات اور پائیدار آبی انفرااسٹرکچر اور تجمعت میں سرمایہ کاری کو نیا معیار بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ 42.5 فیصد شیئر میں سے وفاقی حکومت کو سالانہ 150 ارب روپے سے زائد آزاد کشمیر، گلگت بلتستان، ضم اضلاع اور وفاقی علاقے پر خرچ کرنا پڑتے ہیں، یہ علاقے بھی صوبوں کی طرح قابل تقسیم پول میں اپنے حصے کے حق دار ہیں۔ اسی طرح بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کیلئے وفاقی حکومت 716 ارب مختص کرتی ہے، جبکہ 18 ویں ترمیم کے بعد سماجی تحفظ صوبوں کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاق کیلئے مناسب مالیاتی گنجائش کے بغیر سپیشل اکنامک زونز، ڈیجیٹل پاکستان، نیشنل گرڈ، ڈیمز، انسانی وسائل کی ترقی سمیت تمام اہم قومی اہمیت کے پروگراموں پر عمل درآمد مشکلات کا شکار رہے گی۔ آئین کے تحت نئے فارمولے پر پانچوں حکومت کا اتفاق رائے لازمی ہے، اگر حکومت بھی اختلاف کرتی ہے تو ایوارڈ میں تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔ ادھر کراچی میں ایک کانفرنس کے افتتاحی سیشن سے خطاب میں وزیر منصوبہ بندی نے کہا کہ تخلیقی صنعت اور ثقافتی معیشت صرف تفریح کے ذرائع نہیں، طاقت، شناخت اور معیشت کے تزویراتی وسائل بھی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

اشتہاری مجرمان، ڈاکوؤں، اغوا کاروں کی گرفتاری اور گمشدہ بچوں کی بازیابی کیلئے سی سی ڈی کی خدمات قابل قدر ہیں۔ آئی جی پنجاب نے مزید کہا کہ بڑے منشیات فروش، موٹر سائیکل چور گینگز کی گرفتاری کیلئے مزید اقدامات عمل میں لائے جائیں۔ ڈی آئی جی سی سی ڈی ایچ آر ایم عمر فاروق سلامت، ڈی آئی جی انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی سی سی ڈی وقاص الحسن، سی سی ڈی کے تمام آر اوز اور ڈی اوز سمیت سینئر افسران نے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ بقیہ جات 43

کہا کہ بلوچستان پاکستان کا اہم خطہ ہے۔ یہ مظلوموں خطہ ہے جہاں برسوں سے مظالم کیے جا رہے ہیں۔ ہم نے امن کا راستہ اختیار کیا حکومت ہمارا راستہ نہ روکے۔ ہمارا احتجاج پرامن ہے۔۔ حکومت مذاکرات کے ذریعے ہمارے مطالبات کو فوری منظور کرے۔ ملک کو آئین کے مطابق چلانا، لوگوں کے جانوں اور مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہوگا۔۔ پاکستان کے لوگوں کے دشمنوں کے ہاتھوں میں نہ دو۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا کوئی سیاسی مقصد نہیں بلکہ ہمارا ایجنڈا صرف اور صرف بلوچستان کے پسماندہ لوگوں کو ریلیف فراہم کرنا ہے۔ ہم پرامن اور جمہوریت پر یقین رکھنے والے لوگ ہیں، حکومت ہمارے پرامن احتجاج میں رکاوٹیں نہ ڈالے۔ ایران افغانستان کے بارڈر کی بندش سے 30 لاکھ افراد بے روزگار ہو چکے ہیں۔ بلوچستان میں سیاسی و معاشی معاملات میں عسکری مداخلت بند کی جائے، ہمیں آئینی حقوق دیے جائیں اور صوبے کے تمام فیصلے منتخب نمائندوں کو کرنے کا اختیار دیا جائے۔ محمد جاوید قصوری نے کہا کہ بلوچستان میں فوجی آپریشن فی الفور ختم کیا جائے، ایف سی کو بے دخل کیا جائے اور چیک پوسٹوں پر عوام کی تذلیل بند کی جائے۔ لاپتہ افراد کی بازیابی یقینی بنائی جائے اور مسخ شدہ لاشوں کے پھینکنے کا سلسلہ بند ہونا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ سیاسی آزادیوں پر پابندیوں کا خاتمہ اور ڈاکٹر ماہ رنگ، بیبرگ بلوچ، شاہ جی اور دیگر سیاسی کارکنوں کو رہا کیا

بقیہ بقیہ جات 44

ہمت اور قربانی کی ایسی مثال قائم کی جو ہماری سیاسی تاریخ میں ایک اہم مقام رکھتی ہے۔ مادر ملت فاطمہ جناح کا کیریئر جدوجہد آزادی کے دوران راہ نما سال تھا آج کی طالبات اور جابز کرنے والی خواتین کے لئے مادر ملت ایک رول ماڈل ہیں جن کی تقلید ان کو کامیابی سے ہمکنار کر سکتی ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ نے کہا کہ محترمہ فاطمہ جناح پاکستان کی تخلیق میں ایک اہم شخصیت تھیں تعلیم اور بااختیار بنانے اور خواتین کی آنے والی نسلوں کے لیے پاکستان کی ترقی میں بامعنی کردار ادا کرنے کی بنیاد رکھی ایوارڈ یافتگان نے بھی اس یونیورسٹی کی ترقی کیلئے غیر معمولی لگن اور محنت کا مظاہرہ کیا جس کو سراہا جانا چاہیے، وومن یونیورسٹی نے ایک روشن مثال قائم کی ہے کہ کس طرح ایک وفادار، حوصلہ افزائی اور قابل قدر افرادی قوت تیار کی جاتی ہے تقریب میں ایوارڈ حاصل کرنے والوں میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ پبلک ریلیشن افیسر مس انعم زہرا فرنٹی ایڈمن افیسر خرم شہزاد اسسٹنٹ خزانہ دار احمد فراز سعید، پرسنل سیکرٹری ساجد پرویز اسسٹنٹ خزانہ دار محمد اسلم پرلیس منیجر عامر وسیم سٹیٹ افیسر ہمایوں خورشید اسسٹنٹ رجسٹرار سارا ناصر ہاسٹل واڈر کوثر جانڈا ڈائریکٹر محمد اعظم ائی ٹی ڈپٹی رجسٹرار محمد عرفان حیدر ایڈمن اسسٹنٹ طلحہ سعید جونیئر کلرک قرۃ العین جونیئر کلرک سید فرقان حسین جونیئر کلرک محمد ابرار صدیقی کوچ مصدق حنیف محمد اعظم اسسٹنٹ انجینئر سفیر حیدر اسسٹنٹ کنٹرولر اصغر علی اسسٹنٹ ڈائریکٹر جونیئر کلر حبیب الرحمٰن کیمرہ مین عدنان انتظار اسسٹنٹ رجسٹرار طاہرہ سعید بودلہ، ڈرائیور وی سی شہباز احمد اسسٹنٹ رجسٹرار ابے نظیر پیٹر چیف انجینئر اسد علی بھٹہ ڈپٹی ڈائریکٹر ائی ٹی عاطف رضا زیدی اسسٹنٹ ڈی ایس اے محمد رضوان صدیقی سینئر کمپیوٹر اپریٹر رجسٹرار افس رابعہ نورین چیک رائٹر ارسلان سلطان ڈپٹی رجسٹرار ڈاکٹر محمد کامران بھٹہ، اسسٹنٹ ٹریژرر زہرا رفیق وائس چانسلر افس اسسٹنٹ شعیب طاہر شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 45

قانونی اور انتظامی مقدمات میں تیزی اور شفافیت کے لیے محکمہ پراسیکیوشن اور اوورسیز کمیشن کے درمیان باہمی روابط کو مزید مؤثر بنایا جائے گا۔ پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد شاہ نے کہا کہ ہر ضلع میں پراسیکیوٹر آفس کو اوورسیز سیل سے منسلک کیا جائے گا تاکہ اوورسیز پاکستانیوں کے مقدمات کی نگرانی اور پیروی بہتر انداز میں ہو سکے۔ اس مقصد کے لیے جلد باقاعدہ ایس او پیز تشکیل دی جائیں گی تاکہ ہر ادارہ اپنی ذمہ داریاں واضح طور پر ادا کر سکے۔

بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
صاحب نائب تحصیلدار/ریونیو آفیسر
حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 6 ایم۔ ایل

متوفی محمد ریاض ولد منظور حسین

وارثان منظور حسین والد، فاطمہ بی بی والدہ پہلے فوت شدہ

زندہ ممتاز بی بی بیوہ، منیر سلطان، حیدر سلطان، زین عباس، تعلین عباس، آریان عباس، شہریار عباس پسران، ام بتول دختر متوفی ہیں۔ ان کے علاوہ اگر کوئی حق وراثت رکھتا ہے۔ تو سات یوم کے اندر زیر دستخطی کے روبرو پیش ہو کر وضاحت کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ دستخط مجاز و مہر عدالت سے جاری ہوا

بعدالت جناب ADLR
صاحب/ریونیو آفیسر حلقہ دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت غلام حسین (متوفی) ولد محمد حسین قوم آرائیں ساکن چک نمبر D/19 تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہرگاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع D/19 تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیے گئے ہیں۔ غلام حسین (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پا چکا ہے۔ متوفی کے والدین قبل ازیں ہی وفات پا چکے ہیں۔ جس کے دیگر وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ فدا حسین، صدا حسین، غلام قمر، سجاد حسین (پسران)، کبراں بی بی، غلام فاطمہ (دختران) غلام حسین (متوفی) اقوام آرائیں ساکن چک نمبر D/19 تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت غلام حسین (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور و تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

ملکی ترقی کیلئے سپیس ٹیکنالوجی میں خود انحصاری ناگزیر ہے
احسن اقبال

احسن اقبال کی این ایف سی ایوارڈ کی تشکیل نو، آبادی 24.15 کروڑ تک منجمد کرنے کی سفارش

آئین کے تحت نئے فارمولے پر پانچوں حکومت کا اتفاق رائے لازمی ہے، وفاقی وزیر منصوبہ بندی

اسلام آباد (خبر نگار) وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے 15 سال پرانے قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ کی تشکیل نو اور وفاقی اکائیوں میں فنڈز کی تقسیم کیلئے آبادی 24.15 کروڑ تک منجمد کرنے کی سفارش کردی۔ اپنی سفارشات میں انہوں نے وزیراعظم شہباز شریف پر زور دیا کہ قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ جس کی آئینی مدت 5 سال تھی، تاحال فعال اور نئے فارمولے پر مرکز اور صوبوں میں عدم اتفاق کے باعث صدر مملکت اس ایوارڈ کو ہر سال توسیع دے رہے ہیں، وفاقی حکومت پر شدید دباؤ کے پیش نظر اس کی تشکیل نو ضروری ہے۔ انہوں نے پانی اور موسمیاتی خطرات سمیت دیگر اشاریے بھی منجمد کرنے کی سفارش (بقیہ نمبر41)

سنگین جرائم کے مرتکب کریمنلز کا سدباب کر رہے ہیں، آئی جی پنجاب

ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت اجلاس، کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کا جائزہ، ایڈیشنل آئی جی سہیل ظفر چٹھہ کی سی سی ڈی کی کارکردگی بارے بریفنگ

ڈی آئی جی سی سی ڈی ایچ آر ایم عمر فاروق سلامت، ڈی آئی جی انٹرنل اکاؤنٹیبلٹی سی سی ڈی وقاص الحسن، سی سی ڈی کے تمام آر اوز اور ڈی اوز سمیت سینئر افسران کی شرکت

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر صدارت کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے سنٹرل پولیس آفس میں اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر ایڈیشنل آئی جی سہیل ظفر چٹھہ نے سی سی ڈی کی کارکردگی بارے بریفنگ دی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سنگین جرائم کی سرکوبی کے لئے سی سی ڈی کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انھوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق سنگین جرائم کے مرتکب کریمنلز کا سدباب کر رہے ہیں۔ سی سی ڈی ضلعی پولیس سے موثر کوارڈینیشن اور حکمت عملی سے بہترین نتائج دے رہا ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ (بقیہ نمبر 42)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کی کارکردگی بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

MEDIA CENTRE
DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS
GOVTOFP
DGPR

لاہور: ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب غلام صغیر شاہد سے سرگودھا پریس کلب کا وفد صدر عبدالحسان چوہدری کی قیادت میں ملاقات کر رہا ہے

کراچی میں گوجرانوالہ کے جوڑے کا قتل، مقتولہ کا بھائی قتل میں ملوث نکلا

وقاص کا رشتہ دار عاصم اور اس کا دوست عمران بھی قتل میں ملوث ہے، اعتراف جرم کر لیا

کراچی (این این آئی) کراچی میں گوجرانوالہ کے مقتول جوڑے کے قتل کیس میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، مقتولہ کا بھائی وقاص ہی بہن اور بہنوئی کے قتل میں کا رشتہ دار عاصم اور اس کا دوست عمران بھی قتل میں ملوث ہے۔ ملزم وقاص کا کہنا ہے کہ عاصم اور عمران مقتولہ ثناء اور ساجد کے پیچھے کراچی گئے

پروفیسر ڈاکٹر رخسانہ افتخار پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ ہسٹری اور پاکستان سٹڈیز کی پہلی خاتون چیئر پرسن مقرر

ڈاکٹر رخسانہ افتخار نے پی ایچ ڈی پنجاب یونیورسٹی سے جبکہ پوسٹ ڈاکٹریٹ رائل ہالوے کالج یونیورسٹی آف لندن سے مکمل کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پروفیسر ڈاکٹر رخسانہ افتخار کو پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ ہسٹری اور پاکستان سٹڈیز کی پہلی خاتون چیئر پرسن مقرر کر دیا گیا ہے۔ وہ ملک کی ممتاز ماہر تاریخ اور محققہ کے طور پر جانی جاتی ہیں۔ ڈاکٹر رخسانہ افتخار نے پی ایچ ڈی پنجاب یونیورسٹی سے جبکہ پوسٹ ڈاکٹریٹ رائل ہالوے کالج یونیورسٹی آف لندن سے مکمل کیا۔ ان کا تعلیمی کیریئر ہمیشہ شاندار رہا اور انہوں نے ایم اے میں گولڈ میڈل حاصل کیا۔ وہ اب تک چالیس سے زائد تحقیقی مضامین بین الاقوامی جرائد میں شائع کر چکی ہیں۔ ان کی دو معروف کتب، "انڈین فیمنزم: کلاس، جنس اور شناخت" اور دوسری "جہان آرا: مغل شہزادی" کو علمی حلقوں میں بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ ڈاکٹر رخسانہ نے آٹھ مختلف ممالک میں اپنے تحقیقی مقالے پیش کیے اور پاکستان کی نمائندگی کی، ان کی سربراہی میں ترکی اور ازبکستان کے ساتھ مشترکہ تحقیقی منصوبے بھی مکمل ہوئے۔ وہ چین کی چنگھائی یونیورسٹی اور ازبکستان کی علی شیر نوائی یونیورسٹی میں تدریسی خدمات بھی سرانجام دے چکی ہیں اور علمی میدان میں پاکستان کا نام روشن کر رہی ہیں۔

این ایف سی متاثرین کا اوپن الیکشن کے حق میں سیکریٹری کوآپریٹو آفس کے باہر احتجاج

2 ارب کے فنڈز خرچ ہونے کے باوجود فیز 2 میں ترقیاتی کام نہیں، سوسائٹی کھنڈرات کا منظر پیش کر رہی ہے

20 سال سے سوسائٹی پر چند افراد کے قبضے کا الزام، مظاہرین نے اعلیٰ حکام سے شفاف انتخابات کا مطالبہ کر دیا

لاہور (زیڈ این این) این ایف سی کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی فیز ٹو کے متاثرین کی جانب سے سیکریٹری کوآپریٹو آفس کے باہر اوپن الیکشن کے مطالبے پر پرامن احتجاج کیا گیا۔ مظاہرے میں درجنوں افراد نے شرکت کی، جنہوں نے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر شفاف انتخابات کے حق میں نعرے درج تھے۔ مظاہرین نے مؤقف اختیار کیا کہ سوسائٹی میں تقریباً 92 فیصد ممبران نان-این ایف سی ہیں، اس لیے کلوز الیکشن کسی صورت قبول نہیں کیے جائیں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ اوپن اور شفاف الیکشن ہی جمہوری عمل کو یقینی بنا سکتے ہیں تاکہ حقیقی نمائندے مینجمنٹ سنبھال سکیں۔ مظاہرین نے الزام لگایا کہ این ایف سی ادارہ خود سوسائٹی سے لاتعلق ہو چکا ہے جبکہ چند ریٹائرڈ ملازمین گزشتہ 20 سال سے سوسائٹی پر قابض ہیں اور ترقیاتی کاموں کے لیے مختص تقریباً 2 ارب روپے کے فنڈز خرچ ہو چکے ہیں لیکن فیز 2 کھنڈرات کا منظر پیش کر رہا ہے۔ درجنوں ممبران اپنی چھت کی امید لیے دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں۔

لاہور: سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، ایوان اوقاف میں منعقدہ ڈیپارٹمنٹل ڈویلپمنٹ سب کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کراچی، پاپوش نگر تھانے سے ملزم کا دوران فرار ہلاکت کا معاملہ، دو اہلکاروں پر مقدمہ درج

سنتری اظہار الحق اور اہلکار خادم حسین نے ملزم کا تعاقب کیا اور اسے ریلوے پل کے قریب پکڑا

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے پاپوش نگر تھانے سے فرار ہونے کی کوشش کے دوران پولیس کی فائرنگ سے ہلاک ہونے والے ملزم عباس کے واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمہ تھانہ پاپوش نگر میں سرکاری مدعیت میں درج کیا گیا، جس میں اہلکاروں کی غفلت، ملزم کے فرار (بقیہ نمبر 32)

پاپوش نگر تھانے سے ملزم کا دوران فرار ہلاکت کا معاملہ، دو اہلکاروں پر مقدمہ درج

سنتری اظہار الحق اور اہلکار خادم حسین نے ملزم کا تعاقب کیا اور اسے ریلوے پل کے قریب پکڑا

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے پاپوش نگر تھانے سے فرار ہونے کی کوشش کے دوران پولیس کی فائرنگ سے ہلاک ہونے والے ملزم عباس کے واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مقدمہ تھانہ پاپوش نگر میں سرکاری مدعیت میں درج کیا گیا، جس میں اہلکاروں کی غفلت، ملزم کے فرار (بقیہ نمبر 33)

POLICE
ANTI RIOT FORCE

لاہور: پولیس اہلکار پریس کلب کے باہر جماعت اسلامی کے دھرنے میں شرکت کے لئے آنے والوں کی تلاشی لے رہا ہے

لاہور میں فوڈ اتھارٹی کی بڑی کارروائی، 10 ہزار کلو مضر صحت گوشت برآمد

بکر منڈی کے کولڈ اسٹور سے ایکسپائر، تعفن زدہ گوشت ضبط، چار افراد گرفتار، مقدمہ درج

لاہور (زیڈاین این) ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی عاصم جاوید نے رات گئے ٹیموں کے ہمراہ بکر منڈی لاہور میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے 10 ہزار کلوگرام زائد المیعاد اور مضر صحت گوشت برآمد کر لیا۔ ضبط شدہ سارا گوشت موقع پر ہی تلف کر دیا گیا جبکہ چار افراد کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ ڈی جی فوڈ اتھارٹی کے مطابق کارروائی بکر منڈی میں قائم ایک کولڈ سٹور پر کی گئی جہاں درجہ حرارت مقررہ حد سے کم تھا اور ناقص صورتحال میں ایکسپائر گوشت ذخیرہ کیا گیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ گوشت کی رنگت نیلی اور کالی ہو چکی تھی، جبکہ کولڈ سٹور میں شدید تعفن، حشرات اور جانوروں کی بھرمار بھی پائی گئی۔ صفائی ستھرائی کے انتہائی ناقص انتظامات وہاں دیکھنے میں آئے۔ عاصم جاوید نے انکشاف کیا کہ یہ گوشت بیمار اور مردہ جانوروں سے حاصل کیا گیا تھا۔

وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر گوجرانوالہ میں ریسلنگ سپورٹس کمپلیکس کی افتتاحی تقریب کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

کینیڈا کے سابق وزیراعظم کی امریکی
گلوکارہ کے ساتھ ڈیٹ کی افواہیں،
تصویر منظر عام پر آ گئیں

اوٹاوا (این این آئی) کینیڈا کے سابق وزیراعظم جسٹن ٹروڈو اور امریکی گلوکارہ کیٹی پیری کے ایک دوسرے کو ڈیٹ کرنے کی افواہیں گردش کر رہی ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق کینیڈین شہر مونٹریال کے ایک پرتعیش ریسٹورینٹ میں سابق وزیراعظم جسٹن ٹروڈو اور امریکی گلوکارہ کیٹی پیری کو ایک ساتھ کھانا کھاتے دیکھ کر افواہوں نے زور پکڑا۔ امریکی میڈیا کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے۔

کیلی فورنیا: امریکی بحریہ کا ایف
35 لڑاکا طیارہ گر کر تباہ

کیلی فورنیا (این این آئی) امریکی ریاست کیلی فورنیا میں امریکی بحریہ کا ایف 35 لڑاکا طیارہ گر کر تباہ ہوگیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق امریکی بحریہ کی جانب سے جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا کہ امریکی طیارے کو حادثہ سینٹرل کیلیفورنیا کے لیمور نیول ایئر اسٹیشن پر پیش آیا۔ گرنے والے لڑاکا طیارے کا پائلٹ بحفاظت باہر نکلنے میں کامیاب رہا۔ گرنے والے ایف 35 کی قیمت 10 کروڑ ڈالر ہے اور دنیا کے 17 ممالک میں زیر استعمال ہے۔ یہ ایف 35 کا اس سال ہونے والا دوسرا حادثہ ہے، اس سے قبل امریکی فضائیہ کا ایک ایف 35 ایلسن ایئر فورس بیس پر گر کر تباہ ہو گیا تھا۔

اسرائیلی فنکاروں اور دانشوروں کا عالمی
برادری سے نیتن یاہو حکومت پر سخت
پابندیاں لگانے کا مطالبہ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فنکاروں اور دانشوروں نے اپنی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے عالمی برادری سے اسرائیل پر سخت پابندیاں لگانے کا مطالبہ کر دیا۔ غزہ میں ہونے والے ظلم پر اب اسرائیلی فنکار اور دانشور بھی سامنے آ گئے ہیں اور انہوں نے اپنی ہی حکومت کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔

کراچی، گلشن معمار میں کمسن لڑکا سری
ں گولی لگنے سے جاں بحق

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں گلشن معمار کے علاقے محمد پور سوسائٹی میں فائرنگ سے 8 سالہ محمد رضا سر پر گولی لگنے سے جاں بحق ہوگیا، جس کی لاش ضابطے کی کارروائی کے لیے عباسی شہید اسپتال لیجائی گئی۔ گلشن معمار پولیس کا کہنا ہے کہ واقعہ ذاتی رنجش کی بنا پر نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے پیش آیا ہے۔ جبکہ علاقے سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق بچے کو مبینہ طور پر اغوا کرنے کے دوران شور مچانے پر گولی مارنے کا بتایا جا رہا ہے۔

کراچی، فیڈرل بی ایریا کی رہائشی
عمارت کے فلیٹ سے خاتون کی
پھندا لگی لاش برآمد

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں جوہر آباد کے علاقے فیڈرل بی ایریا بلاک 7 کریم پلازہ فیز تھری فلیٹ سے خاتون کی گلے میں پھندا لگی لاش ملی جو کہ 2 بچوں کی ماں تھی۔ ایس ایچ او جوہر آباد راشد الرحمٰن نے بتایا کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر کرائم سین یونٹ کو طلب کر کے شواہد حاصل کرنے کے بعد متوفیہ 37 سالہ سائرہ سحر کی لاش عباسی شہید اسپتال پہنچائی۔

کراچی میں جوڑے کے قتل میں بڑی
پیش، مقتولہ کا بھائی ہی ملوث نکلا

کراچی (این این آئی) گوجرانوالہ کے رہائشی جوڑے کی کراچی سے لاشیں ملنے کے واقعے میں بڑی پیش رفت سامنے آئی ہے جب کہ مقتولہ ثنا کا بھائی وقاص ہی قتل میں ملوث نکلا ہے۔ پولیس ذرائع نے کہا کہ وقاص کا رشتہ دار عاصم اور اس کا دوست عمران بھی واردات میں ملوث ہیں، زیر حراست وقاص نے اعتراف جرم کر لیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق وقاص نے بیان دیا کہ عاصم اور عمران مقتولہ ثنا اور ساجد کے پیچھے کراچی گئے۔

حکومت بلوچستان کے لوگوں کے مسائل کو فوری حل کرے: محمد جاوید قصوری

مولانا ہدایت الرحمان بلوچستان کے عوام کے حقوق کی بات کر رہے ہیں، جماعت اسلامی پنجاب وسطی

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ مولانا ہدایت الرحمان کی قیادت میں لانگ مارچ کے شرکا لاہور پریس کلب کے باہر دھرنا دے رہے ہیں، حکومت مذاکراتی عمل کو تیز کرے، مولانا ہدایت الرحمان بلوچستان کے عوام کے لئے وفاق سے حقوق کی بات کر رہے ہیں، ان کا کوئی ذاتی ایجنڈا نہیں بلکہ بلوچستان کے لوگوں کو درپیش مشکلات کا حل چاہتے ہیں۔ پنجاب کے 12 کروڑ عوام اپنے بلوچی بھائیوں کے ساتھ کھڑے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پریس کلب کے باہر حق دو بلوچستان کو کے دھرنے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے (بقیہ نمبر43)

ویمن یونیورسٹی میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے آفیسرز کو مادر ملت فاطمہ جناح ایواڑ سے نوازا گیا

31st July Birth Annivers
Madr-e-Millat Fatima
NCE &

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالے آفیسرز کو مادر ملت فاطمہ جناح ایواڑ سے نوازا گیا ترجمان کے مطابق ویمن یونیورسٹی ملتان میں سماجی تنظیم ینگ پاکستانز آرگنائزیشن ملتان کے اشتراک سے مادر ملت فاطمہ جناح ایوارڈ کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر کلثوم پراچہ نے کی جس میں سینئر پروفیسر حمید رضا صدیقی، شاکر حسین شاکر، رجسٹرار ملکہ رانی نے خصوصی شرکت کی اس موقع پر مقررین کا کہنا تھا کہ محترمہ فاطمہ جناح نے جدوجہد، (بقیہ نمبر44)

فن لینڈ پارک کیس، عدالت نے ڈی سی فیصل آباد سے 6 اگست تک جواب طلب

جھولے سے بچی کی ہلاکت کے بعد سیل پارک کو کھولنے کی درخواست پر لاہور ہائیکورٹ کا نوٹس

لاہور (زیڈاین این) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس خالد اسحاق نے فیصل آباد میں 12 سالہ بچی کی جھولے سے گر کر ہلاکت کے بعد سیل کیے گئے "فن لینڈ" پارک کو دوبارہ کھولنے کی درخواست پر سماعت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر فیصل آباد سے 6 اگست تک جواب طلب کر لیا ہے۔ درخواست گزار نے عدالت میں مؤقف اپنایا کہ بچی کی ہلاکت کے بعد پارک کو بند کر دیا گیا تھا، مگر اب یو آئی ٹی کی رپورٹ کے مطابق جھولے محفوظ قرار دیے جا چکے ہیں اور جھولوں کے لیے ماہر و تربیت یافتہ عملہ بھی تعینات کر دیا گیا ہے۔ مزید کہا گیا کہ ہلاک ہونے والی بچی کے والدین کو مالی معاوضہ بھی ادا کیا جا چکا ہے۔

خاتون کو ہراساں کرنے پر کے الیکٹرک کے سی ای او کو عہدے سے ہٹانے کا حکم، 25 لاکھ جرمانہ

جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں جائیداد ضبط، شناختی کارڈ اور پاسپورٹ بلاک کر دیا جائے، صوبائی محتسب اعلیٰ

کراچی (این این آئی) کے الیکٹرک کے سی ای او مونس علوی کو سزا سنا دی گئی، جس کے مطابق انہیں عہدے سے ہٹانے کا حکم دیا گیا ہے اور ساتھ ہی 25 لاکھ روپے کا جرمانہ بھی عائد کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق صوبائی محتسب اعلیٰ نے سی ای او کے الیکٹرک مونس علوی کو سزا سنادی۔ صوبائی محتسب اعلیٰ نے سی ای او کے الیکٹرک کو عہدے سے ہٹانے کا حکم دیدیا اور ان پر 25 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کر دیا۔

بانی کشمیر سردار ابراہیم خان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں: مشعال ملک

قرارداد الحاق پاکستان کے معمار کو قوم کا سلام، پونچھ بغاوت کے ہیرو، سردار ابراہیم نے آزادی کشمیر کا سفر شروع کیا، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ بانی کشمیر سردار ابراہیم خان کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں۔ سردار ابراہیم خان کی برسی پر اپنے بیان میں مشعال ملک کا کہنا تھا کہ قرارداد الحاق پاکستان کے معمار کو قوم کا سلام، پونچھ بغاوت کے ہیرو، سردار ابراہیم نے آزادی کشمیر کا سفر شروع کیا، سردار ابراہیم خان آزاد کشمیر کے پہلے صدر، تحریک آزادی کا ہراول دستہ، غازی ملت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کی آزادی کا ہر ورق سردار ابراہیم کی قربانیوں سے روشن ہے، غازی ملت کا خواب مکمل آزاد کشمیر تھا۔ مشعال ملک کا کہنا تھا 31 جولائی کشمیری قوم کے عظیم سپوت کی یاد میں ہر سر جھکتا ہے، سردار ابراہیم خان وہ چراغ جو آج بھی مشعل راہ ہے۔

پنجاب میں چینی کی گراں فروشی پر کریک ڈاؤن، 123 افراد گرفتار، مقدمات درج

24 گھنٹوں میں 1344 کارروائیاں، لاہور، فیصل آباد، راولپنڈی، گوجرانوالہ میں درجنوں افراد کو جرمانے

ناجائز منافع خوری سے اجتناب کریں، مقررہ نرخوں پر عمل یقینی بنائیں، ترجمان پرائس کنٹرول کی عوام سے اپیل

لاہور (زیڈاین این) پنجاب میں چینی کے مقرر کردہ نرخوں پر عملدرآمد نہ کرنے والے گراں فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ترجمان پرائس کنٹرول کے مطابق، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے بھر میں چینی کی قیمتوں میں ناجائز منافع خوری پر 1344 دکانداروں کے خلاف کارروائی کی گئی، جس کے نتیجے میں 123 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ 11 کے خلاف مقدمات بھی درج کیے گئے۔

لاہور: وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد علی پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں نے سوفٹ ویر کوہاٹیگر۔عدلائبریری مینجمنٹ سسٹم کا افتتاح کر رہے ہیں

لاہور میں سبزیوں اور پھلوں کی قیمتیں برقرار، ٹماٹر، ادرک اور لہسن بدستور مہنگے

سبزی منڈیوں میں ٹماٹر 240، ادرک 500 اور لہسن 440 روپے فی کلو پر فروخت، شملہ مرچ کی قیمت 335 روپے رہی

لاہور (زیڈاین این) جاری کیے گئے سرکاری نرخ نامے کے مطابق سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں کوئی خاص کمی دیکھنے میں نہیں آئی، جبکہ ٹماٹر، ادرک، اور لہسن بدستور مہنگے داموں فروخت ہو رہے ہیں۔ سبزیوں میں ٹماٹر 240، ادرک 500 اور لہسن 440 روپے فی کلو کے نرخ پر دستیاب ہے، جبکہ شملہ مرچ 335، کریلا 260، سبز مرچ 120 اور پیاز 220 روپے فی کلو فروخت ہو رہی ہے۔ دیگر سبزیوں میں گھیا کدو 55، آلو 35، مولی 25، مٹر 110، پالک 40، بینگن 80، اور بند گوبھی 21 روپے فی کلو قیمت پر دستیاب ہے۔ پھلوں کے نرخوں میں بھی کوئی واضح کمی نہیں آئی۔ کھجور 190 اور 270 روپے، سیب کالا پہاڑی 245 روپے فی کلو، کیلا 110 روپے درجن، پپیتا 220، چیکو 160، انگور (بقیہ نمبر 34)

ڈالر اور یورو کی قدر میں معمولی کمی، کرنسی مارکیٹ میں ملا جلا رجحان

امریکی ڈالر 282.95 خرید اور 283.45 فروخت پر برقرار، یورو اور پاؤنڈ میں معمولی ردوبدل

کویتی دینار 926.4 روپے میں خرید اور 928.04 روپے میں فروخت، چینی یوان بھی مستحکم

لاہور (زیڈاین این) جاری کردہ کرنسی مارکیٹ کے تازہ ترین نرخوں کے مطابق امریکی ڈالر، یورو اور دیگر غیر ملکی کرنسیوں کی قیمتوں میں معمولی اتار چڑھاؤ دیکھنے میں آیا ہے۔ مارکیٹ ذرائع (بقیہ 35)

پی ٹی آئی رہنما اکمل باری نے پولیس کی ہراسانی ہائیکورٹ میں چیلنج کر دی

اکمل خان باری نے پولیس کے ہراساں کرنے کے اقدام کے خلاف لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا

لاہور (زیڈاین این) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اکمل خان باری نے پولیس کی جانب سے مبینہ ہراسانی کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی ہے۔ درخواست میں مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ بانی چیئرمین پی ٹی آئی کی جانب سے 5 اگست کو احتجاج کی کال دی گئی ہے، تاہم درخواست گزار سمیت دیگر پارٹی کارکنوں کو بلاجواز ہراساں کیا جا رہا ہے۔ اکمل خان باری (بقیہ نمبر36)

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

امریکی ٹیرف کے بعد بھارتی اسٹاک
مارکیٹ شدید گراوٹ کا شکار

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کی جانب سے بھارت پر 25 فیصد ٹیرف عائد کرنے کے اعلان کے بعد بھارت میں بھونچال آ گیا، بھارتی شیئر مارکیٹ شدید گراوٹ کا شکار ہوگئی۔ اسٹاک مارکیٹ میں مندی سے بھارتی سرمایہ کاروں کے اربوں روپے ڈوب گئے، موجودہ معاشی صورتحال پر بھارتی سرمایہ کار سر پکڑ کر بیٹھ گئے۔ شیئر مارکیٹ کے 16 بڑے سیکٹرز میں سے 14 سیکٹرز کو نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے۔

بھارت، روڈ پر سالگرہ مناتے نوجوان
کا چھریوں کے وار سے بہیمانہ قتل

نئی دہلی (این ای آئی) بھارتی دارالحکومت نئی دہلی کے علاقے فرید آباد میں ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں روڈ پر جھگڑے کے دوران ایک نوجوان کو چھ افراد نے چھریوں کے وار سے قتل کر دیا، مقتول جلد ہی شادی کے بندھن میں بندھنے والا تھا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق پولیس کا بتانا تھا کہ وکاس اپنے دوست کے ہمراہ اپنی گاڑی میں موجود تھا اور سالگرہ منا رہا تھا، اسی دوران ایک موٹر سائیکل سواران کی گاڑی سے ٹکرا گیا۔

بیرسٹر امجد ملک کا پراسیکیوٹر جنرل پنجاب کے دفتر کا دورہ

بیرون ملک مقیم پاکستانی ہمارے ملک کے حقیقی سفیر ہیں، وائس چیئرمین اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب کی گفتگو

اوورسیز پاکستانیوں کے مقدمات کی مؤثر پیروی کیلئے اوورسیز کمیشن اور پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ میں تعاون پر اتفاق

لاہور (خبر نگار) اوورسیز پاکستانی کمیشن پنجاب کے وائس چیئرمین بیرسٹر امجد ملک نے پراسیکیوٹر جنرل آفس کا دورہ کیا جہاں انہیں پراسیکیوٹر جنرل پنجاب سید فرہاد علی شاہ نے خوش آمدید کہا۔ اس اہم ملاقات میں اوورسیز پاکستانیوں کے قانونی مسائل، ادارہ جاتی روابط اور مقدمات کی پیروی پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ بیرسٹر امجد ملک نے کہا کہ بیرون ملک مقیم پاکستانی ہمارے ملک کے حقیقی سفیر ہیں اور ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کے مسائل کا مؤثر حل ریاستی اداروں کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے اس امر پر اتفاق کیا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے فوجداری، (بقیہ نمبر 45)

HUD & PHE
DEPARTMENT

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین، صاف پانی اتھارٹی کے تحت نئے بننے والے فلٹریشن پلانٹس بارے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔ (فوٹو این این آئی)

لاہور کے سکولوں میں تعلیمی سرگرمیوں کا باقاعدہ آغاز 18 اگست سے ہوگا

14 اگست کو صرف یوم آزادی کی تقریبات کیلئے سکول کھولے جائیں گے، تدریسی عمل 18 اگست سے شروع ہوگا

لاہور (زیڈاین این) گرمیوں کی تعطیلات کے بعد لاہور کے تمام سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں تدریسی سرگرمیوں کا باقاعدہ آغاز 18 اگست بروز پیر سے ہوگا۔ محکمہ سکول ایجوکیشن پنجاب کے مطابق 14 اگست کو تعلیمی ادارے صرف یوم آزادی کی تقریبات کے انعقاد کے لیے کھولے جائیں گے، جبکہ پندرہ اگست کو چہلم حضرت امام حسینؓ اور داتا دربار کے سالانہ عرس کے موقع پر عام تعطیل ہوگی۔ اس کے بعد 16 اور 17 اگست کو ہفتہ اور اتوار کی معمول کی تعطیلات ہوں گی، جس کے باعث تعلیمی اداروں میں باقاعدہ تدریسی عمل پیر 18 اگست سے شروع کیا جائے گا۔ محکمہ تعلیم کے نوٹیفکیشن کے مطابق 14 اگست سے قبل کسی تعلیمی ادارے کو کھولنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ حکام کے مطابق چھٹیوں کے بعد سکولوں کے اوقات کار صبح 30:7 سے دوپہر 30:1 تک مقرر کیے گئے ہیں۔

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب خضر افضال چودھری جشن آزادی فیملی فن ریس کی تیاریوں کے حوالے سے نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ میں دل دہلا دینے والا واقعہ، دو کمسن بچیوں کی بوری بند لاشیں برآمد

دلخراش واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و غصے کی لہر دوڑ گئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ کے علاقے سریاب میں قمبرانی روڈ کے قریب کلی بنگلزئی سے دو کمسن بچیوں کی بوری بند لاشیں برآمد ہوئیں، جنہیں سفاکی سے سانس بند کر کے قتل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتولہ بچیوں کی شناخت 3 سالہ بی بی میرب اور 7 سالہ بی (بقیہ نمبر 38)

فرنٹیئر کانسٹیبلری کے نام کی تبدیلی پر کمانڈنٹ فیڈرل کانسٹیبلری کا بیان سامنے آ گیا

فرنٹیئر کانسٹیبلری کا نام تبدیل کر کے خیبر پختونخوا کا حق چھیننے کی باتوں میں کوئی صداقت نہیں، محمد ریاض نذیر گاڑا

اسلام آباد (این این آئی) کمانڈنٹ فیڈرل کانسٹیبلری محمد ریاض نذیر گاڑا نے کہا ہے کہ فرنٹیئر کانسٹیبلری کا نام تبدیل کر کے خیبر پختونخوا کا حق چھیننے کی باتوں میں کوئی صداقت نہیں۔ نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانسٹیبلری طویل عرصے سے وفاقی وزارت داخلہ (بقیہ نمبر 37)

لاہور: پنجاب کے پراسیکیوٹر جنرل سید فرہاد شاہ اوورسیز پاکستانیز کمیشن کے وائس چیئر پرسن بیرسٹر امجد ملک کو اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں

کراچی ٹریفک حادثات میں خاتون
اور کم عمر لڑکے سمیت تین جاں بحق

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں ٹریفک حادثات میں خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق جبکہ 3 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق گڈاپ سٹی کے علاقے سپر ہائی وے پر ٹریفک حادثے میں بیوی جاں بحق جبکہ شوہر زخمی ہوگیا، متوفیہ کی لاش ایدھی کے رضا کاروں نے ضابطے کی کارروائی کے لیے عباسی شہید اسپتال پہنچائی جہاں اس کی شناخت 45 سالہ بے نظیر کے نام سے ہوئی جبکہ اس کے زخمی شوہر 50 سالہ علی شیر طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے۔ ایس ایچ او گڈاپ سٹی سرفراز نے بتایا کہ دونوں میاں بیوی موٹر سائیکل پر سوار تھے جبکہ حادثہ تیز رفتار کار کی ٹکر سے پیش آیا تھا جسے پولیس نے قبضے میں لے لیا ہے۔

کراچی، مبینہ مقابلے میں دو ڈا
کو زخمی حالت میں گرفتار

کراچی (این این آئی) عوامی کالونی پولیس نے باغ کورنگی جنگل شاہ مزار کے قریب مبینہ مقابلے میں دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کر لیے۔ پولیس کے مطابق ڈاکوؤں کی شناخت 30 سالہ فاروق اور 25 سالہ شاہد کے نام سے کی گئی جبکہ دونوں ڈاکوؤں کو ٹانگوں پر گولیاں لگی تھیں۔ پولیس نے ڈاکوؤں کے قبضے سے دو پستول اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے جبکہ دونوں زخمی ڈاکوؤں کو طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

پیسی افسران کی ملی بھگت سے صنعتی اداروں کا کروڑوں روپے کنٹری بیوشن چوری ہونے لگا

پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن کے افسران کی غفلت سے لاکھوں روپے ماہانہ کنٹری بیوشن چوری ہونے کا انکشاف

بااثر فیکٹری مالکان بوگس انرولمنٹ لسٹیں بنا کر سرکاری خزانے کو چونا لگا رہے ہیں مزدوروں کو علاج معالجے کیلئے مشکلات کا سامنا

رائے ونڈ (این این آئی) پیسی افسران کی ملی بھگت سے صنعتی اداروں کا کروڑوں روپے کنٹری بیوشن چوری ہونے لگا، غریب ملازمین علاج معالجے کیلئے رل گئے، پنجاب ایمپلائز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن کے افسران کی غفلت سے لاکھوں روپے ماہانہ کنٹری بیوشن چوری ہونے کا انکشاف ہوا ہے، بااثر فیکٹری مالکان بوگس انرولمنٹ لسٹیں بنا کر سرکاری خزانے کو چونا لگا رہے ہیں، مزدوروں کو علاج معالجے کیلئے مشکلات کا سامنا۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 39)

لاہور: ثقافتی ورثے کی شکل میں بائیکرز افغانستان، تاجکستان اور ازبکستان کے لئے روانہ ہو رہے ہیں